باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ

صفحات 8

جلد نمبر 36 | بروز جمعہ 20 فروری 2026ء/2 رمضان المبارک 1447ھ/ قیمت 12 روپے | شمارہ نمبر 51

WWW.Dailysahafatquetta.com

حماس کو غیر مسلح کرنے میں شامل نہیں ہونگے، دفتر خارجہ

بورڈ آف پیس سے امیدیں وابستہ ہیں جس سے غزہ کی صورتحال بہتر ہوگی، پاکستان کسی گروپ یا تنظیم کے خلاف کسی فیصلے کا حصہ نہیں ہے، امید ہے کہ غزہ بورڈ آف پیس غزہ کے عوام کی مشکلات کو کم کریگا

ہم نے بھارتی شہری نکھیل گپتا کی گرفتاری کی رپورٹس دیکھی ہیں، پاکستان میں بھارتی پشت پناہی سے فعال دہشت گرد گروہوں کے شواہد موجود ہیں۔ انٹرنیشنل اسٹیمس سیکیورٹی فورسز پر کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان غزہ میں امن کے لیے کردار ادا کرے گا، تاہم ہم حماس کو غیر مسلح کرنے میں شامل نہیں ہوں گے۔ صحافیوں کو ہفتہ وار بریفنگ دیتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے بتایا کہ وزیراعظم نیویارک میں موجود ہیں، جو صدر ٹرمپ کی دعوت پر امریکا کے دورے پر ہیں۔ آج وزیراعظم غزہ بورڈ آف پیس اجلاس میں شرکت کریں گے۔ اس کے علاوہ وزیراعظم کی اہم امریکی حکام سے ملاقاتیں بھی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

وکلا برادری کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ وکلا برادری کو (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

علی حسن زہری بلوچستان کابینہ سے برطرف، گورنر کی منظوری کے بعد نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (یو این اے) علی حسن زہری کو بلوچستان کی کابینہ سے برطرف کر دیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلو (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

تھلاگی پل کی تکمیل، سب تحصیل بالنہ گورد شت دریا سے جڑ جائیگا، میر ظہور بلیدی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ میر ظہور بلیدی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان ترین اور انجمن تاجران کے وفد کے ساتھ اجلاس جاری ہے

رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں مصنوعی مہنگائی، گراں فروشی اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائیں

ماہ رمضان عوام کو ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

گراں فروشی کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی، مارکیٹوں کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی دستیابی ممکن ہو، کسی بھی سطح پر غفلت یا بدانتظامی برداشت نہیں کی جائے گی

صوبے بھر میں تین لاکھ اٹھائیس ہزار مستحق خاندانوں کو خصوصی رمضان پیکج فراہم کیا جارہا ہے، جس کا مقصد غریب اور کمزور طبقات کو مہنگائی کے اثرات سے محفوظ رکھنا اور انہیں زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ماہ صیام کے دوران اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں استحکام برقرار رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں مصنوعی مہنگائی، گراں فروشی اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ گراں فروشی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی انتظامیہ کو ہدایت دی گئی ہے کہ مارکیٹوں کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی دستیابی ممکن ہو انہوں نے کہا کہ صوبے بھر میں تین لاکھ اٹھائیس ہزار مستحق خاندانوں کو خصوصی رمضان پیکج فراہم کیا جارہا ہے جس کا مقصد غریب اور کمزور طبقات کو مہنگائی کے اثرات سے محفوظ رکھنا اور انہیں زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس پیکج کی شفاف تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے آٹھ رکنی ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹیوں کے ذریعے مستحقین تک امداد پہنچائی جارہی ہے تاکہ حق دار افراد کو بروقت اور منصفانہ طریقے سے سہولت میسر آئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت رمضان المبارک کے دوران عوامی ریلیف کے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

پاکستان غزہ میں جنگ بندی کی اسرائیلی خلاف ورزیوں کی مذمت کرتا ہے، اسحاق ڈار

وزیراعظم غزہ امن بورڈ اجلاس میں صدر ٹرمپ کے امن منصوبے کی حمایت کریں گے

ملاقاتوں میں دوطرفہ تعلقات اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا

واشنگٹن (یو این پی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف غزہ امن بورڈ اجلاس میں شرکت کرکے صدر ٹرمپ کے امن منصوبے کی حمایت کریں گے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں فلسطین کے حوالے (باقی صفحہ 2 نمبر 38)

سیکیورٹی فورسز کی لکی مروت میں کارروائی 4 دہشتگرد ہلاک

سیکیورٹی فورسز نے ضلع لکی مروت میں خفیہ اطلاع پر مبنی آپریشن کیا، کارروائی کے دوران فورسز نے ہدف کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا، آئی ایس پی آر

کارروائی کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں 4 خوارج کو ہلاک کر دیا گیا اور ہلاک خوارج سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا

لکی مروت (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت میں خفیہ اطلاع پر فتن ؟ الخوارج کے خلاف کارروائی کی اور اس دوران 4 دہشت گرد مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے 18 اور 19 فروری کی درمیانی شب ضلع لکی مروت میں خفیہ اطلاع پر مبنی آپریشن کیا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ آپریشن بھارتی پر (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

ٹرمپ نے فیلڈ مارشل اور شہباز شریف کی تعریفوں کے پل باندھ دیئے

پاکستان کے فیلڈ مارشل عاصم منیر ایک عظیم انسان ہیں اور وزیراعظم شہباز شریف کو میں بہت پسند کرتا ہوں، ٹرمپ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر ٹرمپ کے تشکیل کردہ غزہ کے بورڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نابینا نوجوان محمد زاہد کو علاج کے لئے مالی معاونت فراہم کر رہے ہیں

این ایف سی ایوارڈ میں پورا حصہ لینے کیلئے جامع حکمت عملی ناگزیر ہے، شعیب نوشیروانی

موجودہ حکومت بلوچستان متوازن ترقی کی پالیسی پر عمل پیرا ہے صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے کوشاں ہیں

صوبے کی پسماندگی اور مالی ضروریات کو مدنظر رکھ کر این ایف سی ایوارڈ میں حقدارانہ حصہ ملنے کیلئے جامع حکمت عملی تیار ہونی چاہیے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی کے زیر صدارت این ایف سی ایوارڈ کی حوالے سے مشاورتی اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ممبر این ایف سی بلوچستان محفوظ علی خان، سکریٹری خزانہ لعل جان جعفر اور دیگر حکام قومی مالیاتی کمیشن کی ذیلی کمیٹی کے اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ صوبے کی پسماندگی اور مالی ضروریات کو مدنظر رکھ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

صدر اور وزیراعظم کا کراچی میں عمارت گرنے کے واقعے پر اظہار افسوس

صوبائی حکومت واقعے کی انکوائری کرکے ایسے واقعات کے سدباب کی کوشش کرے، صدر، وزیراعظم

اسلام آباد (یو این پی) صدر آصف زرداری اور وزیراعظم شہباز نے کراچی کے علاقے سولجر بازار میں عمارت گرنے کے واقعے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ریسکیو آپریشن کی فوری اور مؤثر انجام دہی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ اپنے بیان میں صدر (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

علیمہ خان نے اسٹیبلشمنٹ اور حکومت کو دلچسپ ڈیل آفر کردی

راولپنڈی (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے اسٹیبلشمنٹ اور حکومت کو دلچسپ ڈیل آفر کردی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس بروز جمعہ 20 فروری کو اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوگا۔ اجلاس میں رکن بلوچستان اسمبلی مو (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

معذور طلباء کی میٹرک سے پی ایچ ڈی تک معاونت یقینی بنائی جائیگی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کمک انڈومنٹ فنڈ" کے تحت معذوری سے خود انحصاری کے سفر کو مضبوط بنیادوں پر استوار کیا جائیگا

کوئٹہ، (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت افراد باہم معذوری کی معاونت سے متعلق "کمک سپورٹ فنڈ" کی صوبائی کونسل کا دوسرا اجلاس جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی، (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

بورڈ آف پیس اقوام متحدہ کی کارکردگی کی نگرانی بھی کریگا، ڈونلڈ ٹرمپ

بورڈ آف پیس اقوام متحدہ کے معاملات پر بھی نظر رکھے گا تاکہ یو این درست طریقے سے کام کرے، بورڈ آف پیس اقوام متحدہ کی کارکردگی، بالخصوص مالی امور، کو بہتر بنانے میں بھی مدد دے سکتا ہے

بورڈ آف پیس اقوام متحدہ کو مالی لحاظ سے سہارا دے سکتا ہے اور یہ یقینی بنائے گا کہ ادارہ قابل عمل رہے، یہ ایک ایسا ادارہ ہوگا جس کی مثال دنیا نے پہلے کبھی نہیں دیکھی ہوگی، ٹرمپ کا بورڈ آف پیس کے پہلے اجلاس سے خطاب

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آج غزہ بورڈ آف پیس کے پہلے اجلاس سے خطاب میں اس منصوبے کی تشکیل، تخیل اور اغراض و مقاصد پر کھل کر گفتگو کی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق صدر ٹرمپ نے کہا کہ ان کا قائم کردہ بورڈ آف پیس اقوام متحدہ کے معاملات پر بھی نظر رکھے گا تاکہ یو این درست طریقے سے کام کرے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ان کا تشکیل کردہ بورڈ آف پیس اقوام متحدہ کی کارکردگی، بالخصوص مالی امور، کو بہتر بنانے میں بھی مدد دے سکتا ہے۔ صدر ٹرمپ نے مزید وضاحت کیے بغیر کہا کہ بورڈ آف پیس اقوام متحدہ کو مالی لحا (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے میر نوید گلستی ملاقات کر رہے ہیں

قمبرانی روڈ پر کشمیر آباد کے رہائشیوں کا بجلی کی عدم بحالی پر احتجاج

مظاہرین نے ٹائر جلا کر روڈ بند کر دیا، انتظامیہ کی خاموشی پر شہری شدید برہم

کوئٹہ (یو این اے) قمبرانی روڈ پر کشمیر آباد کے رہائشیوں نے بجلی کی (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

مقدس مہینہ ہمیں اخوت، رواداری اور ایثار کا درس دیتا ہے، شیخ زرک مندوخیل

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

رمضان المبارک رحمت، برکت اور مغفرت کا مہینہ ہے، بخت محمد کاکڑ

یہ مقدس مہینہ ہمیں اپنی زندگیوں میں نظم و ضبط، اعتدال اور مثبت طرز عمل اپنانے کی ترغیب دیتا ہے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے ماہ مقدس رمضان کی آمد پر صوبے کے عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ رمضان المبارک رحمت، برکت اور مغفرت (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

پاکستان جنوبی، وسطی اور یوریشیا کے درمیان ابھرتا ہوا اسٹریٹجک معاشی پل ہے، عبدالعلیم خان

وسطی ایشیا کی راہداریوں میں پاکستان کا اسٹریٹجک انضمام علاقائی رابطے کے نئے دور کا آغاز ہے

جنیوا (یو این پی) جنیوا میں یو این ای سی ای کی اندرون ملک ٹرانسپورٹ کمیٹی کے 88 ویں سیشن سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کا بلاک شناختی کارڈ کھول دیا

ذبیح اللہ نے بتایا کہ انکا شناختی کارڈ نادرا کی جانب سے پچھلے ایک سال س بند تھا

کوئٹہ (اے این این) درخواست گزار ذبیح اللہ نے بتایا کہ انکا شناختی کارڈ نادرا کی جانب سے پچھلے ایک سال سے بغیر کسی وجہ کے بلاک تھا۔ بار بار نادرا آفس کے چکر کاٹے، (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

بانی پی ٹی آئی کی آنکھ کا مسئلہ ہے، انہیں الشفا منتقل کیا جائے، علیمہ خان

بانی پی ٹی آئی کی رہائی تب ممکن ہے جب جسٹس سرفراز ڈوگر کیسز کی سماعت کریں

راولپنڈی (یو این پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی آنکھ کا مسئلہ ہے، ہمارا مطالبہ ہے انہیں الشفا منتقل کیا جائے، بانی کی رہائی (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

کراچی رہائشی عمارت میں گیس لیکیج دھماکا 16 افراد جاں بحق 13 زخمی

واقعہ چار بجکر 15 منٹ پہ پیش آیا۔ بلڈنگ گارڈر پہ بنی تھی۔ عمارت گرنے کی وجہ تلاش کی جارہی ہیں چیف آپریٹنگ آفیسر

دھماکے کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ آس پاس کی عمارتیں بھی لرز گئیں، اور علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، عینی شاہدین

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) شہر قائد کے علاقے گل رعنا کالونی سولجر بازار میں ایک گھریلو عمارت میں گیس سلینڈر دھماکا کے (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

بلوچستان میں پائیدار سماجی خدمات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، زاہد سلیم

سماجی خدمات کو زیادہ شمولیتی، مساوی اور بحرانوں سے نمٹنے کے قابل بنایا جائے

اسلام آباد (خ ن) ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی بلوچستان زاہد سلیم نے کہا ہے کہ بلوچستان میں جامع اور پائیدار سماجی خدمات کی فراہمی حکومت کی اولین (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

تفتان، گیس بوزر گاڑی میں آگ لگنے سے دو افراد جاں بحق، چار جھلس گئے

چاغی (یو این اے) چاغی کے پاک ایران سرحدی شہر تفتان میں گیس سے بھری بوزر گاڑی میں فلنگ کے دوران اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں چار افراد جھلس گئے (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

قلات پی بی 36- میں 7 پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ 10 مارچ کو ہوگی

پولنگ صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک بغیر وقفے کے جاری رہے گی، الیکشن کمیشن

کوئٹہ (یو این اے) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی بی 36- قلات کے سات پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کی تاریخ کا اعلان کر دیا ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

نصیر آباد میں لڑائی جھگڑے کے مفرور ملزم گرفتار

نصیر آباد (یو این اے) ڈی آئی جی نصیر آباد رینج کیپٹن (ر) عاصم خان اور ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر کی خصوصی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر اور اشتہاری ملزمان کے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

بھارتی یونیورسٹی کی چینی روبوٹ کو اپنی ایجاد قرار دینے پر جگ ہنسائی

نئی دہلی (یو این اے) بھارت کی ایک نجی یونیورسٹی کو چینی ساختہ روبوٹ کو یونیورسٹی کا تیار کردہ روبوٹ قرار دینے پر ملک کے مرکزی اے آئی سٹ میں اپنا اسٹال خالی کرنے کا حکم (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

بے نظیر کفالت پروگرام سہ ماہی قسط میں ایک ہزار روپے کا اضافہ

بینظیر نشوونما پروگرام اور بینظیر تعلیمی وظائف کی رقوم میں بھی اضافہ کیا گیا ہے تاکہ ماؤں اور بچوں کی غذائیت اور تعلیم بارے مزید سہولت فراہم کی جاسکے، روبینہ خالد

جن خواتین نے ابھی تک ڈیجیٹل والٹ کیلئے مفت سم حاصل نہیں کی، وہ فوری طور پر قریبی بی آئی ایس پی دفتر سے رجوع کریں اور اپنی سم کی حفاظت کو یقینی بنائیں

اسلام آباد (بیورو چیف) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج پشاور میں مولوی امیر شاہ میموریل (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

پاکستان نے بھارت کیلئے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع کردی

بھارت کے تمام رجسٹرڈ ملٹری اور سول طیاروں کو پاکستان کی فضائی حدود سے گزرنے کی اجازت نہیں ہوگی

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان نے بھارت کیلئے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع کردی۔ اس سلسلے میں پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے نیا نوٹم جاری کر دیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 37)

جعفر آباد، کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد، ملزم گرفتار

جعفر آباد (یو این اے) جعفر آباد میں ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے سندھ جانے والی ایک کار کو روک کر تلاشی لی، جس کے دوران (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

ہائر ایجوکیشن کمیشن میں اعلیٰ عہدوں پر تقرریوں کا اعلان

اسٹریٹجک پلاننگ اور کوالٹی اشورنس کے ارکان کی تعیناتی اسلام آباد اور پنجاب میں ہوگی

اسلام آباد (یو این پی) ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) میں اعلیٰ عہدوں پر تقرریوں کا اعلان کر دیا گیا۔ ایچ ای سی کے نئے چیئرمین ڈاکٹر نیاز احمد نے وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد (باقی صفحہ 2 نمبر 36)

کوئٹہ قمبرانی روڈ پر فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے علاقے قمبرانی روڈ پر دربار ہوٹل کے قریب فائرنگ کے واقعے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ چھپا ذرائع کے مطابق فائرنگ کے بعد امدادی (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

ضلع خضدار میں شدید زلزلے کے جھٹکے، شہریوں میں خوف و ہراس

خضدار (یو این اے) ضلع خضدار میں شدید نوعیت کے زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جس کے باعث شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ذرائع کے مطابق جھٹکوں کے (باقی صفحہ 2 نمبر 35)

پاکستان کیخلاف دہشتگردی میں افغان سرزمین کا استعمال، افغان ناظم الامور طلب

باجوڑ حملہ فتنہ الخوارج تحریک طالبان پاکستان نے کیا جس کی قیادت افغانستان میں موجود ہے افغان سرزمین سے بلا روک ٹوک سرگرم عمل ہے

پاکستان اپنی سلامتی یقینی بنانے کیلئے دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کیخلاف کہیں بھی کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے، دوٹوک موقف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) دفتر خارجہ نے گزشتہ روز افغان سفارت خانے کے ناظم الامور کو طلب کر کے 16 فروری 2026 کو باجوڑ میں پیش آنے والے دہشت گرد حملے کے حوالے سے افغان عبوری حکومت کو سخت احتجاجی مراسلہ (ڈی مارش) پہنچایا۔ واضح رہے کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

مستونگ میں چوری شدہ گاڑی آٹھ گھنٹوں میں برآمد، ملزم فرار

مستونگ (یو این اے) مستونگ پولیس نے برق رفتاری کا مظاہرہ کرتے (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

وزیراعظم مارچ کے دوسرے ہفتے میں روس کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (یو این پی) وزیراعظم شہباز شریف مارچ کے دوسرے ہفتے میں روس کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

واشنگٹن، وزیراعظم شہباز شریف واشنگٹن ڈی سی میں "بورڈ آف پیس" کے افتتاحی اجلاس میں شرکت کے لیے پہنچ گئے

عمران خان کی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، تحریک تحفظ آئین

عمران خان کے ذاتی معالجین ڈاکٹر عاصم اور ڈاکٹر فیصل کو بلا تاخیر مکمل نجی رسائی دی جائے تاکہ وہ آزادانہ طور پر طبی معائنہ کرسکیں، مطالبات پیش کر دیئے

اب تک کیے گئے تمام میڈیکل ٹیسٹ، تشخیصی رپورٹس، ایکسرے، اسکینز اور لیبارٹری نتائج کی مصدقہ نقول فوری طور پر ذاتی معالجین کے ساتھ شیئر کی جائیں

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) تحریک تحفظ آئین پاکستان نے سابق وزیراعظم عمران خان کی صحت کے معاملے پر فوری اور غیر مشروط مطالبات پیش کیے ہیں۔ تحریک کا کہنا ہے کہ عمران خان کے ذاتی معالجین ڈاکٹر عاصم اور ڈاکٹر فیصل کو بلا تاخیر مکمل نجی رسائی دی جائے تاکہ (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

کسی صورت فلسطین میں ہونیوالے مظالم کا ساتھ نہیں دیں گے، گورنر سندھ

کراچی (یو این پی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ ہم کسی صورت (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب اقتصادی رابطہ کمیٹی (ECO) کے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک میں تیل کی پیداوار میں 9 ملین بیرل اضافے کا امکان

اسلام آباد (یو این پی) ایس آئی ایف سی کے مؤثر اقدامات کے باعث ملک میں توانائی کی پیداوار میں تاریخی اضا (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

متوقع ہیں۔ ترجمان کے مطابق وزیر خارجہ اسحاق ڈار بھی نیویارک میں موجود ہیں۔ نائب وزیراعظم نے فلسطینی مستقل مندوب اور مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی سے بھی ملاقات کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آسٹریا کے دورے سے قبل نائب وزیراعظم کے سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان السعود اور مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی سے ٹیلیفون رابطے بھی ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے ویانا، آسٹریا کا دورہ بھی کیا جو آسٹرین وفاقی چانسلر کرسٹین سٹاکر کی دعوت پر تھا۔ دورے کے اختتام پر مشترکہ اعلامیہ بھی جاری کیا گیا۔ آسٹریا میں وزیراعظم نے انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی کے سربراہ رافیل ماریانو گروسی سے بھی ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ پاکستان غزہ میں صرف امن کے قیام میں کردار ادا کرے گا۔ بورڈ آف پیس سے امیدیں وابستہ ہیں جس سے غزہ کی صورتحال بہتر ہوگی۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کسی گروپ یا تنظیم کے خلاف کسی فیصلے کا حصہ نہیں ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ نائب وزیراعظم نے واضح کیا ہے کہ ہم امن عمل میں شریک ہوں گے تاہم حماس کو غیر مسلح کرنے میں شامل نہیں ہوں گے۔ امید ہے کہ غزہ بورڈ آف پیس غزہ کے عوام کی مشکلات کو کم کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ پروفیسر احسن اقبال نے نئی بنگلہ دیشی حکومت کی تقریب حلف برداری میں شرکت کی۔ رواں ہفتے پاکستان سمیت 8 مسلم ممالک نے اسرائیل کے مغربی کنارے کے الحاق سے متعلق متنازع قانون کی شدید مذمت کی۔ ترجمان نے کہا کہ ہم نے بھارتی شہری کلسیل گپتا کی گرفتاری کی رپورٹس دیکھی ہیں۔ پاکستان میں بھارتی پشت پناہی سے فعال دہشت گرد گروہوں کے شواہد موجود ہیں۔ انٹیلیجنس اسسٹنس سکیورٹی فورسز پر کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اور اس سلسلے میں صوبائی حکومتوں اور متعلقہ حکام سے مشاورت کے ذریعے قابل عمل اور دیرپا اقدامات یقینی بنائے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی ڈویژن کی مختلف بار ایسوسی ایشنز کے نومنتخب عہدیداران سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ہر بار ایسوسی ایشن کو درپیش پیشہ ورانہ، انتظامی اور سہولتی مسائل پر الگ الگ تفصیلی غور کیا گیا۔ نومنتخب نمائندگان نے اپنی متعلقہ بارز کے مسائل اور تجاویز سے وفاقی وزیر کو آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر نے بار نمائندگان کے موقف کو توجہ سے سنا اور یقین دہانی کرائی کہ وکلا برادری کے ساتھ موثر روابط کو برقرار رکھا جائے گا تاکہ انصاف کی فراہمی کے نظام کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔ وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک نے بھی وکلا کے ساتھ ہم آہنگی اور تعاون کے عزم کا اظہار کیا

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

چستان کی سفارش پر گورنر بلوچستان نے برطرفی کی منظوری دے دی۔ گورنر کی منظوری کے بعد چیف سیکرٹری بلوچستان نے متعلقہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا، جس کے بعد علی حسن زہری کی کابینہ میں شمولیت ختم ہوگئی

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ایکس پر کہا ہے کہ تھلاگی پل، جو سب تحصیل بالانگور کو دشت دریا کے پار جوڑتا ہے، طویل انتظار کے بعد مقررہ معیار اور وقت کے اندر مکمل ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان حکومت صوبے بھر میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور عوام کو موثر خدمات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے، اور یہ منصوبہ عوامی سہولیات میں نمایاں بہتری کا سبب بنے گا

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اقدامات کو مزید مؤثر بنائے گی اور کسی بھی سطح پر غفلت یا بدانتظامی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اگر انہیں قیمتوں میں اضافے یا رمضان پیکج کی تقسیم سے متعلق کوئی شکایت ہو تو وہ وزیر اعلیٰ شکایت سیل سے فوری طور پر رابطہ کریں تاکہ شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جا سکے وزیر اعلیٰ نے یقین دہانی کرائی کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور رمضان المبارک میں زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کی جائے گی

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

آف پیس کا پہلا باضابطہ اجلاس واشنگٹن میں شروع ہوگیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق دنیا بھر سے آنے والے سفارتی وفود واشنگٹن پہنچ گئے اور اس تاریخی موقع پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ہمراہ تصویر بنوائیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے افتتاحی خطاب میں فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف کی تعریفوں کے پل باندھ دیئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے فیلڈ مارشل عاصم منیر ایک عظیم انسان ہیں اور وہاں کے وزیراعظم شہباز شریف کو میں بہت پسند کرتا ہوں۔ ٹرمپ کے بعد امریکی نائب صدر جے ڈی وینس خطاب کریں گے۔ ان کے بعد امریکا کے درجن سے زائد اعلیٰ حکام اور بورڈ آف پیس سے وابستہ سینئر نمائندے خطاب کریں گے۔ یہ اجلاس جنگ بندی کے بعد غزہ کے انتظامی و بحالی امور کی نگرانی کے لیے منعقد کیا جا رہا ہے۔ جس میں وزیراعظم شہباز شریف بھی خصوصی دعوت پر شریک ہیں۔ اس کے بعد بورڈ آف پیس میں شامل مختلف ممالک کے ایک درجن سے زائد غیر ملکی رہنما بھی مختصر تقاریر کریں گے، جن میں غزہ کی بحالی، سیکیورٹی، انسانی امداد اور طویل المدتی استحکام سے متعلق اپنے مؤقف اور تجاویز پیش کی جائیں گی۔ امریکی حکام کے مطابق بورڈ آف پیس کا مقصد غزہ میں جنگ کے خاتمے کے بعد ایک ایسا بین الاقوامی انتظامی ڈھانچہ قائم کرنا ہے جو امن، تعمیر نو اور انسانی امداد کو یقینی بنا سکے۔ تاہم اس امریکی اقدام پر عالمی سطح پر مختلف آرا پائی جاتی ہیں اور بعض حلقے اس منصوبے کو متنازع بھی قرار دے رہے ہیں

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اکسی فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا اور کارروائی کے دوران فورسز نے ہدف کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا۔ بیان میں کہا گیا کہ کارروائی کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں 4 خوارج کو ہلاک کر دیا گیا اور ہلاک خوارج سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق خوارج علاقے میں متعدد دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث تھے جبکہ علاقے میں کسی بھی ممکنہ خطرے کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ قومی ایکشن پلان کے تحت وفاقی ایپکس کمیٹی سے منظور شدہ وژن عزم استحکام کے تحت سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی انسداد دہشت گردی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی تاکہ ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کا خاتمہ کیا جاسکے

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت متعلقہ محکموں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی جبکہ افراد باہم معذور کی نمائندہ تنظیموں کے عہدیداران بھی خصوصی طور پر مدعو تھے اجلاس میں بلوچستان میں افراد باہم معذور کی فلاح و بہبود کے جاری پروگرام کو مزید وسعت دینے اور اس کے مؤثر و شفاف عملدرآمد کو یقینی بنانے کا فیصلہ کیا گیا وزیر اعلیٰ نے ہدایت جاری کی کہ افراد باہم معذور کی ماہانہ مالی معاونت میں نمایاں اضافہ کیا جائے تاکہ وہ باعزت اور باوقار زندگی گزار سکیں اجلاس میں خصوصی آلات، الیکٹرک وہیل چیئرز اور دیگر معاونتی اشیاء کی فوری خریداری کی منظوری بھی دی گئی تاکہ ضرورت مند افراد کو بروقت سہولت فراہم کی جا سکے وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ پروگرام کو مرحلہ وار توسیع دیتے ہوئے صوبے کے ہر رجسٹرڈ فرد باہم معذور تک اس کے ثمرات پہنچائے جائیں گے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ " کیک انڈومنٹ فنڈ " کے تحت معذوری سے خود انحصاری کے سفر کو مضبوط بنیادوں پر استوار کیا جائے گا اور اس پروگرام کو محض امدادی اسکیم کے بجائے بااختیار بنانے کے جامع ماڈل میں تبدیل کیا جائے گا انہوں نے اعلان کیا کہ میٹرک سے پی ایچ ڈی تک معذور طلبہ کو تعلیمی معاونت اور وظائف کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی تاکہ اعلیٰ تعلیم کے مواقع سب کے لیے یکساں ہوں انہوں نے ہدایت کی کہ افراد باہم معذوران کے فنی و تکنیکی تربیت کے پروگراموں کو فروغ دیا جائے ہنرمندی کی تربیت فراہم کی جائے اور با؟ سانی نقل و حمل کے لیے معاون آلات مہیا کیے جائیں تاکہ افراد باہم معذور عملی زندگی میں بھرپور کردار ادا کرسکیں وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ افراد باہم معذور کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے بلاسود قرضوں کی سہولت بھی فراہم کی جا رہی ہے، جس سے وہ خود روزگار کے مواقع پیدا کرسکیں گے اور معاشی طور پر خودکفیل بن سکیں گے اجلاس کے اختتام پر وزیر اعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ طے شدہ فیصلوں پر فوری اور مؤثر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے تاکہ صوبے میں افراد باہم معذور کی فلاح و بہبود کے اقدامات کے عملی نتائج جلد از جلد سامنے آسکیں

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

لانا ہدایت الرحمٰن کی جانب سے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کیا جائے گا، جس میں انہوں نے موقف اختیار کیا ہے کہ مالی سال کا بیشتر حصہ گزر جانے کے باوجود گوادر کے سرکاری ہسپتالوں کو ابھی تک ادویات کی فراہمی نہیں کی گئی۔ مولانا ہدایت الرحمٰن اجلاس میں فراہم کی جانے والی ادویات کی تفصیلات بھی طلب کریں گے۔ اسی طرح رکن اسمبلی اصغر ترین کی جانب سے ایک قرارداد پیش کی جائے گی، جس میں صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر وفاقی حکومت سے رابطہ کر کے صوبائی اسمبلی کی نشستوں کو 65 سے بڑھا کر 85 اور قومی اسمبلی کی 20 سیٹوں کو بڑھا کر 28 کیا جائے۔ علاوہ ازیں، مولانا ہدایت الرحمٰن کی جانب سے ایک اور قرارداد پیش کی جائے گی، جس میں گزشتہ برسوں کے دوران عوام کی جدی پشتی زمینوں کو من پسند افراد کو الاٹ کیے جانے اور انصاف نہ ملنے کے حوالے سے موقف اختیار کیا گیا ہے۔ قرارداد میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ نیا سیٹلمنٹ کے ذریعے ان زمینوں کو دوبارہ مستحق عوام کے نام الاٹ کیا جائے

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مملکت آصف علی زرداری نے متوفیوں کے اہل خانہ کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ آصف علی زرداری نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا اور ان کو بہترین طبی سہولتیں فراہم کرنے کے احکامات دیے ہیں۔ صدر مملکت نے ریسکیو آپریشن کی فوری اور مؤثر انجام دہی کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی ہے۔ آصف زرداری نے کہا کہ صوبائی حکومت واقعے کی انکوائری کر کے ایسے واقعات کے سدباب کی کوشش کرے۔ دوسری جانب وزیر اعظم نے کراچی میں عمارت گرنے کے واقعے میں جانی نقصان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کی بلندی درجات کی دعا اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کی۔ وزیر اعظم نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا اور ہر ممکن طبی امداد فراہمی کی ہدایت کی

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہوئے انہوں نے کہا کہ کیا وجہ ہے کہ یہ عمران خان کے بلڈ ٹیسٹ اور جو بھی رپورٹس ہیں وہ چھپا رہے ہیں؟ عمران خان کو فوری شفاء انٹرنیشنل ہسپتال اسلام آباد منتقل کریں اور وہاں ذاتی معالج اور فیملی ممبر کی موجودگی میں علاج کروائیں پھر ہی جرم کی معافی مل سکتی ہے، ہم عمران خان کی آنکھ بچانا چاہتے ہیں، بدلے میں ہم عاصم منیر کا نام نہیں لیں گے۔ سابق وزیراعظم کی ہمشیرہ کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی نمائندوں کو میں نے تب ہی کہا تھا کہ یہ لوگ جھوٹے ہیں جب وہ کہہ رہے تھے کہ محسن نقوی نے گارنٹی دی ہے کہ ہم فیملی اور ذاتی معالجین کے ہمراہ عمران خان کو شفاء انٹرنیشنل منتقل کریں گے اور علاج کروائیں گے، لیکن پھر محسن نقوی کا جھوٹا ثابت ہوا، اس نظام میں جھوٹ جس قدر غالب آچکا ہے، ہر حق گوئی کرنے والے پر جس طرح جھوٹے کیسز بنائے گئے ہیں اب اس نظام کو ہی ختم ہونا ہوگا، عوام کو سچائی کا ساتھ دینا ہوگا

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کرائین ایف سی ایوارڈ میں حقدارانہ حصہ ملنے کے لئے جامع حکمت عملی تیار ہونی چاہیے جس میں صوبے کے مختلف پہلو کا احاطہ ہو۔ اجلاس میں این ایف سی ایوارڈ کے ذیلی کمیٹی میں ملک کی مجموعی طور پر اندرونی اور بیرونی قرضوں پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ آئی ایم ایف اور دیگر ذرائع سے جو قرضے ہم لیتے ہیں ان کی ادائیگی کے لیے ایک جامع پالیسی وضع کرنے پر سیر حاصل گفتگو ہوئی اور آنے والے مالی سال میں غیر ضروری اخراجات کو کم کرنے پر زور دیا تاکہ صوبے کا پیسہ بے جا ضائع نہ ہو۔ اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت بلوچستان متوازن ترقی کی پالیسی پر عمل پیرا ہے صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے کوشاں ہیں

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ظ سے سہارا دے سکتا ہے اور یہ یقینی بنائے گا کہ ادارہ قابل عمل رہے۔ انہوں نے ایک بار پھر اقوام متحدہ کے بارے میں اپنا پرانا موقف دہرایا کہ اس میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے لیکن ویسا کام نہیں کر رہا جیسا ہونا چاہیے۔ صدر ٹرمپ نے بورڈ آف پیس کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک غیر معمولی چیز بننے جا رہی ہے۔ یہ ایک ایسا ادارہ ہوگا جس کی مثال دنیا نے پہلے کبھی نہیں دیکھی ہوگی۔ یاد رہے کہ بورڈ آف پیس کے تشکیل کے وقت یورپی ممالک نے سب سے بڑا اعتراض یہی اٹھایا تھا کہ یہ اقوام متحدہ سے متصادم ادارہ ہوگا۔ سفارت کاروں کا کہنا تھا کہ اقوام متحدہ ایک کثیر الجہتی ادارہ ہے، جس کے فیصلے تمام رکن ممالک کی مشاورت سے ہوتے ہیں۔ یورپی ممالک پہلے ہی اس نظریے کو مسترد کر چکے ہیں کہ اقوام متحدہ پر کسی ایک ملک یا اس کے قائم کردہ بورڈ کی بالادستی قبول نہیں کی جا سکتی۔ بعض یورپی رہنماؤں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اس اقدام سے اقوام متحدہ کی غیر جانبداری متاثر ہو سکتی ہے اور عالمی نظام میں طاقت کا توازن بگڑنے کا خطرہ ہے۔ فرانسیسی اور جرمن حکام نے غیر رسمی گفتگو میں اس خیال پر بھی تشویش ظاہر کی کہ بورڈ آف پیس کے اختیارات کی نوعیت واضح نہیں اور یہ ادارہ اقوام متحدہ کے موجودہ ڈھانچے کے ساتھ کس طرح ہم آہنگ ہوگا۔ اب جب کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے واضح اشارہ دیدیا ہے کہ بورڈ آف پیس اقوام متحدہ کی نگرانی گا اور اس پر یورپی اعتراضات آنے والے دنوں میں عالمی سفارتی محاذ پر نئی کشیدگی کو جنم دے سکتے ہیں

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

عدم بحالی کے خلاف احتجاج کیا۔ مظاہرین نے ٹائر جلا کر روڈ کو ٹریفک کے لیے بند کر دیا، جس سے شہریوں کی آمد و رفت متاثر ہوئی۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ دو ہفتے سے خراب ٹرانسفارمر کو درست نہیں کیا گیا، جس کے باعث علاقے میں بجلی کی مسلسل بندش نے لوگوں کی زندگیوں کو شدید متاثر کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ متعدد بار انتظامیہ سے درخواستیں کی گئیں، لیکن اب تک کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ شہریوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر ٹرانسفارمر کی مرمت کی جائے اور بجلی کی فراہمی کو معمول پر لایا جائے تاکہ علاقے کے عوام کو سہولیات میسر آئیں

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رمضان المبارک کی آمد پر اہل صوبہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ مقدس مہینہ ہمیں اخوت، رواداری اور ایثار کا درس دیتا ہے رمضان خود احتسابی، اصلاح نفس اور معاشرتی ہم آہنگی کا بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس بابرکت مہینے میں سادگی، میانہ روی اور باہمی احترام کو فروغ دیں اور مستحق افراد کی مدد کو اپنی ترجیحات میں شامل کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ معاشرتی ذمہ داریوں کی ادائیگی اور اجتماعی فلاح کے جذبے سے ہی ایک مضبوط اور پرامن معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا ہے۔ رکن اسمبلی نے ماحول کے تحفظ، صفائی کی اہمیت اور وسائل کے محتاط استعمال پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ اقدار ہماری دینی و سماجی ذمہ داریوں کا حصہ ہیں۔ آخر میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو رمضان کی رحمتوں اور برکتوں سے نوازے اور ملک و صوبے میں استحکام اور ترقی عطا فرمائے۔ آمین

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہسپتال میں قائم بینظیر نشوونما سہولتی مرکز کا باقاعدہ افتتاح کیا تاکہ مستحق خواتین اور ان کے بچوں کو صحت اور غذائیت سے متعلق سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ اس موقع پر عالمی ادارہ؟ صحت (WHO)، ورلڈ فوڈ پروگرام (WFP) اور یونیسف کے نمائندگان بھی موجود تھے۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے مرکز میں ماں اور بچے کی صحت و غذائیت سے متعلق فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس دوران عملے کی جانب سے انہیں پروگرام کے مختلف پہلوؤں پر جامع بریفنگ دی گئی۔ سینیٹر روبینہ خالد نے مرکز میں زیر علاج خواتین اور بچوں سے ملاقات بھی کی اور ان سے فراہم کی جانے والی طبی و غذائی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ بعد ازاں، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ورلڈ فوڈ پروگرام کے تعاون سے بینظیر نشوونما پروگرام کے 160 سے زائد سہولتی مراکز قائم کیے جا چکے ہیں جن میں سے 10 مراکز صرف پشاور میں فعال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گروتھ اسٹنٹنگ پاکستان کو درپیش ایک بڑا چیلنج ہے جس پر بینظیر نشوونما پروگرام کے ذریعے مؤثر انداز میں قابو پایا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس پروگرام کے تحت ملک بھر میں 43 لاکھ سے زائد مستحق خواتین اور بچے مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ڈاکٹرز اور لیڈی ہیلتھ ورکرز کے لیے تربیتی ورکشاپس کا انعقاد ناگزیر ہے تاکہ بیماریوں کی بروقت تشخیص ممکن ہو سکے اور ضرورت پڑنے پر مریضوں کو نشوونما مراکز منتقل کیا جا سکے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے مزید کہا کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کے پیش نظر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی جانب سے مستحق خواتین کے لیے خصوصی ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے۔ بینظیر کفالت پروگرام کے سہ ماہی وظائف میں 1000 روپے اضافہ کر دیا گیا ہے، جس کے بعد مستحق خواتین کو 13,500 روپے کے بجائے 14,500 روپے ادا کیے جائیں گے۔ اسی طرح بینظیر نشوونما اور تعلیمی وظائف کی رقوم میں بھی 500 روپے اضافہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صدر پاکستان اور وزیراعظم پاکستان کی خصوصی ہدایات پر ادائیگی کے نظام میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے ڈیجیٹل والٹ متعارف کرایا گیا ہے تاکہ خواتین باعزت اور محفوظ طریقے سے اپنی رقوم وصول کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کی تاریخ میں پہلی بار ایک کروڑ خواتین کی مالیاتی نظام میں شمولیت کو یقینی بنایا گیا ہے جو خواتین کی معاشی خودمختاری کی ایک اعلیٰ مثال ہے۔ انہوں نے مستحق خواتین کو ہدایت کی کہ ڈیجیٹل والٹس کے لیے مفت سم صرف بی آئی ایس پی دفاتر یا مقرر کیمپ سائٹس سے ہی وصول کریں۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے کہا کہ یہ پروگرام شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے نام سے منسوب ہے۔ خواتین بی بی شہید کی جدوجہد اور بہادری سے سبق حاصل کریں اور اپنے ساتھ ہونے والی کسی بھی ناانصافی کے خلاف آواز بلند کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ وظیفے کی رقم مستحقین کا جائز حق ہے، اس میں کسی بھی قسم کی کٹوتی کی صورت میں فوری شکایت درج کروائی جائے تاکہ ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ضم شدہ اضلاع میں موبائل رجسٹریشن وینز کو بھی فعال کیا جا رہا ہے تاکہ دور دراز علاقوں میں مقیم مستحق افراد کی پروگرام میں رجسٹریشن کو یقینی بنایا جا سکے۔ بینظیر ہنرمند پروگرام پر روشنی ڈالتے ہوئے سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ ہزاروں نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کے لیے پروگرام میں رجسٹر کیا جا چکا ہے۔ حکومت خیبر پختونخوا کے ساتھ مشاورت جاری ہے تاکہ ان افراد کو مختلف تربیتی اداروں سے منسلک کیا جا سکے اور تربیت کی تکمیل کے بعد انہیں باعزت روزگار کے مواقع فراہم کیے جا سکیں

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

14 کلو چرس اور 3 کلو کرسٹل برآمد کر لی گئی۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر جاوید بلوچ کے مطابق کارروائی کے دوران ملزم عمران لاشاری کو گرفتار کر لیا گیا، جس کا تعلق ضلع قمبر شہدادکوٹ کی تحصیل وارہ سے بتایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات اسمگلنگ کی کوشش کو بروقت ناکام بنا دیا گیا۔ جاوید بلوچ کے مطابق برآمد ہونے والی منشیات کی عالمی مارکیٹ میں مالیت دو کروڑ روپے سے زائد ہے۔ گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے

اور اہم انکشافات متوقع ہیں

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچی۔ جاں بحق ہونے والے شخص کو چھیپا ایمبولینس کے ذریعے کوئٹہ سول ہسپتال منتقل کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق متوفی کی شناخت حاجی محمد ولد رحیم بخش عمر تقریباً 70 سال کے طور پر ہوئی ہے۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا جبکہ مزید تفصیلات کا انتظار ہے

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ت کا مہینہ ہے جو ہمیں صبر، ہمدردی اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے یہ مقدس مہینہ ہمیں اپنی زندگیوں میں نظم و ضبط، اعتدال اور مثبت طرز عمل اپنانے کی ترغیب دیتا ہے انہوں نے اس موقع پر عوام پر زور دیا کہ وہ اپنی صحت کا خصوصی خیال رکھیں، متوازن غذا استعمال کریں اور صفائی و احتیاطی تدابیر کو معمول بنائیں۔ وزیر صحت نے کہا کہ صحت مند معاشرہ ہی ترقی کی بنیاد ہے، لہٰذا رمضان کے دوران ہسپتالوں، طبی مراکز اور عوامی مقامات پر صفائی کے اصولوں کی پابندی نہایت ضروری ہے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ ضرورت مندوں، مریضوں اور کمزور طبقات کا خیال رکھنا ہماری اخلاقی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو رمضان المبارک کی حقیقی برکتوں سے مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائے اور صوبے میں صحت، امن اور خوشحالی قائم رکھے۔ آمین

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

خان نے جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا، مشرق وسطیٰ اور یوریشیا کو جوڑنے والے ایک اہم ''معاشی پل'' کے طور پر پاکستان کے بدلتے ہوئے کردار پر زور دیا۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ بیلاروس، روس اور وسطی ایشیا کی راہداریوں میں پاکستان کا اسٹریٹجک انضمام علاقائی رابطے کے ایک نئے دور کا آغاز ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری کی عظیم الشان کامیابیوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہم روس اور زمین سے گھرے وسطی ایشیائی ممالک کے لیے اعلیٰ کارکردگی والی تجارتی راہیں فراہم کرنے کے لیے مؤثر طریقے سے اپنے دروازے کھول رہے ہیں۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ اس وژن کا مرکزی نکتہ پاکستان کی جانب سے چھ قائم شدہ زمینی راہداریوں کے ذریعے روسی فیڈریشن اور اس سے آگے کے علاقوں تک علاقائی ٹرانزٹ تجارت کی فعال سہولت کاری ہے۔ ان اہم شریانوں میں ترکیہ، آذربائیجان اور ایران کے ذریعے زیادہ گنجائش والے راستے، نیز چین۔ قازقستان کے خصوصی رابطے کے راستے شامل ہیں۔ مزید برآں پاکستان وسطی ایشیائی ریاستوں کے ساتھ روابط کے لیے متعدد ٹرانس۔ افغان راہداریوں اور قازقستان و کرغیزستان کو جوڑنے والے کوادری لیٹرل ٹریفک اینڈ ٹرانزٹ ایگریمنٹ کے راستے کا استعمال کر رہا ہے، جس میں شمال کی جانب توسیع کی وسیع گنجائش موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سفر میں ایک سنگ میل جون 2024 میں حاصل ہوا جب متحدہ عرب امارات کے لیے پہلا قازق کارگو پاکستان کے راستے کامیابی سے منتقل ہوا جس نے بین البراعظمی تجارت کے لیے ملک کی لاجسٹک صلاحیت کو ثابت کر دیا۔ پاکستان کی عالمی معیار کی لاجسٹکس پر روشنی ڈالتے ہوئے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے 1800 سے زائد ٹی آئی آر آپریٹرز کے کامیاب نفاذ کو ملک کی آپریشنل تیاری کے ٹھوس ثبوت کے طور پر پیش کیا۔ انہوں نے عالمی اسٹیک ہولڈرز کو ایم 6 سکھر۔ حیدرآباد موٹروے منصوبے میں سرمایہ کاری کی دعوت دی اور اسے بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے ایک بہترین اور زیادہ منافع بخش موقع قرار دیا۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ تقریباً 30 فیصد ضمانتی ایکویٹی کے ساتھ، یہ منصوبہ پائیدار اور مستحکم منافع فراہم کرتے ہوئے علاقائی رابطوں کو بڑھانے میں اہم کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔ ان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے، پاکستان نے گوادر بندرگاہ پر خاص طور پر وسطی ایشیائی ریاستوں کے لیے 100 ایکڑ کا وقف ٹرمینل مختص کیا ہے، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ کراچی کی بندرگاہ خشکی سے گھرے پڑوسی ممالک کے لیے سمندر تک رسائی کا ایک مضبوط راستہ بنی رہے۔ محض سڑکوں سے ہٹ کر وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے تجارت کو سہل بنانے کے لیے ایک ڈیجیٹل اور سفارتی انقلاب پر زور دیا۔ وزارت مواصلات اس وقت ٹریک ڈیٹا کی ڈیجیٹلائزیشن اور شفافیت کے لیے ایک جامع پروگرام کی قیادت کر رہی ہے، تاکہ بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کے کنونشنز کی تعمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ 126 ممالک کے لیے ''ویزہ آن ارائیول'' کی سہولت اور نیشنل لاجسٹکس سیل (این ایل سی) کی ازبکستان اور قازقستان کے ساتھ مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں، پاکستان اب محض ایک ٹرانزٹ علاقہ نہیں رہا بلکہ اس نے خود کو عالمی اقتصادی سرگرمیوں کے ایک فعال مرکز اور علاقائی تجارتی انقلاب کے لیے ایک محرک کے طور پر مضبوطی سے قائم کر لیا ہے

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کمیٹیاں کیں۔ لیکن کوئی شنوائی نہ ہو سکی۔ بالآخر انہوں نے مجبور ہو کر وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کردی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کا شناختی کارڈ جلد بحال کیا جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا شناختی کارڈ بحال کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا بے حد شکریہ ادا کیا

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فلسطین میں ہونے والے مظالم کا ساتھ نہیں دیں گے۔ نمائش چورنگی میں سحری کیلئے موجود افراد سے خطاب کرتے ہوئے گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا کہ ہماری افواج پاکستان نے 10 مئی کو بھارت کو ایسا مزہ چکھایا جو وہ کئی سالوں تک بھول نہیں سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کئی سالوں سے خطے میں امن کا خواہاں رہا ہے، پاکستان نے غزہ امن معاہدے پر دستخط کیے تو کسی کے کہنے پر نہیں کیے، پاکستان نے یہ دستخط اس لیے کیے ہیں کہ وہ مظلوم فلسطینیوں کو بچانا چاہتا ہے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ بھارت یہ بیانیہ بنا رہا ہے کہ پاکستان شاید فلسطینیوں پر مظالم کا حصہ بننے جا رہا ہے، لیکن ایسا بالکل نہیں ہے، جب تمام مسلم ممالک اس معاہدے کا حصہ ہیں تو ہم نے بھی اس امن میں اپنا حصہ ڈالنے کا سوچا ہے۔ کامران ٹیسوری نے مزید کہا کہ ہم بھارت کے سامنے سر نہیں جھکائیں گے، آج تک جو پاکستان میں ترقی نہیں ہوئی اس میں سب سے بڑی رکاوٹ نریندر مودی ہے، وہ آپ کی جڑوں میں بیٹھ کر بھائیوں کو بھائیوں سے لڑوا رہا ہے، اس کے پاس بے دریغ پیسہ ہے، مودی پاکستان کو پیروں پر کھڑا ہوتا نہیں دیکھ سکتا

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فہ ہو گیا۔ او جی ڈی سی ایل نے بجلی پیداوار میں اضافے کیلئے فرانسیسی کمپنی کیساتھ معاہدہ کرلیا، جدید واٹر انجکشن سسٹم سے تیل کی پیداوار میں 9 ملین بیرل اضافے کا امکان ہے۔ او جی ڈی سی ایل کے منصوبے سے 3 بلین کیوبک فٹ گیس کی اضافی پیداوار متوقع ہے، نئے اقدامات سے 460 ملین ڈالر کی آمدنی حاصل ہوگی۔ او جی ڈی سی ایل ٹیکنالوجی کی مدد سے خام تیل کی پیداوار 750 بیرل تک پہنچا دی، پرانی آئل فیلڈز کی استعداد بڑھانے کیلئے جدید تکنیکی اقدامات پر عملدرآمد جاری ہے۔ آئی ایم ایف شرائط، ایس آئی ایف سی مراعات تجویز نہیں کر سکی، نئے اسپیشل اکنامک زون سے بھی روک دیا۔ ایس آئی ایف سی کے مطابق توانائی میں خود کفالت معاشی استحکام کو مزید مضبوط بنائے گی

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تب ممکن ہے جب جسٹس سرفراز ڈوگر کیسز کی سماعت کریں، چیف جسٹس سے اپیل ہے کیسز سنیں کیونکہ مقرر جج چھٹی پر چلے گئے، محسن نقوی نے فیملی اور ڈاکٹروں کی موجودگی میں علاج کی گارنٹی دی تھی، بانی پی ٹی آئی کو ہسپتال منتقل نہیں کیا جا رہا اور ملاقات بھی نہیں کرائی جا رہی۔ جمعرات کو انسداد دہشت گردی عدالت میں پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے کہا مجھ پر کیس ہے کہ میں نے خان کا پیغام پہنچایا، عمران خان اور حامد رضا سمیت دیگر پر کیسز سیاسی بنیادوں پر بنائے گئے ہیں، یہ کیسز ایک دن میں ہوا میں اڑ جائیں گے۔ بانی پی ٹی آئی کی آنکھ کا مسئلہ ہے اور ہمارا مطالبہ ہے انہیں الشفا منتقل کیا جائے، بانی پی ٹی آئی کی رہائی تب ممکن ہے جب جسٹس سرفراز ڈوگر کیسز کی سماعت کریں۔ چیف جسٹس سے اپیل ہے کیسز سنیں کیونکہ مقرر جج چھٹی پر چلے گئے، بانی پی ٹی آئی کی رہائی ہوتے ہی ان کی آنکھ کا علاج الشفا ہسپتال سے کروایا جائے گا، حکومت نے خان صاحب کے ساتھ تماشہ کیا، فیملی اور ذاتی معالج کی غیر موجودگی میں معائنہ کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ آخری ملاقات میں عمران خان نے کہا یہ مجھے ختم کردیں گے، محسن نقوی نے فیملی اور ڈاکٹروں کی موجودگی میں علاج کی گارنٹی دی تھی، بانی پی ٹی آئی کو ہسپتال منتقل نہیں کیا جا رہا اور ملاقات بھی نہیں کرائی جا رہی

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کہ وزیر اعظم شہباز شریف کے دورہ روس کے حوالے سے تیاریاں شروع ہوگئی ہیں۔ دورے کے دوران وزیراعظم شہباز شریف اہم ملاقاتیں کریں گے، وزیراعظم روس میں تاجر برادری سے ملاقات کریں گے۔ وہ روس میں پاکستانی کمیونٹی سے بھی ملاقات کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کے دورے کے حوالے سے تیاریوں کو حتمی شکل دی جا رہی ہے

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہوئے اسٹیڈیم روڈ سے گزشتہ روز چوری ہونے والی گاڑی محض آٹھ گھنٹوں کے اندر برآمد کر لی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اللہ بخش بلوچ کی خصوصی ہدایات پر ایس ایچ او سٹی تھانہ پیر جان علی زئی نے فوری ایکشن لیتے ہوئے شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی کر دی جبکہ مشتبہ افراد کی کڑی نگرانی شروع کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق جدید حکمت عملی اور بروقت کارروائی کے باعث ملزمان اپنے مذموم عزائم میں ناکام ہو گئے۔ پولیس کی اس تیز رفتار کارروائی پر شہریوں نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کارکردگی کو سراہا اور اسے جرائم پیشہ عناصر کے لیے واضح پیغام قرار دیا کہ قانون کی گرفت سے بچنا ممکن نہیں۔ ضلعی پولیس نے عزم ظاہر کیا ہے کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ایسے اقدامات کا سلسلہ بلاتعطل جاری رہے گا

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دہشت گردی کے اس واقعے میں 11 پاکستانی فوجی جوان شہید ہوئے تھے۔ پاکستان نے باجوڑ میں مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی چوکی پر گاڑی میں نصب خودکش بم حملے، جس کے بعد مسلح فائرنگ کی کارروائی بھی کی گئی، کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی۔ یہ حملہ فتنہ الخوارج / تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کی جانب سے کیا گیا تھا۔ وزارت خارجہ نے اس امر پر گہری تشویش کا اظہار کیا کہ فتنہ الخوارج / ٹی ٹی پی، جس کی قیادت افغانستان میں موجود ہے، افغان سرزمین سے بلا روک ٹوک سرگرم عمل ہے۔ علاوہ ازیں اس بات کا اعادہ بھی کیا گیا کہ پاکستان کو افغان عبوری حکومت کی جانب سے متعدد مواقع پر یقین دہانیاں موصول ہوئیں، تاہم ان کے باوجود کوئی نمایاں، ٹھوس اور قابل تصدیق اقدام سامنے نہیں آیا۔ افغان عبوری حکومت کو واضح طور پر آگاہ کیا گیا کہ وہ اپنی سرزمین سے سرگرم تمام دہشت گرد گروہوں، بشمول ان کی قیادت کے خلاف فوری، مؤثر، ٹھوس اور قابل تصدیق اقدامات یقینی بنائے۔ مزید برآں افغان عبوری حکومت کو دوٹوک انداز میں مطلع کیا گیا کہ پاکستان اپنے فوجیوں، شہریوں اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے فتن؟ الخوارج (ایف اے کے) سے وابستہ عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف، جہاں کہیں بھی وہ موجود ہوں، کارروائی کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

خلاف جاری مہم کے دوران پولیس تھانہ میر حسن نے اہم کارروائی کرتے ہوئے لڑائی جھگڑے کے مقدمے میں مفرور ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ڈی پی او سرکل چھتر غلام حیدر تنجھو کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ میر حسن سب انسپکٹر شاہن خان سونگی نے اپنی ٹیم، ہیڈ کانسٹیبل بلاول کھڈ اور دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ خفیہ اطلاع پر چھاپہ مار کارروائی کی۔ پولیس نے دھنی بخش عرف محمد پناہ ولد زمیندار عرف ڈنگل قوم کٹوہر ساکن گوٹھ بلاول خان کو گرفتار کیا، جو کافی عرصہ سے قانون کی گرفت سے فرار تھا۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزم کے خلاف مزید قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے جبکہ دیگر ممکنہ سہولت کاروں کی تلاش بھی جاری ہے۔ ڈی آئی جی عاصم خان نے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہا اور ہدایت کی کہ مفرور و اشتہاری ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کیا جائے تاکہ ضلع میں پائیدار امن قائم رکھا جا سکے۔ شہری حلقوں نے پولیس کی بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے عزم کا خیر مقدم کیا ہے

بقیہ 29 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جن میں سے دو جاں بحق ہو گئے جبکہ دو زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ ایس ایچ او تفتان محمد حکیم کے مطابق ایران سے گیس سے بھری بوزر گاڑیاں تفتان بارڈر پر آتی ہیں اور اپنی گیس پاکستانی بوزر گاڑیوں میں منتقل کر کے واپس چلی جاتی ہیں۔ فلنگ کے دوران اچانک بوزر گاڑیوں میں آگ لگ گئی جس کے باعث زور دار دھماکہ بھی ہوا۔ پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور قریبی گاڑیوں اور افراد کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا۔ دھماکے کے نتیجے میں قریب واقع دس سے گیارہ دکانیں بھی متاثر ہوئیں۔ حکام کے مطابق آگ پر مکمل طور پر قابو پا لیا گیا ہے جبکہ آگ بجھانے کے عمل میں چار ایرانی فائر بریگیڈ گاڑیوں نے بھی حصہ لیا۔ واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔ واقعے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں

بقیہ 30 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

یہ انتخابات قبل ازیں حکومت بلوچستان کی درخواست پر امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر موخر کیے گئے تھے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق مذکورہ پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ 10 مارچ 2026 کو منعقد ہوگی۔ پولنگ کا عمل صبح 8:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک بغیر کسی وقفے کے جاری رہے گا۔ الیکشن کمیشن نے اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر، ریٹرننگ آفیسر اور اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسر بھی تعینات کر دیے ہیں تاکہ شفاف انتخابات کو یقینی بنایا جا سکے

بقیہ 31 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دے دیا گیا۔ گلگوٹیاس یونیورسٹی کی کمیونیکیشنز کی پروفیسر نیہا سنگھ نے بھارتی سرکاری نشریاتی ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ آپ کو اورین سے ملنا چاہیے، یہ گلگوٹیاس یونیورسٹی کے سینٹر آف ایکسیلینس نے تیار کیا ہے۔ سوشل میڈیا صارفین نے جلد ہی نشاندہی کی کہ مذکورہ روبوٹ دراصل چین کی کمپنی یونیٹری روبوٹکس کا تیار کردہ ماڈل یونیٹری گو 2 ہے جو تقریباً 2800 ڈالر میں فروخت ہوتا ہے اور دنیا بھر میں تحقیق اور تعلیمی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس معاملے میں شدت اس وقت آئی جب آئی ٹی وزیر اشونی ویشنو نے مذکورہ ویڈیو کلپ اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر شیئر کیا، تاہم تنقید کے بعد یہ پوسٹ حذف کر دی گئی۔ بعد ازاں بھارت کے شہر گریٹر نوئیڈا میں قائم گلگوٹیاس یونیورسٹی نے اے آئی سمٹ میں چینی ساختہ روبوٹک ڈاگ کو اپنی ایجاد کے طور پر پیش کرنے کی حقیقت سامنے آنے کے بعد معافی مانگ لی۔ نیہا سنگھ نے بھی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ یہ غلط فہمی غیر واضح کمیونیکیشن کے باعث پیدا ہوئی، یونیورسٹی نے کبھی روبوٹ کی تیاری کا باضابطہ دعویٰ نہیں کیا بلکہ اسے طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرانے کے لیے نمائش میں رکھا گیا تھا۔ بھارت کی بڑی اپوزیشن جماعت کانگریس نے بھی اس واقعے پر سخت ردعمل دیتے ہوئے سوشل میڈیا پر کہا کہ مودی حکومت نے اے آئی کے معاملے پر عالمی سطح پر بھارت کا مذاق بنا دیا ہے۔ خیال رہے کہ نئی دہلی میں جاری انڈیا اے آئی امپیکٹ سمٹ جمعے تک جاری رہے گا اور اسے گلوبل ساؤتھ میں ہونے والی پہلی بڑی اے آئی کانفرنس قرار دیا جا رہا ہے۔ سمٹ کے دوران بھارت میں مصنوعی ذہانت کے منصوبوں کے لیے 100 ارب ڈالر سے زائد کی سرمایہ کاری کے اعلانات کیے گئے ہیں جن میں اڈانی گروپ، مائیکروسافٹ اور ڈیٹا سینٹر کمپنی یوٹا کی سرمایہ کاری شامل ہے

بقیہ 32 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ترجیحات میں شامل ہے، اور اس مقصد کے حصول کے لیے مربوط حکمت عملی، شراکت داری اور مؤثر پالیسی سازی ناگزیر ہے وہ اسلام آباد میں منعقدہ پالیسی مشاورتی اجلاس بعنوان ''بلوچستان میں جامع اور موسمیاتی و سماجی چیلنجز سے ہم آہنگ سماجی خدمات کی جانب پیش رفت'' سے افتتاحی خطاب کر رہے تھے۔ یہ مشاورتی اجلاس محکمہ ترقیات و منصوبہ بندی حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام سرینا ہوٹل اسلام آباد میں منعقد ہوا جس میں اقوام متحدہ کے ادارہ برائے اطفال (یونیسف) نے تکنیکی معاونت فراہم کی زاہد سلیم نے اپنے خطاب میں کہا کہ بلوچستان کو جغرافیائی وسعت، موسمیاتی تبدیلیوں، قدرتی آفات اور سماجی و معاشی چیلنجز جیسے مسائل کا سامنا ہے، جن سے نمٹنے کے لیے صحت، تعلیم، پینے کے صاف پانی، غذائیت اور سماجی تحفظ کے شعبوں میں جامع اور دیرپا اصلاحات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ سماجی خدمات کو زیادہ شمولیتی، مساوی اور بحرانوں سے نمٹنے کے قابل بنایا جائے تاکہ صوبے کے ہر شہری، بالخصوص خواتین، بچوں اور کمزور طبقات کو معیاری سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے پرعزم ہے اور اس ضمن میں شواہد پر مبنی پالیسی سازی، بین الصوبائی و بین الاقوامی تعاون، اور ترقیاتی شراکت داروں کے ساتھ مؤثر اشتراک عمل کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس مشاورتی اجلاس کا مقصد متعلقہ ماہرین، پالیسی سازوں اور ترقیاتی شراکت داروں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کر کے ایسی قابل عمل سفارشات مرتب کرنا ہے جو بلوچستان میں سماجی خدمات کے نظام کو مزید مضبوط اور مؤثر بنا سکیں ایڈیشنل چیف سیکرٹری نے یونیسف کی تکنیکی معاونت کو سراہتے ہوئے کہا کہ عالمی اداروں کے تجربات اور مہارت سے استفادہ کرتے ہوئے بلوچستان میں بچوں اور کمزور طبقات کے لیے بہتر مواقع اور سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا مشاورتی اجلاس میں وفاقی و صوبائی حکام، ترقیاتی شراکت داروں، ماہرین تعلیم و صحت، اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے شرکت کی اور بلوچستان میں سماجی خدمات کی بہتری کے لیے مختلف تجاویز اور سفارشات پیش کیں

بقیہ 33 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نتیجے میں چھت گر گئی، جس سے بچی سمیت 16 افراد جاں بحق اور 13 افراد زخمی ہو گئے۔ حادثہ گلی نمبر 05 کے قریب آغا خان اسکول کے علاقے میں پیش آیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ادارے فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔ ایدھی فاؤنڈیشن کی ایمبولینسز اور رضاکار زخمیوں کی فوری منتقلی کے لیے سرگرم عمل رہے۔ لاشوں اور زخمیوں کو سول ہسپتال منتقل کیا گیا ہے جہاں طبی امداد جاری ہے۔ چھیپا ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والے افراد میں طلحہ اور ایک 60 سالہ شخص ریاض شامل ہیں۔ امدادی ادارے اور متعلقہ حکام موقع پر موجود ہیں اور مزید تفتیش جاری ہے کہ دھماکے کی اصل وجہ کیا تھی۔ عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ دھماکے کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ آس پاس کی عمارتیں بھی لرز گئیں، اور علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ اے ایس پی جمشید عاشر کے مطابق واقعہ چار بجکر 15 منٹ پہ پیش آیا۔ بلڈنگ گارڈر پہ بنی تھی۔ عمارت گرنے کی وجہ تلاش کی جارہی ہیں چیف آپریٹنگ آفیسر ڈاکٹر عابد نے بتایا کہ گیس بلاسٹ پہلی منزل پہ ہوا۔ سحری کے وقت دھماکہ ہوا۔ دھماکہ گیس لیکج کے سبب ہوا ہے۔ گراونڈ پلس دو منزلوں پہ چھوٹے کمرے بنے ہوئے ہیں۔ جگہ بہت کم ہونے سے آپریشن میں مشکلات کا سامنا ہے۔ یہ لیگل عمارت نہیں یہ ایک ایک کمرہ کی عمارت ہے۔ عمارت گرنے سے آس پاس کی عمارتوں کو بھی نقصان ہوا۔ حکام نے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ جائے وقوعہ سے دور رہیں تاکہ امدادی کارروائیاں متاثر نہ ہوں۔ جاں بحق و زخمی ہونے والوں میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں۔ ملبے میں مزید ایک سے دو افراد کی موجودگی کی اطلاع ہے۔ عمارت کے ملبے سے دس سالہ سجاد کی بھی لاش نکال لی گئی ہے۔ علاوہ ازیں ملبے سے دو خاتون کی لاش نکال لی گئیں۔ ایک خاتون کی شناخت 44 سالہ زینب کے نام سے کی گئی جبکہ دوسری 17 سالہ افشاں کے نام سے ہوئی۔ ڈی آئی جی ایسٹ ڈاکٹر فرخ لنجار کا میڈیا سے گفتگو میں کہنا تھا کہ ملبے سے 14 افراد کی لاشوں کو نکالا جا چکا ہے۔ ملبے میں ایک لاش دبے ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ واقعے کی تحقیقات کی جائیں گی۔ متعلقہ محکمہ بتائے گا کہ عمارت قانونی تھی یا غیر قانونی۔ تعین کر کے واقعہ کے ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ دوسری جانب وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے واقعے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ صوبائی وزیر شرجیل میمن نے بھی واقعے کو انتہائی افسوسناک قرار دیا ہے۔ 60 سالہ محمد شاہد ولد غلام رسول، 50 سالہ وکیہ ولد چھوٹا، 14 سالہ بلاول ولد وکیہ، 10 سالہ پدھرا دختر وکیہ، 6 سالہ عدنان ولد وکیہ، 7 سالہ ریاض ولد وکیہ، 25 سالہ تسلیم دختر وکیہ، 6 سالہ زین العابدین ولد کامران، 40 سالہ کامران ولد نذر محمد، 12 سالہ سنہان ولد وکیہ، 13 سالہ کوثر دختر انور علی، 55 سالہ آ؟ منہ زوجہ وکیہ، 18 سالہ جنید ولد محمد انور۔ جبکہ زخمیوں میں محمد شاہد ولد غلام رسول (60 سال)، وکیا ولد چھوٹا (50 سال)، بلاول ولد وکیا (14 سال)، پدھرا دختر وکیا (10 سال)، عدنان ولد وکیا (6 سال)، ریاض ولد وکیا (7 سال)، تسلیم دختر وکیا (25 سال)، زین الدین ولد کامران (6 سال)، کامران ولد نظر محمد (40 سال)، سنہان ولد وکیا (12 سال)، کوثر دختر انور علی (13 سال)، آمنہ زوجہ وکیا (55 سال) اور جنید ولد محمد انور (18 سال) شامل ہیں

بقیہ 34 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

وہ آزادانہ طور پر طبی معائنہ کر سکیں۔ مطالبات میں مزید کہا گیا ہے کہ اب تک کیے گئے تمام میڈیکل ٹیسٹ، تشخیصی رپورٹس، ایکسرے، اسکینز اور لیبارٹری نتائج کی مصدقہ نقول فوری طور پر ذاتی معالجین کے ساتھ شیئر کی جائیں۔ ذاتی ڈاکٹرز کو سرکاری میڈیکل بورڈ یا کسی دباؤ کے بغیر اپنی آزادانہ طبی رائے مرتب کرنے کا مکمل اختیار دیا جائے، اور عمران خان کی صحت کی مسلسل نگرانی کے لیے باقاعدہ فالو اپ معائنوں کی اجازت دی جائے۔ تحریک نے واضح کیا کہ علاج اور طبی سہولیات میں کسی بھی قسم کی تاخیر یا بہانہ بازی ناقابل قبول ہوگی اور عمران خان کی صحت ایک انسانی اور آئینی ذمہ داری ہے جس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

بقیہ 35 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دوران عمارتوں میں واضح ہلچل دیکھی گئی جبکہ متعدد افراد گھروں اور دکانوں سے باہر نکل آئے۔ حکام کا کہنا ہے کہ صورتحال کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور ابتدائی اطلاعات کے مطابق تاحال جانی و مالی نقصان کی مکمل تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ متعلقہ ادارے الرٹ ہیں اور مختلف علاقوں سے معلومات اکٹھی کی جا رہی ہیں۔ شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ محفوظ مقامات پر رہیں، غیر ضروری طور پر عمارتوں میں داخل ہونے سے گریز کریں اور احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ مزید اطلاعات موصول ہونے پر آگاہ کیا جائے گا

بقیہ 36 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

لد مقبول صدیقی کی ہدایت پر اعلیٰ تعلیمی شعبے میں پالیسی سازی، معیار تعلیم، تحقیق اور انتظامی قیادت کو مضبوط بنانے کے لیے مختلف اعلیٰ سطح کے عہدوں پر تقرریوں کا اعلان کیا۔ اسٹریٹجک پلاننگ کے رکن، کوالٹی اشورنس کے رکن اور ریسرچ، ڈیولپمنٹ و انوویشن کے رکن کی تقرری 2 سال کے لیے کی جائے گی، جس میں توسیع کی گنجائش بھی رکھی گئی ہے، ان تمام عہدوں کے لیے تنخواہ 9 لاکھ 50 ہزار روپے ماہانہ (تمام مراعات سمیت) مقرر کی گئی ہے، جبکہ ہر عہدے کے لیے ایک ایک آسامی مختص ہے۔ اسٹریٹجک پلاننگ اور کوالٹی اشورنس کے ارکان کی تعیناتی اسلام آباد اور پنجاب میں ہوگی جبکہ ریسرچ، ڈیولپمنٹ و انوویشن کے رکن کی تعیناتی کراچی میں کی جائے گی۔ ان عہدوں کے لیے زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 62 سال مقرر ہے۔ ان عہدوں کے لیے امیدوار کے پاس کسی بھی شعبے میں پی ایچ ڈی اور کم از کم 20 سال کا نمایاں تجربہ ہونا لازمی قرار دیا گیا ہے، جبکہ اعلیٰ تعلیمی اداروں یا سرکاری و نجی شعبے میں قیادت، پالیسی سازی، اسٹریٹجک پلاننگ، پروگرام مینجمنٹ اور گورننس کا تجربہ بھی شرط ہے۔ ایچ ای سی نے نیشنل اکیڈمی آف ہائر ایجوکیشن (ناہے) کے لیے مینیجنگ ڈائریکٹر کی اسامی کا بھی اعلان کیا ہے۔ یہ عہدہ بھی 2 سالہ معاہدے پر ہوگا، جس کے لیے تنخواہ 9 لاکھ 50 ہزار روپے ماہانہ مقرر کی گئی ہے۔ اس عہدے کے لیے اعلیٰ ڈگری، تعلیمی قیادت، ادارہ جاتی ترقی، انسانی وسائل کی تربیت، گورننس، ڈیجیٹل لرننگ، بین الاقوامی تعاون اور تعلیمی اصلاحات کا وسیع تجربہ رکھنے والے امیدوار اہل ہوں گے۔ اس کے علاوہ اکیڈمکس کے رکن کی ایک مستقل اسامی بھی مشتہر کی گئی ہے، جس کے لیے بی پی ایس۔22 اسکیل مقرر ہے۔ اس عہدے کے لیے کم از کم عمر 45 سال اور زیادہ سے زیادہ عمر 55 سال رکھی گئی ہے، جبکہ امیدوار کے پاس پی ایچ ڈی اور کم از کم 22 سال کا تدریسی، تحقیقی یا انتظامی تجربہ ہونا ضروری قرار دیا گیا ہے، اس اسامی کے لیے کوٹہ پنجاب کا ہے۔ ایچ ای سی کے مطابق درخواستیں صرف آن لائن جمع کروائی جا سکتی ہیں اور درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 16 مارچ 2026 مقرر کی گئی ہے، نامکمل یا مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔ ایچ ای سی نے واضح کیا کہ صرف اہل امیدواروں کو انٹرویو کے لیے طلب کیا جائے گا، جبکہ سرکاری ملازمین مناسب چینل کے ذریعے درخواست جمع کرائیں گے

بقیہ 37 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نئے نوٹم کے مطابق بھارتی رجسٹرڈ طیاروں کے لیے پاکستان کی فضائی حدود 23 مارچ تک بند رہے گی۔ بھارت کے تمام رجسٹرڈ ملٹری اور سول طیاروں کو پاکستان کی فضائی حدود سے گزرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ یاد رہے کہ پاکستان نے 23 اپریل 2025 سے بھارتی طیاروں کے لیے اپنی فضائی حدود بند کر رکھی ہے

بقیہ 38 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے اجلاس منعقد ہوا، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے غزہ میں اسرائیلی بربریت اور سیز فائر کی خلاف ورزیوں پر روشنی ڈالی۔ اسحاق ڈار نے اسرائیلی جارحیت بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان غزہ میں جنگ بندی کی اسرائیلی خلاف ورزیوں کی مذمت کرتا ہے، اسرائیل مسلسل سیز فائر کی خلاف ورزی کر رہا ہے، انہوں نے زور دیا کہ سیز فائر کا احترام کیا جانا چاہیے۔ اسحاق ڈار نے مستقل امن کیلئے باہمی احترام پر مبنی سفارت کاری کو ضروری قرار دیا اور واضح کیا کہ فلسطینی اتھارٹی کا مرکزی کردار تمام صورتحال میں لازم و ملزوم ہے، فلسطینیوں کے حق خودارادیت کا احترام کے بغیر کوئی حل قابل عمل نہیں۔ نائب وزیراعظم نے غزہ سے فلسطینیوں کو بیدخل کرنے کے اسرائیلی اقدام کی بھی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ قبل ازیں وزیراعظم شہباز شریف غزہ امن بورڈ میں شرکت کیلئے امریکا پہنچ گئے، وزیراعظم کی امریکی قیادت اور عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں متوقع ہیں۔ ملاقاتوں میں دوطرفہ تعلقات اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا

بقیہ 39 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تو بتائیں کب کہاں اور کیسے؟ انہوں نے مزید کہا کہ 'یا یہ وہ ڈیل ہے جس کا صرف آپ لوگوں کے تصورات اور آپ کو ہی پتہ ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ آپ لوگ خوش قسمت ہیں کہ اس نے بقول آپ کے ڈیل نہیں مانی۔ اگر بانی پی ٹی آئی یہ مبینہ ڈیل قبول کر لیتے تو آپ کو پتہ ہے پھر اس نے تو سیاستدانوں کے پیچھے آنا ہے اور آپ لوگوں کو چھوڑنا بھی نہیں ہے۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ پھر سیاستدانوں نے کہاں جانا ہے یہ مجھے بھی نہیں پتا، کیونکہ کسی اور کے پیچھے نہ بانی جائے گا نہ جا سکتا ہے اور نہ ہی کسی اور میں ہمت اور جرات ہے

بقیہ 40 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

معیار کے موزوں اور کھیلوں کے سامان کا عطیہ دیا۔ پیراڈائز کے صدر کرنل نواب علی (ریٹائرڈ)، شہزاد احمد، پیراڈائز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور روٹری انٹرنیشنل کے سابق ڈسٹرکٹ گورنر؛ ڈاکٹر فواد چوہدری؛ اور ڈاکٹر عائشہ محمود نے اس تقریب میں شرکت کے لیے لاہور سے سفر کیا۔ پیراڈائز ہاکی کلب کے تیم اسلم، مدثر کتاریہ، محمد ریحان اور دیگر نمائندوں نے بھی سرگرمی میں حصہ لیا۔ تمام طلباء، اساتذہ اور عملے کو برآمدی معیار کے جرابوں کے تین جوڑے تحفے کے طور پر پیش کیے گئے، جو انٹرلوپ لمیٹڈ نے دل کھول کر عطیہ کیے۔ تقسیم کے بعد دونوں سکولوں میں پولیو آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ انٹرایکٹو سیشنز کے دوران طلباء کو بتایا گیا کہ ہر پولیو مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر کے ہر بچے کو پولیو کے دو قطرے ضرور پلائے جائیں تاکہ مکمل تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ آگاہی سیشن کے بعد دونوں سکولوں میں اپنی کلاسوں میں نمایاں اور بہترین کارکردگی دکھانے والے طلباء کو پولیو کہانی کی کتابیں پیش کی گئیں۔ صحت مند کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور پولیو کے خاتمے کے پیغام کو تقویت دینے کے لیے دونوں سکولوں کے طلباء کو کرکٹ کے بلے اور فٹ بال پیش کیے گئے جن پر " آئیں پولیو ختم کریں" کا لوگو تھا۔ "پاکستان کو خواندہ بنائیں" مہم کے ذریعے بھی بچوں کی حوصلہ افزائی کی گئی، انہیں اپنی تعلیم جاری رکھنے اور ملک کے ذمہ دار اور نتیجہ خیز شہری بننے کی ترغیب دی گئی۔

بقیہ 41 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے روبرو بدنام زمانہ چھوٹو گینگ کے سربراہ سمیت دیگر ملزمان کی سزاؤں کے خلاف اپیلوں پر سماعت ہوئی۔ جسٹس ملک شہزاد نے ریمارکس دیئے کہ سزائے موت کا مقدمہ دو رکنی بینچ نہیں سن سکتا۔ پراسیکیوٹر رائے اختر حسین نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ یہ مقدمہ مشہور چھوٹو گینگ کا ہے۔ جسٹس شہزاد احمد ملک نے ریمارکس دیئے کہ چھوٹو گینگ تو پنجاب میں بڑا مشہور تھا، ویسے اب تو سی ڈی اے نے سب ختم کر دیا ہے اور سی ٹی ڈی والے تو مقدمات لڑنے والے وکیل عمران کو بھی لے گئے تھے۔ وکیل سردار عثمان کھوسہ نے کہا کہ میں بھی چھوٹو گینگ کی طرف سے پیش ہو رہا ہوں تاہم محفوظ ہوں۔ وکیل نے استدعا کی کہ کیس کی اگلی سماعت منگل کے روز کی جائے۔ جسٹس شہزاد احمد ملک نے استفسار کیا کہ منگل کی تاریخ مانگ رہے ہیں استخارہ تو نہیں کر کے آئے؟ وکیل سردار عثمان نے کہا کہ منگل نہیں تو رمضان کی کوئی تاریخ دے دیں، بابرکت مہینہ ہے اسی مہینے ورلڈ کپ جیتا تھا۔ جسٹس عقیل احمد عباسی نے ریمارکس دیئے کہ اس ورلڈ کپ کا ذکر نہ کیا کریں۔ جسٹس ملک شہزاد نے ریمارکس دیئے کہ کچھ لوگوں کو اس ورلڈ کپ کا ذکر ناگوار گزرتا ہے۔ وکیل چھوٹو گینگ نے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی بھی رمضان میں جیتی گئی تھی۔ جسٹس ملک شہزاد نے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ پہلے تو نہیں اٹھائے گئے، ایسا نہ ہو اب کچھ ہو جائے۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 7 اپریل تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 42 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ران کیمیکل انڈسٹری کو درپیش مسائل، آئندہ بجٹ اور مجوزہ پیٹروکیمیکل پالیسی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے معاشی ترقی کے وژن کے مطابق صنعتوں کو مضبوط بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی صنعتیں اس وقت ہائی یوٹیلیٹی کاسٹ، بلند ٹیکسوں اور مہنگے قرضوں جیسے مسائل کا سامنا کر رہی ہیں، تاہم حکومت ان چیلنجز کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر صنعت کی ترقی اور مقامی مینوفیکچرنگ کے فروغ کے لیے جامع حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ قومی صنعتی پالیسی ترقی کی راہ ہموار کرنے کے لیے تیار کی جا رہی ہے، جبکہ صنعتیں اپنا کیس اور تفصیلی تجزیہ پیش کر سکتی ہیں تاکہ آئندہ بجٹ میں بہتر تجاویز شامل کی جا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد منصوبہ بندی کرتی ہے اور تمام فیصلے باہمی اتفاق رائے سے کیے جاتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ انجینئرنگ ڈیولپمنٹ بورڈ متعلقہ صنعتوں سے مشاورت کے بعد پیٹروکیمیکل پالیسی پیش کرے گا، جبکہ آئندہ بجٹ پاکستان کی صنعتوں اور عوام کے لیے سازگار اور سہولت فراہم کرنے والا ہوگا۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی دن رات محنت کے باعث معاشی صورتحال میں بہتری آ رہی ہے اور حکومت صنعتی شعبے کی بحالی کے لیے پرعزم ہے

بقیہ 43 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

صحت، معیشت اور طرز حکمرانی سمیت مختلف شعبوں میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ جامعات کے سربراہوں کو لکھے گئے خط میں ایچ ای سی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے کہا کہ اے آئی کی تعلیم محض اضافی سہولت نہیں بلکہ وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے، طلبہ کو ڈیجیٹل خواندگی، اخلاقی ذمہ داری، ڈیٹا پرائیویسی، شفافیت اور سماجی اثرات جیسے پہلوؤں کی عملی سمجھ دینا ناگزیر ہے تاکہ وہ عالمی معیارات کے مطابق مہارتیں حاصل کر سکیں۔ خط میں واضح کیا گیا ہے کہ جامعات یہ کورس بطور اختیاری مضمون، بین الشعبہ جاتی کورس یا پروگرام کے اندر معاون مضمون کے طور پر پیش کر سکتی ہیں، نصاب میں اے آئی کے بنیادی تصورات، مختلف شعبوں میں اطلاق، اخلاقی تقاضے، انصاف اور احتساب کو شامل کرنا لازم ہوگا جب کہ جامعات کو پروگرام کی نوعیت کے مطابق مواد میں تخصیص کی اجازت بھی دی گئی ہے۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار
Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت
چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ
صفحات 8

کوئٹہ ٹریفک نظام کو بہتر بنانے کیلئے فوری اقدامات ناگزیر ہیں، شاہزیب کاکڑ

اسکولوں کے اوقات اور دفاتر کے رش کے دوران ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے خصوصی انتظامات کیے جائیں گے تاکہ شہریوں کو غیر ضروری تاخیر اور مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے

سرینا چوک پر ٹریفک جام کے مسائل سے نمٹنے کیلئے کمیٹی تشکیل دی گئی جو کہ چوک کا معائنہ کرکے اپنی تجاویز اور رپورٹ پیش کرے گی، کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی زیر صدارت اجلاس میں ہدایت

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے نظام کی بہتری اور سرینا چوک پر ٹریفک جام کے حل کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ظہور احمد، ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ مرزا بلال، ڈائریکٹر بلوچستان ٹریفک انجینئرنگ بیورو شکیل احمد، ڈپٹی پی ڈی کیو ڈی پی عابد علی، ڈی ایس پی ٹریفک پولیس سیف اللہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن اور آر ٹی اے کوئٹہ کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران شہر میں بڑھتی ہوئی ٹریفک، خصوصاً سرینا چوک پر رش اور شہریوں کو درپیش مشکلات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے فوری اور موثر اقدامات کیے جائیں گے۔ اسکولوں کے اوقات اور دفاتر کے رش کے دوران ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے خصوصی (باقی صفحہ 5 نمبر 1)

کوئٹہ: آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر پولیس ٹریننگ کالج کوئٹہ میں پاسنگ آؤٹ پریڈ کی اختتامی تقریب کے موقع پر تاثرات قلمبند کررہے ہیں

چمن، سرکاری نرخنامے کی پابندی نہ کرنیوالے متعدد دکانداروں کو جرمانے

شہر میں گوشت کی خرید و فروخت سرکاری نرخ نامے کے عین مطابق یقینی بنائی جائے، امتیاز علی بلوچ

چمن (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر چمن امتیاز علی بلوچ نے آج شہر کے مختلف بازاروں کا دورہ کیا اور اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں معیار اور صفائی ستھرائی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے گوشت، گھی، دالیں، چینی، آٹا اور دیگر اشیاء کی مقرر کردہ سرکاری نرخ نامے کے مطابق فروخت کو یقینی بنانے کے لیے دکانوں پر آویزاں ریٹ لسٹ کا معائنہ کیا اور وہاں موجود گاہکوں سے بھی (باقی صفحہ 5 نمبر 4)

قلات، آج کھلی کچہری منعقد کی جائیگی

قلات (خ ن) عوامی مسائل سننے اور انکے حل سے متعلق ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے کل مورخہ 20 فروری 2026 بروز جمعہ بوقت 11:30 بجے دن کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا ہے کھلی کچہری اسسٹنٹ کمشنر قلات (باقی صفحہ 5 نمبر 3)

حکومت رمضان آرڈیننس پر عملدرآمد یقینی بنائے، رحمان رفیق

ماہ صیام کی بابرکت راتیں اللہ تعالیٰ کی خاص رحمتوں کا مظہر ہیں جنہیں عبادت، ذکر و اذکار اور تلاوت قرآن کے ذریعے قیمتی بنایا جائے

نوجوانوں سمیت تمام مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ صوم و صلوٰۃ، بالخصوص نماز تراویح کی پابندی کریں تقویٰ اور عمل صالح کی راہ اختیار کریں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی نائب امیر و امیر ضلع کوئٹہ شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مدنی، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد، حاجی نعمت اللہ اچکزئی اور دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ لہو و لعب اور فضول مشاغل سے اجتناب کرتے ہوئے تقویٰ اور عمل صالح کی راہ اختیار کریں۔ رمضان کے بابرکت روزوں کے قیمتی لمحات کھیل تماشے کی نذر نہ کریں، بلکہ انہیں عبادت، تلاوت اور اصلاح نفس میں لگائیں۔ انہوں نے کہا کہ ماہ صیام کی بابرکت راتیں اللہ تعالیٰ کی خاص (باقی صفحہ 5 نمبر 2)

کوئٹہ: رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں ایک دکاندار افطاری کے لیے گرما گرم سموسے تیار کرنے میں مصروف ہے

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، معروف کمپنیوں کی جعلی مشروبات برآمد

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی بڑیچ مارکیٹ، سیٹلائٹ ٹاؤن اور اولڈ فروٹ مارکیٹ میں کارروائیاں، بڑی مقدار میں جعلی روح افزا اور جام شیریں برآمد کرلیں، منظم نیٹ ورک بے نقاب، سپلائی چین کا سراغ بھی لگا لیا گیا

جعلی اسٹاک پشاور سے بلٹی سسٹم کے ذریعے کوئٹہ منتقل کیا جارہا تھا معروف کمپنیوں کے نام پر تیار کی گئی یہ جعلی مشروبات کوئٹہ شہر سمیت مختلف علاقوں میں سپلائی کی جاتی تھیں، ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ میں جعلی مشروبات کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں کارروائی کرتے ہوئے بڑی مقدار میں جعلی روح افزا اور جام شیریں برآمد کرلیں۔ کارروائیاں بڑیچ مارکیٹ، سیٹلائٹ ٹاؤن اور اولڈ فروٹ مارکیٹ میں خفیہ اطلاع پر کی گئیں جہاں ایک منظم نیٹ ورک بے نقاب ہوا اور سپلائی چین کا سراغ بھی لگا لیا گیا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق جعلی اسٹاک پشاور سے بلٹی سسٹم کے ذریعے کوئٹہ منتقل کیا جارہا تھا۔ حکام نے انکشاف کیا ہے کہ معروف کمپنیوں کے نام پر تیار کی گئی یہ جعلی مشروبات کوئٹہ شہر سمیت مختلف علاقوں میں سپلائی کی جاتی تھیں۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق جعلی مشروبات کی سپلائی کے مرکزی ذرائع تک رسائی کے لیے تحقیقات کا دائرہ مزید وسیع کر دیا گیا ہے اور ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی جاری ہے۔ علاوہ ازیں کوئٹہ شہر اور دیگر اضلاع میں فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر 26 خوراک و پروڈکشن یونٹس پر جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ حکام کے مطابق ناقص صفائی، غیر معیاری اجزاء کے استعمال اور لیبلنگ کی خلاف ورزیوں پر سخت ایکشن لیا گیا۔ اس حوالے سے ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی حبیب اللہ خان نے کہا کہ عوام کی صحت اولین ترجیح ہے اور غیر معیاری و جعلی مصنوعات فروخت کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ رمضان المبارک میں خوراک کی تیاری و فراہمی کی نگرانی کا نظام مزید سخت کر دیا گیا ہے، بی ایف اے انسپکشن ٹیمیں مسلسل فیلڈ میں متحرک رہیں گی تاکہ شہریوں کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی (باقی صفحہ 5 نمبر 5)

تمام تعلیمی اداروں میں تدریسی عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے، اسماعیل مینگل

طلبہ کی حاضری کو یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جائیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر

لورالائی (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) محمد اسماعیل مینگل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالحمید ابڑو، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (فیمیل) فوزیہ درانی، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر اور متعلقہ ڈی ڈی اوز نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں تعلیمی امور، اسکولوں کی کارکردگی، اساتذہ کی حاضری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام تعلیمی اداروں میں تدریسی عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے اور طلبہ کی حاضری کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

عوام کو صحت کی سہولیات فراہم کرنا اولین ذمہ داری ہے، منیر احمد درانی

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کے زیر صدارت پی پی ایچ آئی کا ماہانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ جلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ ڈسٹرکٹ سپورٹ مینیجر پی پی ایچ آئی مجیب بلوچ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر انجم بلوچ سمیت قلات کے تمام بیسک ہیلتھ یونٹس کے انچارج شریک ہوئے ڈی ایس ایم (باقی صفحہ 5 نمبر 24)

عوامی تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، خالد خان

ایسے ترقیاتی منصوبوں کو اولین ترجیح دی جائیگی جو عوامی مسائل کے حل سے متعلق ہوں

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC)، ڈسٹرکٹ امپلیمنٹیشن کمیٹی (DIC) اور ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کوآرڈینیشن کمیٹی (DICC) کے اہم اجلاس منعقد ہوئے جن میں ضلعی سطح پر ترقیاتی امور، امن و امان کی صورتحال اور محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس میں پی ایس ڈی پی فیز ٹو کے تحت مختلف ترقیاتی اسکیموں کی منظوری دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ ایسے ترقیاتی منصوبوں کو اولین ترجیح دی جائے گی جو کھلی کچہریوں میں عوام کی جانب سے براہ راست (باقی صفحہ 5 نمبر 6)

اوتھل میں رمضان کے آغاز پر مہنگائی کا طوفان

اوتھل (یو این اے) ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل میں رمضان المبارک کے آغاز کے ساتھ ہی مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی ہے۔ روزمرہ استعمال کی اشیاء، خصوصاً آٹا، دالیں، گھی، چینی، سبزیاں، پھل، مرچ مصالحہ جات اور گوشت کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ بکرے اور اونٹ کا گوشت عام آدمی کی دسترس سے (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

ڈاکٹرز اور ٹیکنیکل اسٹاف جائے تعیناتیوں پر حاضری یقینی بنائیں، منیر احمد درانی

ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل کیلئے لوگوں کا صحت مند ہونا ضروری ہے

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ مینجمنٹ کمیٹی کا ماہانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ ڈی ایچ او ڈاکٹر انجم بلوچ ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر نصراللہ لانگو DSM پی پی ایچ آئی مجیب بلوچ ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد اقبال نورزئی انچارج آر ایچ سی منڈے حاجی ڈاکٹر فدا بلوچ ڈاکٹر منور ڈرگ انسپکٹر ڈاکٹر محمد طاہر ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس کے آفتاب دھوار ڈسٹرکٹ میڈیسن اسٹور انچارج ڈاکٹر وسیم لانگو سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ او آفس رضوان حیدر نے شرکت کی اجلاس میں صحت کے شعبے سے متعلق جاد (باقی صفحہ 5 نمبر 22)

ماہ رمضان ضلعی انتظامیہ سبی کے زیر اہتمام سستا بازار کا انعقاد

سستے بازار میں فروٹ، سبزی، آلو، پیاز، ٹماٹر، دودھ، دہی، کھجور، مرغی کا گوشت، بیف، کریانہ کی اشیاء اور دیگر اشیائے خوردونوش کے دکانداروں کی شرکت

سستے بازار میں اشیائے ضروریہ کے نرخوں میں نمایاں کمی کی گئی تھی تاکہ عوام رمضان المبارک کے دوران مقررہ قیمتوں پر معیاری اشیاء خرید سکیں، ضلعی انتظامیہ

سبی (خ ن) ضلعی انتظامیہ سبی کی جانب سے ماہ رمضان المبارک کے سلسلے میں سبی میں سستا بازار کا انعقاد کیا گیا، جس میں فروٹ، سبزی، آلو، پیاز، ٹماٹر، دودھ، دہی، کھجور، مرغی کا گوشت، بیف، کریانہ کی اشیاء اور دیگر اشیائے خوردونوش کے دکانداروں نے شرکت کی۔ سستا بازار میں اشیائے ضروریہ کے نرخوں میں نمایاں کمی کی گئی تھی تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے اور وہ رمضان المبارک کے دوران مناسب اور مقررہ قیمتوں پر معیاری اشیاء خرید سکیں۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بازار کی مسلسل نگرانی کی گئی اور دکانداروں کو ہدایت دی گئی کہ مقررہ نرخنامے کی پابندی یقینی بنائی جائے تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی شکایت کا سامنا نہ کرنا پڑے

ضلعی انتظامیہ سبی کے زیر اہتمام رمضان سستا بازار، اشیائے ضروریہ رعایتی نرخوں پر دستیاب

کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد عوامی مسائل حل کرنا ہے، میران بلوچ

ضلعی انتظامیہ تعلیم وصحت کے شعبوں میں بہتری کیلئے متحرک ہے اور متعدد عملی اقدامات کیے جاچکے ہیں

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ کے زیر صدارت ضلعی انتظامیہ کی جانب سے میونسپل کمیٹی لورالائی کے ہال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، کھلی کچہری میں قبائلی عمائدین، سماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی انجمن تاجران، ہندو برادری ناصر آباد، باور ناصران، صحافیوں اور عوام نے بڑی تعداد نے شرکت کرکے اپنے مسائل اور تجاویز پیش کیں۔ جہاں ڈپٹی کمشنر نے شہریوں سے انتظامی امور، تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، سڑکوں کی حالت، بجلی اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق درپیش مسائل تفصیل سے دریافت کیے۔ شرکا نے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی کمی، مراکز صحت میں ادویات کی دستیابی، عملے کی حاضری اور دیگر انتظامی امور (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

بزنس فیسلیٹیشن سینٹر کے قیام سے روزگار کے مواقع پیدا ہونگے، بلال کاکڑ

بزنس فیسلیٹیشن سینٹر (BFO) کے قیام سے صوبہ بلوچستان میں صنعتی، تجارتی اور سرمایہ کاری کی سرگرمیوں کو نمایاں فروغ حاصل ہوگا

بزنس فیسلیٹیشن سینٹر کا باقاعدہ افتتاح جلد وزیر اعلیٰ بلوچستان کرینگے، جو صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے حکومت کے عزم کا واضح مظہر ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بزنس فیسلیٹیشن سینٹر (BFC) کے قیام سے صوبہ بلوچستان میں صنعتی، تجارتی اور سرمایہ کاری کی سرگرمیوں کو نمایاں فروغ حاصل ہوگا اور کاروبار میں خاطر خواہ آسانی پیدا ہوگی۔ یہ بات انہوں نے بزنس فیسلیٹیشن سینٹر کی افتتاحی تقریب کی تیاریوں کے حوالے سے منعقدہ ایک اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے سینئر حکام اور بی ایف سی ٹیم نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بزنس فیسلیٹیشن سینٹر کا باقاعدہ افتتاح جلد وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کریں گے، جو صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری ماحول کی بہتری کے لیے حکومت کے عزم کا واضح مظہر (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

محکمہ ایجوکیشن میں تعیناتیوں بارے اعتراضات کی دوسرے روز بھی سماعت

تمام کارروائی حکومت بلوچستان کی ہدایات کے مطابق شفاف انداز میں مکمل کی جارہی ہے، ذوالفقار علی کرار

نصیرآباد (خ ن) نصیر آباد میں محکمہ ایجوکیشن میں تعیناتیوں پر اعتراضات کی سماعت جاری ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ذوالفقار علی کرار کی زیر صدارت محکمہ ایجوکیشن میں تعیناتیوں کے حوالے سے اعتراضات کی سماعت کا سلسلہ دوسرے روز بھی جاری رہا، جس میں دیگر خواتین امیدواروں نے کمیٹی کے سامنے اپنے اعتراضات پیش کیے۔ اعتراضات سننے والی کمیٹی میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالحفیظ کھوسہ، عبدالواحد سومرو اور عمرانہ انجم سمیت دیگر افسران شامل تھے۔ ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار نے فرداً فرداً تمام خواتین امیدواروں کے اعتراضات سنے اور (باقی صفحہ 5 نمبر 9)

کوئٹہ تا چمن چلنے والی ٹوڈی گاڑیوں کے خود ساختہ کرائے، عوام پریشان

چمن (یو این اے) چمن اور کوئٹہ کے درمیان چلنے والی ٹوڈی گاڑیوں کے بعض ڈرائیوروں کی جانب سے خود ساختہ کرائے مقرر کرنا عوام کے ساتھ زیادتی کے مترادف ہے۔ اطلاعات کے مطابق مسافروں سے فی کس 1500 روپے تک کرایہ وصول کیا جارہا ہے، جو غریب اور (باقی صفحہ 5 نمبر 10)

کوئٹہ میں جدی پدری زمینوں پر غیر قانونی قبضے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا شدید ردعمل

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نے کوئٹہ کے مقامی عوام کی جدی پدری زمینوں پر غیر قانونی الاٹمنٹ اور سرکاری قبضے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ پارٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ جدی پدری زمینوں کی غیر قانونی سیٹلمنٹ فوری منسوخ کی جائے اور عوام کے حق (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر پولیس ٹریننگ کالج میں نئے تعمیر ہونے والے 'ویمن میس ہال' کا افتتاح کرنے کے بعد دعا کررہے ہیں

سبی میں کپڑوں کی سلائی کے نرخوں میں غیر معمولی اضافہ، عوام میں تشویش

سبی (یو این اے) سبی شہر میں کپڑوں کی سلائی کے نرخوں میں غیر معمولی اضافہ نے عوام خصوصاً غریب طبقے کو شدید پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ درزی حضرات فی جوڑا سلائی کے لیے 1800 سے 2200 روپے تک وصول کر رہے ہیں، جو عام آدمی کی قوت خرید سے باہر ہے۔ متاثرہ شہریوں نے ضلعی انتظا (باقی صفحہ 5 نمبر 11)

معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی اولین ترجیح ہے، کمشنر لورالائی ڈویژن

عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے معیاری اشیاء مناسب نرخوں پر دستیاب رکھی جائیں، ولی بڑیچ

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی خصوصی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے متحرک ہوگئی ہے۔ اسی سلسلے میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لورالائی اسماعیل مینگل اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی لورالائی محب اللہ خان بلوچ نے رمضان سستا بازار کا تفصیلی دورہ کرتے ہوئے انتظامی امور، اشیائے خورد و نوش کے معیار، قیمتوں اور فراہمی کے نظام کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ دورے کے دوران افسران نے مختلف اسٹالز کا معائنہ کیا، سرکاری نرخناموں کا موازنہ کیا اور دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے معیاری (باقی صفحہ 5 نمبر 12)

تحریک انصاف کا کرپٹ ایم پی اے کی پشتون مخالف بیانات پر شدید ردعمل

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن اور سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن جمیل، ایڈووکیٹس میر وائیس، احمد شاہ، عمر فاروق، عبداللہ، ڈاکٹر منصور، ڈاکٹر رستم، ڈاکٹر خوشحال خان، سردار احمد اور سردار بہلول خان نے فارم 47 کے ایک کرپٹ ایم پی اے کے حالیہ پشتون مخالف بیانات پر شدید احتجاج کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ مذکورہ ایم پی اے، جسے حال ہی میں کرپشن کی بنیاد پر وزارت سے ہٹایا گیا (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

سٹینڈ الون ریکروٹنگ ایجنٹس بی آر اے سے فوری رجسٹریشن کروائیں، اتھارٹی

ہر ٹیکس پیریڈ کی ریٹرن بروقت جمع کرائیں تاکہ قانونی تقاضوں کی مکمل پاسداری یقینی بنائی جاسکے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) نے بیرون ملک روزگار کیلئے افراد اور گروپس کی بھرتی میں مصروف اسٹینڈ الون ریکروٹنگ ایجنٹس کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ فوری طور پر بی آر اے کے ساتھ اپنی رجسٹریشن مکمل کریں اور ہر ٹیکس پیریڈ کی ریٹرن بروقت جمع کرائیں تاکہ قانونی تقاضوں کی مکمل پاسداری یقینی بنائی جا سکے۔ بی آر اے کے مطابق بلو (باقی صفحہ 5 نمبر 19)

عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل اولین ترجیح ہے، میران بلوچ

مکمل شدہ اسکیموں کی جامع فہرستیں مرتب کرکے پیش کی جائیں، ڈپٹی کمشنر لورالائی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس ڈی سی آفس میں منعقد ہوا جس میں ایف سی کرنل حسن، ایس ڈی پی او عبدالکریم مندوخیل، ایکسین بی اینڈ آر احمد دین، ایکسین پی ایچ ای اختر مندوخیل سمیت ضلع بھر کے تمام محکموں کے سربراہان اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں جاری ترقیاتی (باقی صفحہ 5 نمبر 18)

چمن، سرکاری نرخ نامہ پر ضلعی انتظامیہ اور قصاب یونین میں ٹکراؤ، گوشت کی دکانیں بند

چمن (یو این اے) چمن شہر میں سرکاری نرخ نامہ پر ضلعی انتظامیہ اور قصاب یونین کے درمیان ٹکراؤ کے باعث قصاب یونین کی طرف سے بڑے اور چھوٹے گوشت کی دکانوں پر ہڑتال شروع کردی گئی ہے۔ اس کے نتیجے میں شہر میں گوشت کی تمام دکانیں بند ہیں اور شہریوں کو گوشت کی فراہمی متاثر ہوگئی ہے۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 5 نمبر 13)

کوئٹہ، صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران سے پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی ملاقات کررہے ہیں

عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، عزیز اللہ کاکڑ

سبزیوں، گوشت اور دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام اور کمی کیلئے باہمی تعاون ناگزیر ہے

چمن (خ ن) اے سی سٹی چمن عزیز اللہ کاکڑ نے آج رمضان المبارک کے پہلے روز عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے مہنگائی اور خود ساختہ گرانفروشی شہر کے مختلف بازاروں اور مارکیٹوں کا دورہ کیا اے سی چمن نے دورے کے دوران مختلف دکانوں میں اشیاء خوردونوش کی قیمتیں معیار صفائی ستھرائی سیفٹی پریکاشنز اور ایس او پیز پر عملدرآمد کا جائزہ لیا انہوں نے عوامی صحت عامہ کے (باقی صفحہ 5 نمبر 17)

مادر وطن میں مادری زبان ہر قوم کی ترقی اور شناخت کی ضمانت ہے، احمد خان

جو قومیں اپنی زبان، ثقافت اور روایات کو برقرار رکھتی ہیں، افغان قومی موومنٹ

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان نے 21 فروری کو مادری زبان کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ مادر وطن میں مادری زبان ہر قوم کی ترقی اور شناخت کی ضمانت ہے۔ انہوں نے پشتون قوم کے ہر فرد پر زور دیا کہ وہ پشتو زبان کو کمپیوٹر، سوشل میڈیا اور لکھ پڑھ کے ذریعے عام کرے تاکہ مادری زبان کے فروغ کے ساتھ قومی ترقی کو یقینی بنایا جا سکے۔ احمد خان نے کہا کہ پشتون افغان قوم اپنی مخصوص زبان، لباس، رسم و رواج اور ثقافت کے ذریعے دنیا میں پہچانی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو قومیں اپنی زبان، ثقافت اور روایات کو برقرار رکھتی ہیں، وہ دنیا میں ترقی اور پہچان حاصل کرتی ہیں۔ انہوں نے پشتون عوام سے اپیل کی کہ وہ مادری زبان کو سرکار (باقی صفحہ 5 نمبر 14)

رمضان المبارک کا مہینہ محبت اور اخوت کا مہینہ ہے، مذہبی جماعتیں

رمضان المبارک رحمتوں، برکتوں اور سعادتوں کا مہینہ ہے یہ وہ مبارک گھڑیاں ہیں جن میں آسمانوں سے رحمتوں کی بارش ہوتی ہے' حاجی نواز کاکڑ

مستحقین میں سحری اور افطاری کا بندوبست اور ان کو راشن فراہم کریں' حاجی عین اللہ شمس' قاری مہراللہ' زاہد اختر

کوئٹہ (اے این این) مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ رمضان المبارک کا مہینہ محبت اور اخوت کا مہینہ ہے اس مہینے میں بحیثیت مسلمان ہم نے دنیا و آخرت کی کامیابی حاصل کرنے کے لیے اللہ کے حضور میں سجدہ ریز ہو کر ملک کی استحکام اور خوشحالی کے لیے دعائیں مانگنی چاہئے اور ساتھ میں مہنگائی ذخیرہ اندوزی سے گریز اور غریب عوام کو اس مقدس مہینے میں شریک کرنے کے لیے بھرپور طریقے سے ان کی مدد کرنا ہوگی' یہ بات جمعیت علماء اسلام کے صوبائی رہنما سابق صوبائی وزیر حاجی نواز کاکڑ' جمعیت علماء اسلام کے ضلعی جنرل سیکرٹری سابق صوبائی وزیر حاجی عین اللہ شمس' جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے ضلعی امیر قاری مہراللہ اور جماعت اسلامی کے صوبائی رہنما زاہد اختر نے رمضان المبارک کے حوالے (باقی صفحہ 5 نمبر 16)

مادری زبان میں لکھنا، پڑھنا اور بولنا ہر فرد کی قومی و اخلاقی ذمہ داری ہے، حافظ حبیب الرحمٰن

بولان (یو این اے) جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمٰن، جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی، سیکرٹری اطلاعات حافظ اکرام اللہ، سیکرٹری مالیات حافظ عبدالمنتقم کاکڑ، اور دیگر رہنماؤں نے 21 فروری کے موقع (باقی صفحہ 5 نمبر 15)

کوئٹہ، گورنر جعفر خان مندوخیل سے صدر بلوچستان اسٹیفلیکس ایسوسی ایشن قیصر محمود خان کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے



Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ

صحافت

پبلشر ملک نعیم خان کاکڑ نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ صحافت کوئٹہ فلیٹ نمبر 8 دبئی پلازہ منان چوک کوئٹہ سے شائع کیا۔

فون نمبر 081-2828822 فیکس نمبر 03337887770 اسلام آباد بیورو: آفس نمبر 712 فرسٹ فلور کشمیر کلاتھ ہاؤس آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد فون نمبر 051-2603196

E-Mail Address: dailysahafat.quetta@gmail.com

عزمِ نو بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کی برق رفتار تکمیل اور حکومتی سنجیدگی

بلوچستان کی تعمیر و ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبائی حکومت نے ایک ایسے نئے دور کا آغاز کیا ہے جہاں ترقیاتی منصوبوں کی محض فائلیں تیار نہیں ہوتیں بلکہ زمین پر ان کے اثرات بھی نظر آنے لگے ہیں۔ حال ہی میں جاری ہونے والے سرکاری اعلامیے کے مطابق، وزیر اعلیٰ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کا صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے اہم منصوبوں کا تفصیلی دورہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ حکومت اب "تعمیراتی معیار اور مقررہ وقت" پر کسی قسم کا سمجھوتہ کرنے کو تیار نہیں ہے۔ ریڈ زون سے لے کر چمن پھاٹک، کوئلہ پھاٹک، عالمو چوک، ایئرپورٹ روڈ اور چشمہ پل جیسے کلیدی منصوبوں پر کام کی رفتار کا جائزہ لینا اور وہاں موجود تکنیکی ماہرین سے بریفنگ لینا ظاہر کرتا ہے کہ انتظامیہ شہر کی رگوں میں دوڑتے ٹریفک کے مسائل کو حل کرنے کے لیے کس قدر مستعد ہے۔ چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس ڈاکٹر سجاد بلوچ اور دیگر ایگزیکٹو انجینئرز کی موجودگی میں کیے گئے اس دورے نے یہ واضح پیغام دیا ہے کہ اب بیوروکریسی صرف دفاتر تک محدود نہیں بلکہ فیلڈ میں موجود رہ کر عوامی منصوبوں کی نگرانی کر رہی ہے، جو کہ گڈ گورننس کی ایک اعلیٰ مثال ہے۔ اس انتظامی دورے کا سب سے خوش آئند پہلو سیکرٹری مواصلات کا وہ سخت گیر موقف ہے جس میں انہوں نے ہر پندرہ روز بعد خود معائنہ کرنے کا اعلان کیا ہے، یہ اقدام نہ صرف منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائے گا بلکہ افسران کے اندر جوابدہی کا احساس بھی پیدا کرے گا۔ حکومت کا یہ عزم کہ اگر پیش رفت تسلی بخش نہ ہوئی تو متعلقہ حکام کے خلاف محکمانہ کارروائی ہوگی، دراصل عوام کے ٹیکس کے پیسے کی حفاظت اور ان کی سہولت کو اولیت دینے کا ثبوت ہے۔ ان شاہراہوں اور پلوں کی تکمیل سے نہ صرف کوئٹہ کے شہریوں کو ٹریفک کے دیرینہ مسائل سے نجات ملے گی بلکہ شہر کا انفراسٹرکچر بھی جدید خطوط پر استوار ہوگا۔ عوامی حلقوں کی جانب سے اس فعال نگرانی کو سراہا جانا اس بات کی دلیل ہے کہ جب حکومت خلوص نیت سے میدان عمل میں اترتی ہے تو عوام اور ریاست کے درمیان اعتماد کا رشتہ مزید مضبوط ہوتا ہے۔ تعمیراتی معیار پر سمجھوتہ نہ کرنے کی تاکید اور مقررہ مدت کے اندر منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی یہ کوششیں بلوچستان کے روشن اور ترقی یافتہ مستقبل کی نوید سنا رہی ہیں، جو بلاشبہ صوبائی حکومت کی انتظامی بصیرت اور عوامی ہمدردی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

''پولیس اصلاحات: کیمرے لگ گئے، انصاف کب؟''

یونس باٹھ

پنجاب میں پولیس اصلاحات کے اعلان ابھی تازہ ہی تھے کہ ایک حالیہ واقعے نے ان دعوؤں کی حقیقت ایک بار پھر بے نقاب کر دی۔ چند روز قبل ایک شہری اپنے ساتھ ہونے والی زیادتی کی شکایت لے کر تھانے پہنچا۔ اس نے نہ کسی بڑے نام کا حوالہ دیا، نہ سفارش کا سہارا لیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ اسے بٹھایا گیا، مختلف بہانوں سے ٹالا گیا، اور آخر کار یہ کہہ کر رخصت کر دیا گیا کہ ''اوپر سے اجازت آئے گی تو دیکھیں گے''۔ نہ ایف آئی آر درج ہوئی، نہ یہ پوچھا گیا کہ اس تاخیر سے شہری کو کتنا نقصان پہنچا۔ یہ کوئی واحد واقعہ نہیں، بلکہ ہمارے تھانوں کا معمول ہے۔ یہی وہ تلخ حقیقت ہے جو پولیس اصلاحات کے تمام دعوؤں کو کڑی آزمائش میں ڈال دیتی ہے۔ پینک بٹن، باڈی کیمرے، مانیٹرنگ رومز اور شائستہ لہجے کی ہدایات اس وقت بے معنی ہو جاتی ہیں جب ایک شہری کو اندر داخل ہوتے ہی یہ احساس ہو جائے کہ یہاں انصاف اس کی دسترس میں نہیں۔ اگر کیمرے کے سامنے بھی شہری کو نظرانداز کیا جا سکتا ہے تو پھر مسئلہ اصلاحات کی کمی نہیں، نیت کی سمت ہے۔ پاکستان میں پولیس کا بنیادی مسئلہ بد کلامی یا رویہ نہیں، بلکہ جوابدہی کا فقدان ہے۔ پولیس اہلکار یہ جانتا ہے کہ زیادہ سے زیادہ کیا ہوگا؟ تبادلہ، معطلی یا ایک خاموش انکوائری۔ جب سزا خفیہ ہو، اور اثر وقتی، تو نظام میں خوف نہیں آتا۔ کیمرے صرف مناظر محفوظ کرتے ہیں، اگر ان کے نتائج عوام تک نہ پہنچیں تو وہ انصاف پیدا نہیں کرتے۔ حالیہ کیس میں بھی یہی ہوا۔ شہری کو بتایا گیا کہ درخواست ''اوپر بھیج دی گئی'' ہے، مگر یہ نہیں بتایا گیا کہ کب فیصلہ ہوگا، کون ذمہ دار ہوگا، اور اگر اس تاخیر سے نقصان بڑھ گیا تو اس کا ازالہ کون کرے گا۔ یہ وہ سوالات ہیں جن سے ریاست برسوں سے نظریں چراتی آئی ہے، کیونکہ ان کا جواب دینا پڑے تو ماننا پڑے گا کہ ریاست خود ناکام ہوئی ہے۔ یہی طرز فکر ہمیں ماضی میں سی سی ڈی کے تجربے میں بھی نظر آیا۔ ریاست نے طاقت دکھائی، مقابلے ہوئے، میڈیا پر کامیابیوں کے دعوے کیے گئے۔ مگر متاثرہ شہری؟ اس کے لیے ریاست کے پاس سوائے ایک جملے کے کچھ نہ تھا: ''ملزم مارا گیا'' یا ''گرفتار ہو گیا''۔ حالانکہ ایک لٹنے ہوئے شخص کے لیے یہ خبر انصاف نہیں ہوتی۔ اس کے لیے انصاف اس دن ہوتا ہے جب اس کا نقصان پورا ہو۔ اب پولیس اصلاحات کے اس نئے پیکج کے ساتھ بھی یہی خدشہ جڑا ہوا ہے۔ اگر چند ماہ بعد تھانوں میں کیمرے تو لگ جائیں مگر فیصلے وہی پرانے رہیں، اگر شکایات درج تو ہوں مگر انجام تک نہ پہنچیں، اگر زیادتی ثابت ہو جائے مگر سزا نظر نہ آئے، تو یہ اصلاحات بھی نمائشی بن کر رہ جائیں گی۔ نئے آئی جی پولیس کے لیے یہ وقت محض انتظامی ذمہ داری نبھانے کا نہیں، بلکہ اعتماد بحال کرنے کا ہے۔ پولیس کے اندر بھی بہت سے افسران اور اہلکار موجود ہیں جو واقعی نظام کی بہتری چاہتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا انہیں وہ پشت پناہی ملے گی جو طاقتور کے دباؤ کے سامنے کھڑے ہونے کے لیے ضروری ہوتی ہے؟ اگر احتساب چند کمزور کڑیوں تک محدود رہا اور اصل مسائل کو ہاتھ نہ لگایا گیا تو اصلاحات کا فائدہ بھی محدود ہی رہے گا۔ سب سے بنیادی سوال اب بھی وہی ہے۔ پولیس کے اندر بھی بہت سے افسران اور اہلکار موجود ہیں جو واقعی نظام کی بہتری چاہتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا انہیں وہ پشت پناہی ملے گی جو طاقتور کے دباؤ کے سامنے کھڑے ہونے کے لیے ضروری ہوتی ہے؟ اگر احتساب چند کمزور کڑیوں تک محدود رہا اور اصل مسائل کو ہاتھ نہ لگایا گیا تو اصلاحات کا فائدہ بھی محدود ہی رہے گا۔ سب سے بنیادی سوال اب بھی وہی ہے جس سے ریاست مسلسل گریز کرتی آئی ہے: کیا حکومت متاثرہ شہری کے نقصان کے ازالے کا کوئی واضح نظام متعارف کروائے گی؟ کیا پولیس کی ناکامی یا غفلت کی قیمت ریاست ادا کرے گی؟ دنیا کے مہذب معاشروں میں اگر پولیس شہری کو تحفظ دینے میں ناکام ہو تو ریاست خود آگے آتی ہے۔ ہمارے ہاں ریاست پیچھے ہٹ جاتی ہے

بنگلہ دیش کا بدلتا سیاسی منظر نامہ

محمد اکرم چوہدری

بنگلہ دیش کی سیاست طویل عرصے سے دو بڑی جماعتوں، یعنی عوامی لیگ اور بنگلہ دیش نیشنل پارٹی کے گرد گھومتی رہی ہے۔ ان دونوں کے درمیان کشمکش نے سیاسی نظام کو اس حد تک پولرائز کر دیا کہ درمیانی راستے اور مکالمے کی گنجائش کم ہوتی گئی۔ جماعت اسلامی جیسی نظریاتی جماعتیں اس تقسیم کے اندر اپنی جگہ بنانے کی کوشش کرتی رہیں، مگر 1971 کے واقعات، جنگی جرائم کے مقدمات اور ریاستی کارروائیوں نے ان کے سیاسی دائرے کو محدود کیا۔ حالیہ انتخابات کے بعد اگرچہ حکومت نے اپنی برتری برقرار رکھی، مگر سیاسی فضا میں اعتماد کا بحران ختم نہیں ہوا۔ مستقبل کے خدشات میں سب سے بڑا خدشہ یہی ہے کہ اگر اپوزیشن کو مسلسل غیر موثر رکھا گیا تو سیاسی عمل سڑکوں پر منتقل ہو سکتا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب پارلیمان کمزور ہو اور انتخابی نظام پر اعتماد متزلزل ہو جائے تو احتجاج، ہڑتال اور عوامی تحریکیں شدت اختیار کر لیتی ہیں۔ بنگلہ دیش میں نوجوان آبادی کی بڑی تعداد، سوشل میڈیا کی رسائی اور معاشی دباؤ اس امکان کو مزید بڑھا دیتے ہیں۔ اگر حکومت سیاسی مکالمے کا راستہ کھلا نہیں رکھتی تو وقتی استحکام طویل المدتی بے چینی میں بدل سکتا ہے۔ دوسرا خدشہ معاشی میدان سے جڑا ہے۔ بنگلہ دیش نے گزشتہ دہائی میں معاشی ترقی کی رفتار برقرار رکھی، مگر عالمی مہنگائی، زرمبادلہ کے ذخائر پر دباؤ اور برآمدات کے چیلنجز نے معیشت کو نازک بنا دیا ہے۔ اگر سیاسی عدم استحکام بڑھا تو سرمایہ کاری متاثر ہو سکتی ہے۔ عالمی ادارے اور مالیاتی تنظیمیں سیاسی استحکام کو سرمایہ کاری کے لیے بنیادی شرط سمجھتی ہیں۔ اس لیے نئی حکومت کے لیے سب سے بڑا امتحان یہ ہوگا کہ وہ سیاسی تناؤ کو کم کرتے ہوئے معاشی اصلاحات کو آگے بڑھائے۔ امکانات کی بات کی جائے تو بنگلہ دیش میں ایک مضبوط بیوروکریسی، فعال گارمنٹس سیکٹر اور تیزی سے ابھرتا ہوا نوجوان طبقہ موجود ہے۔ اگر سیاسی قیادت تدبر کا مظاہرہ کرے اور انتخابی اصلاحات پر سنجیدہ پیش رفت ہو تو جمہوری عمل کو زیادہ قابل اعتماد بنایا جا سکتا ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ الیکشن کمیشن کو مکمل خودمختاری دی جائے، عدالتی نگرانی موثر ہو، اور اپوزیشن کو سیاسی سرگرمیوں کی مکمل آزادی ملے۔ اگر یہ اقدامات کیے جائیں تو عالمی سطح پر بھی بنگلہ دیش کی جمہوری ساکھ بہتر ہو سکتی ہے۔ عالمی قبولیت کے حوالے سے صورت حال نسبتاً حقیقت پسندانہ ہے۔ مغربی دنیا عموماً شفاف انتخابات اور انسانی حقوق پر زور دیتی ہے، مگر ساتھ ہی خطے میں استحکام اور اسٹریٹجک مفادات کو بھی مدنظر رکھتی ہے۔ امریکہ اور یورپی یونین نے انتخابی عمل پر سوالات اٹھائے، لیکن مکمل سفارتی تنہائی اختیار نہیں کی۔ چین بنگلہ دیش میں انفراسٹرکچر اور سرمایہ کاری کے بڑے منصوبوں میں شریک ہے، اس لیے اس کا زاویہ معاشی اور جغرافیائی مفادات سے جڑا ہے۔ عالمی سطح پر کسی بھی حکومت کی قبولیت اس کی داخلی کارکردگی، معاشی نظم و ضبط اور علاقائی استحکام سے مشروط ہوتی ہے، نہ کہ صرف نظریاتی شناخت سے۔ بھارت کا کردار اس پورے منظر نامے میں نہایت اہم ہے۔ بھارت اور بنگلہ دیش کے تعلقات تاریخی، جغرافیائی اور معاشی حوالوں سے گہرے ہیں۔ حسینہ شیخ کے دور میں دونوں ممالک کے تعلقات نسبتاً قریبی رہے، خاص طور پر سیکورٹی اور سرحدی تعاون کے حوالے سے۔ بھارت کی بنیادی ترجیح خطے میں استحکام اور اپنی مشرقی سرحد پر دوستانہ حکومت کا برقرار رہنا ہے۔ اس لیے وہ عموماً ایسی سیاسی قوت کو ترجیح دیتا ہے جو اس کے سیکورٹی خدشات کو کم کرے۔ تاہم یہ کہنا کہ بھارت براہ راست انتخابی نتائج میں مداخلت کرتا ہے، ایک سنگین الزام ہے جس کے لیے مضبوط شواہد درکار ہوتے ہیں۔ سفارتی اثر و رسوخ اور معاشی روابط ہر ہمسایہ ملک کے درمیان ہوتے ہیں، مگر انہیں براہ راست انتخابی دھاندلی کے مترادف قرار دینا سادہ کاری ہوگی۔ بھارتی رویے کا مستقبل بھی بنگلہ دیش کی داخلی سیاست سے جڑا ہے۔ اگر نئی حکومت بھارت کے ساتھ موجودہ سطح کے تعلقات برقرار رکھتی ہے تو علاقائی تعاون جاری رہے گا، لیکن اگر کسی وقت قومی سیاست میں بھارت مخالف بیانیہ شدت اختیار کرتا ہے تو تعلقات میں کشیدگی آ سکتی ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان پانی کی تقسیم، سرحدی معاملات اور تجارت جیسے مسائل پہلے ہی حساس ہیں۔ اس لیے سیاسی استحکام دونوں کے مفاد میں ہے۔ حتمی طور پر کہا جا سکتا ہے کہ بنگلہ دیش ایک نازک مگر امکانات سے بھرپور مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔ اگر سیاسی قیادتیں محاذ آرائی کے بجائے تدریجی اصلاحات کا راستہ اپنائیں، اپوزیشن کو جائز سیاسی کردار ادا کرنے دیں اور انتخابی نظام پر اعتماد بحال کریں تو جمہوریت مضبوط ہو سکتی ہے۔ لیکن اگر طاقت کا ارتکاز بڑھتا رہا اور سیاسی مکالمہ کمزور ہوا تو عدم استحکام کے خدشات بھی موجود رہیں گے۔ ہر ملک کی سیاست وقت کے ساتھ بدلتی ہے۔ کوئی بھی جماعت مستقل طور پر کمزور یا مضبوط نہیں رہتی۔ اصل امتحان یہ ہے کہ کیا سیاسی قوتیں اپنے اختلافات کو آئینی دائرے میں حل کرنے کا شعور پیدا کرتی ہیں یا نہیں۔ بنگلہ دیش کے لیے بھی مستقبل کا راستہ اسی شعور، برداشت اور ادارہ جاتی مضبوطی سے نکلے گا۔ جذباتی بیانیے وقتی جوش پیدا کر سکتے ہیں، مگر دیرپا استحکام صرف شفاف عمل، معاشی بہتری اور وسیع قومی مفاہمت سے ہی حاصل ہوتا ہے۔ بنگلہ دیش اور پاکستان کے تعلقات تاریخی طور پر حساس رہے ہیں۔ 1971 کی جنگ کی یادیں، جنگی جرائم کے مقدمات، اور اس کے بعد کی بیانیاتی سیاست نے دونوں ممالک کے تعلقات کو مکمل طور پر نارمل ہونے نہیں دیا۔ عوامی لیگ کے دور حکومت میں پاکستان کے ساتھ تعلقات زیادہ گرمجوش نہیں رہے، اگرچہ سفارتی سطح پر روابط برقرار رہے۔ اگر مستقبل میں کوئی ایسی حکومت اتی ہے جو نظریاتی طور پر اسلام پسند جماعتوں کے قریب ہو، تو ممکن ہے کہ پاکستان کے ساتھ تعلقات میں کچھ حد تک گرمجوشی ائے، لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ بنگلہ دیش کی معیشت اور خارجہ پالیسی اب مکمل طور پر 1970 کی دہائی کی سوچ پر نہیں چل سکتی۔ اج کی بنگلہ دیشی قیادت معاشی مفادات، برآمدات، اور عالمی مالیاتی اداروں کے ساتھ تعلقات کو زیادہ اہمیت دیتی ہے۔

پاکستان، افغانستان تعلقات

بختیار علی سیال

افغانستان ایک قدیم تہذیبی مرکز، کثیر القومی اور کثیر اللسانی ریاست ہے۔ جس کی جدید سیاسی شناخت بطور افغان ریاست 1747ء میں احمد شاہ درانی کی سلطنت کے قیام سے ابھر کر سامنے ائی۔ احمد شاہ درانی کی وفات کے بعد افغانستان داخلی خلفشار، انارکی، قبائلی لڑائیوں اور اقتدار کی کشمکش کا شکار رہا۔ جس کے باعث مضبوط ریاستی ڈھانچے کی تشکیل کا عمل بار ہا تعطل کا شکار ہوا۔ اس پورے خطے کا تاریخی تناظر بھی قابل غور ہے کہ مختلف ادوار میں افغانستان کا بڑا حصہ برصغیر کے حکمرانوں کے زیر نگین رہا۔ افغانستان میں پائے جانے والے بدھ مت کے اثار اور گندھارا تہذیب کے مقامات برصغیر کے حکمرانوں کی طویل سیاسی و ثقافتی بالادستی کا ثبوت ہیں۔ برصغیر خصوصاً پنجاب میں اباد بہت سے پنجابی خاندان ان قدیم نسلوں سے تعلق رکھتے ہیں جو یا تو افغان خطے سے بطور حملہ اور ائے یا تجارت، روزگار، سکونت اور تحفظ کی غرض سے یہاں مقیم ہوئے اور پھر اسی سرزمین کے باشندے کہلائے۔ اسی تاریخی آمد و رفت نے دونوں خطوں کو سماجی و خاندانی رشتوں میں جوڑے رکھا۔ اج بھی پاک افغان سرحد کے دونوں اطراف لاکھوں لوگ ایک ہی نسل، زبان اور قبیلائی رشتوں میں جڑے ہوئے ہیں۔ تاریخ کا ایک دلچسپ پہلو یہ ہے کہ ماضی میں جب بھی افغانستان میں سیاسی تبدیلیاں اتیں اور حکمران گھرانے معزول ہوتے تو اکثر انہیں پناہ پنجاب اور ہندوستان کے دیگر علاقوں میں ملتی۔ یہاں کی مقامی یا انگریز حکومت انھیں وظائف بھی دیتی، جیسا کہ بعض افغان بادشاہوں کی جلاوطنی کے دور میں ہوا۔ اس کے علاوہ بعض افغان حکمرانوں کو بھی انگریزوں کی طرف سے وفاداری اور تابعداری کا صلہ نقد رقوم کی صورت میں ملتا رہا۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ ماضی میں افغانستان اور دیگر شمال مغربی علاقوں کی خوشحالی اور ترقی کے ڈانڈے اس دولت سے ملتے ہیں جو برصغیر سے لوٹ کر لے جائی گئی۔ افغانستان کے باشندوں کی کثیر تعداد کی معاش کا سلسلہ پاکستان اور ماضی میں غیر منقسم برصغیر سے جڑا تھا اور یہ صورتحال اج بھی کسی نہ کسی صورت میں برقرار ہے۔ اس کے برعکس برصغیر سے افغانستان جانے والوں کے تجربات اکثر تلخ اور غیر دوستانہ رہے۔ جو افغان سیاسی و قبائلی نظام کی سخت نوعیت کی عکاسی کرتے ہیں۔ بدقسمتی سے پاکستان کے قیام کے ساتھ ہی افغانستان نے ایک ایسے طرز عمل کا اغاز کیا جسے برادران یوسف کا رویہ کہنا بے جا نہیں ہوگا۔ (دونوں کا مسلم ممالک ہونے کی وجہ سے یہ فقرہ تحریر کیا گیا ہے۔) افغانستان واحد ملک تھا جس نے پاکستان کے اقوام متحدہ میں داخلہ کی مخالفت کی اور مسلسل "پشتونستان" کے نام پر پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت جاری رکھی۔ کابل نے سرد جنگ کے دور میں بھی اکثر پاکستان مخالف بلاکس کی حمایت کی جس کا نتیجہ خطے میں عدم اعتماد اور کشیدگی کی صورت میں نکلا۔ اس تمام رویے کے باوجود پاکستان نے ہمیشہ افغانستان کو برادر ہمسایہ سمجھا اور دوستی اور خیر سگالی کا ہاتھ بڑھایا۔ 1979 میں سوویت یونین کے افغانستان پر حملے کے بعد پاکستان نے جس پیمانے پر افغان عوام کی مدد کی وہ تاریخ میں اپنی مثال اپ ہے۔ اس جنگ کے دوران اور مابعد پاکستان نے چالیس لاکھ سے زائد افغان مہاجرین کو تقریباً نصف صدی تک پناہ دی۔ انہیں تعلیم، صحت، روزگار، نقل و حرکت اور کاروبار کی وہ سہولتیں ملیں جو دنیا کے کسی اور ملک نے نہیں دیں۔ پاکستان نے افغان جہاد میں سیاسی، سفارتی، عسکری اور مالی محاذ پر کلیدی کردار ادا کیا۔ ہزاروں پاکستانی باشندوں نے اس جنگ کو جہاد سمجھ کر اپنی جانیں قربان کیں۔ جبکہ اس جنگ کے نتیجہ میں پاکستان نے نہ صرف کھربوں روپے کے معاشی نقصانات برداشت کیے اور ہزاروں جانوں کا ضیاع ہوا۔ بلکہ دہشت گردی، اسلحے کی بھرمار، منشیات کے پھیلاؤ اور داخلی بدامنی جیسے سنگین نتائج بھی برداشت کیے۔ ان تمام قربانیوں کا مقصد صرف یہ تھا کہ افغانستان ازاد، پرامن اور خود مختار رہ سکے۔ بدقسمتی سے گزشتہ دو دہائیوں میں یہ بات کھل کر سامنے اچکی ہے کہ پاکستان کی جانب سے افغانستان پر کیے گئے احسانات، مہربانیوں، خیر سگالی اور قربانیوں کے باوجود افغانستان کی طرف سے اس سطح پر خیر خواہی کا جواب نہیں ملا۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کرنے والے گروہ افغان سرزمین استعمال کرتے ہیں۔ پاکستان مخالف عناصر کو افغانستان میں پناہ گاہیں، تربیت اور لاجسٹک سہولتیں میسر ہیں۔ پاکستان کے حساس علاقوں میں ہونے والی دہشت گردی کی اکثر منصوبہ بندی افغان سرزمین پر ہوتی ہے۔ موجودہ افغان حکومت بھی ایسے گروہوں کے خلاف عملی اقدامات کرنے سے گریزاں نظر اتی ہے۔ ان حالات میں یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ افغانستان ان گروہوں کی سرپرستی اور پشت پناہی کر رہا ہے۔ یہ رویہ نہ صرف پاکستان بلکہ خود افغانستان کے مستقبل کے لیے بھی خطرناک ہے کیونکہ دہشت گردی کی اگ کسی ایک ملک تک محدود نہیں رہتی۔ پاکستان اور افغانستان کی سرحد تقریباً 2600 کلومیٹر طویل ہے جو جغرافیائی محاذ آرائی نہیں بلکہ باہمی تعاون کی متقاضی ہے۔ دونوں ممالک صدیوں سے مذہب، ثقافت، تجارت، زبان اور قبائلی رشتوں کے ذریعے جڑے ہوئے ہیں۔ دشمنی کی پالیسی نے نہ کبھی افغانستان کو فائدہ دیا اور نہ پاکستان کو، اس کے برعکس اگر دونوں ممالک اعتماد اور برابری کی بنیاد پر باہمی تعلقات مضبوط کریں تو پورا خطہ اس کے ثمرات سمیٹ سکتا ہے۔ اس سلسلہ میں مستقبل میں افغانستان کے لیے پاکستان کے ساتھ دوستانہ اور ذمہ دارانہ طرز عمل اختیار کرنا نہ صرف پاکستان کے مفاد میں ہی نہیں بلکہ خود افغانستان کی سلامتی، معاشی ترقی، علاقائی روابط اور ریاستی استحکام کے لیے ناگزیر ہے۔ مندرجہ ذیل نکات دونوں ممالک کے مابین مسائل کے حل کی بنیاد بن سکتے ہیں: 1۔ دونوں ممالک کو ایک دوسرے کی سرحدوں کا احترام اور ریاستی خودمختاری کی پاسداری کرنا ہوگی۔

بنگالی عوام کا انتخابی مینڈیٹ

ضرار چوہان

ماہ صیام سے قبل بنگلہ دیش میں نئے وزیراعظم طارق رحمٰن اور انکی کابینہ سامنے اجائے گی۔ سعودی عرب، برطانیہ، ناروے، جرمن، اسٹریلیا، چین، ترکی اور پاکستان سمیت کئی ممالک سے صدور وزرائے اعظم اور حکومتی زعما ڈھاکہ میں حلف برداری ایونٹ کا حصہ بنیں گے۔ 12 فروری 2026 کو عام انتخابات میں بنگالی عوام نے کمال کر دیا، طویل عرصے بعد ہونے والے ازادانہ ماحول میں بنگلہ دیش کی اکثریت نے خالدہ ضیا کی بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی) کے حق میں ووٹ کاسٹ کیے۔ اسمان نے یہ نظارہ بھی دیکھا وہ بی این پی جسے بھارت نواز ''حسینہ واجد'' نے دبائے رکھا اور ایک خاص ''جادوئی انتخابات'' میں ہر بار ہرایا جاتا رہا وہی جماعت ازاد الیکشن میں سب سے بڑی عوامی قوت بن کر سامنے ائی۔ انتخابی رزلٹ کے بعد بنگلہ دیش نیشلسٹ پارٹی اور اس کے اتحادیوں کو حکومت سازی میں کسی رکاوٹ کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ ایوان کی دوسری بڑی پارٹی جماعت اسلامی اور اس کا الائنس تھا، یہ وہی جماعت اسلامی ہے جسے پاکستان سے ''محبت'' کی سزا دی گئی۔ حسینہ واجد نے جماعت سے وابستہ ''بزوں'' کو چن چن کر یکطرفہ عدالتی فیصلوں کے ذریعے پھانسی کے دار تک پہنچایا چونکہ بنگالی حکومت پر بھارت کا سایہ تھا لہذا پاکستان دشمنی کا جادو سر پہ چڑھ کر امریت اور مخالفت کی فصل بوتا رہا پھر سمان نے 5 اگست 2024 کا وہ منظر بھی دیکھا جب حسینہ واجد کے لیے اقتدار کا سورج غروب ہوا اور بنگلہ دیش کی زمین تنگ ہوگئی۔ عوامی غیض وغضب کا الاؤ روشن تھا اور ''حسینہ'' کو فرار ہو کر اپنے ''اقا'' کی سرزمین بھارت پر پناہ کے لیے جانا پڑا، احسان دانش یاد اگئے۔ اجاڑ گے اک روز جو حالات کی زد میں ہو جائے گا معلوم خدا ہے کہ نہیں ہے بنگال کی مقامی کورٹ حسینہ واجد کے جرم پر انہیں پھانسی کی سزا دے چکی۔ نئی حکومت کے سربراہ کا ابتدائی اعلان ''پہلے بنگلہ دیش پھر پڑوسی ممالک'' خوشی ہے کہ بنگلہ دیش پھر سے اس ڈگر پر چلنے کو تیار ہے جس کا خواب عرصے سے دیکھا گیا۔ بنگلہ دیشی الیکشن میں ان صاحبان اختیار کے لیے سبق موجود جو اپنے اقتدار کو حرف اخر سمجھتے ہیں۔ یادرکھیں جب عوامی رائے کا رخ جبرا موڑنے کی کوشش سے اپ مصنوعی تاج محل تو قائم کر سکتے ہیں مگر رعایا کے دل فتح نہیں کر سکتے۔ وہ تاج محل رعایا کے لیے قابل قبول نہیں ہوتے۔ جب بھی عزت ' تکریم اور تحریم کی عوامی بارش ہوتی ہے تو وہ غرور، طاقت، گھمنڈ اور جاہ وحشمت کے محل نظر نہیں اتے، مجید امجد نے درست کہا تھا!! سیل رواں پر ایک تھپیڑے کی دیر تھی تخت وکلاہ وتاج کے سب سلسلے گئے پانچ اگست 2024 کو ایک بڑی احتجاجی تحریک کے بعد حسینہ واجد کی حکومت کا تختہ الٹ دیا۔ اس تحریک میں اہم کردار بنگلہ دیشی طلبا نے کیا۔ حسینہ واجد کے اقتدار کے خاتمے کے بعد نہ صرف بنگلہ دیش کو حقیقی ازادی ملی بلکہ وہاں ایک نوبل انعام یافتہ ڈاکٹر محمد یونس کی سربراہی میں عبوری حکومت قائم ہوئی اور انہی کی نگرانی میں اور 2026 میں بنگلہ دیش میں انتخابات منعقد ہوئے جس کے نتیجے میں خالدہ ضیا کے بیٹے طارق رحمان نے اکثریت لی۔ طارق رحمان، ضیا خاندان کی سیاسی وراثت میں اہم شخصیت ہیں۔ ان کی والدہ نے دو مرتبہ وزیراعظم بننے کا اعزاز حاصل کیا۔ اخری بار وہ 2001 سے 2006 تک اقتدار میں رہیں۔ ان کے والد ضیاالرحمان فوج سے سیاست میں ائے اور بنگلہ دیش کے چھٹے صدر بنے، انہیں 1981 میں قتل کر دیا گیا تھا۔ 60 سالہ طارق رحمان نے اس سیاسی خانوادے سے تعلق کی بنیاد پر جیل کی صعوبتیں بھی برداشت کیں اور حکومتی عہدے بھی حاصل کیے۔ وہ 2007 میں حسینہ واجد کے دور میں کرپشن الزامات پر گرفتار ہوئے اور تقریباً 18 ماہ جیل میں گزارے۔ بعد ازاں 2008 میں رہائی کے بعد وہ لندن منتقل ہو گئے جہاں انہوں نے تقریباً 17 سال جلاوطنی میں گزارے۔ اگست 2024 میں شیخ حسینہ کی حکومت کے خاتمے کے بعد سیاسی حالات تبدیل ہوئے اور طارق رحمان دسمبر 2025 میں ڈھاکا واپس ائے، والدہ خالدہ ضیا کی وفات کے بعد جنوری 2026 میں انہیں باضابطہ طور پر بی این پی کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا۔ بنگلہ دیش کی نئی حکومت چین کے قریب ہوتی ہے تو چین پاکستان اقتصادی راہداری کو خطے میں حمایت مل سکتی ہے اور پاکستان، بنگلہ دیش اور چین کے درمیان اقتصادی اور دفاعی تعاون بڑھ سکتا ہے۔ حسینہ واجد کے اقتدار کے خاتمے کے بعد بنگلہ دیش کا جھکا پاکستان کی جانب نمایاں نظر ارہا ہے۔

اعلیٰ تعلیم، جدت اور صنعتی انقلاب

احمد خان

پاکستان میں اعلیٰ تعلیم اس وقت ایک ایسے فیصلہ کن دور میں داخل ہو چکی ہے جہاں محض اکیڈمک کورسز اور ڈگریاں قومی ترقی کی ضمانت نہیں رہیں۔ عصر حاضر کا تقاضا ہے کہ جامعات عملی تربیت، صنعت سے ربط، تحقیق، پروڈکٹ ڈویلپمنٹ، انوویشن اور گریجویٹ برانڈنگ کو اپنے تعلیمی ماڈل کا لازمی حصہ بنائیں۔ دنیا بھر میں وہی یونیورسٹیاں ترقی کی علامت سمجھی جاتی ہیں جو طلبہ کو صرف علم نہیں بلکہ مہارت، وژن اور پیشہ ورانہ شناخت فراہم کرتی ہیں اور انہیں قومی معیشت سے جوڑتی ہیں۔ پاکستان کے اعلیٰ تعلیمی منظر نامے میں ایک تاریخی اور امید افزا موڑ اس وقت آیا جب ڈاکٹر نیاز احمد اختر کو چیئرمین ہائیر ایجوکیشن کمیشن پاکستان مقرر کیا گیا۔ ایک سینئر انجینئر، سابق چیئرمین پاکستان انجینئرنگ کونسل اور تجربہ کار وائس چانسلر کی حیثیت سے ڈاکٹر نیاز احمد اختر اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہیں کہ جدید دنیا میں یونیورسٹیوں کی اصل طاقت گریجویٹس کی Employability، صنعتی افادیت اور عالمی مسابقت میں ہے۔ ان کا وژن پاکستانی جامعات کو صنعت کے ساتھ ہم آہنگ کر کے جاب سیکرز کے بجائے جاب کریئیٹرز تیار کرنا ہے۔ دنیا کی صفِ اول کی جامعات اسی ماڈل پر کام کر رہی ہیں۔ University Stanford کے طلبہ سلیکون ویلی کی آئی ٹی انڈسٹری کے ساتھ مل کر ٹیکنالوجی انوویشن میں حصہ لیتے ہیں اور گوگل، ایپل اور ٹیسلا جیسی عالمی کمپنیوں میں کام کرتے ہیں۔ MIT کے طلبہ روبوٹکس، آرٹیفیشل انٹیلیجنس، انجینئرنگ اور انٹرپرینیورشپ کے عملی امتزاج کے ذریعے صنعت سے جڑے رہتے ہیں۔ اسی طرح University Harvard اور Oxford of University کے طلبہ تھنک ٹینکس، پالیسی اداروں اور بین الاقوامی تنظیموں کے ساتھ مل کر عالمی سطح پر فکری بیانیہ تشکیل دیتے ہیں۔ پاکستان میں بھی اس فکری تبدیلی کی واضح مثالیں موجود ہیں۔ LUMS کے گریجویٹس کی برانڈنگ آج عالمی اداروں اور کارپوریٹ تنظیموں میں تسلیم شدہ ہے۔ NUST کے طلبہ جدید انجینئرنگ منصوبوں، AI بیسڈ مصنوعات اور ڈیپ ٹیک انوویشن کے ذریعے قومی و بین الاقوامی سطح پر شناخت حاصل کر رہے ہیں۔ قائداعظم یونیورسٹی کے طلبہ تھنک ٹینکس اور پالیسی اداروں میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ پنجاب یونیورسٹی کے گریجویٹس معیاری تحقیق، اکیڈمک ایکسی لینس اور ادارہ جاتی گورننس کے حوالے سے نمایاں ہیں۔ جی سی یونیورسٹی لاہور اور فیصل آباد کے طلبہ و طالبات نے بھی پالیسی اداروں اور تحقیقی مراکز میں اپنی قابلیت منوائی ہے۔ یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد کے گریجویٹس زرعی، فرٹیلائزر، پیسٹی سائیڈ، پولٹری، ڈیری اور حلال فوڈ انڈسٹری میں قومی معیشت کے مضبوط ستون بن چکے ہیں۔ پاکستان میں اعلیٰ تعلیم کے اس فکری سفر کی بنیاد ڈاکٹر عطاء الرحمن نے رکھی، جنہوں نے بطور بانی چیئرمین HEC معیار، تحقیق اور فیکلٹی ڈویلپمنٹ کا ایک مضبوط اور پائیدار نظام قائم کیا۔ QECs کا قیام، پی ایچ ڈی اسکالرشپس، تحقیقی گرانٹس اور بین الاقوامی روابط نے پاکستانی جامعات کو عالمی تعلیمی دھارے سے جوڑا۔ ڈاکٹر عطاالرحمٰن کے وژن کو ادارہ جاتی طاقت دینے میں ڈاکٹر سہیل نقوی نے انسٹی ٹیوشنل گورننس، کوالٹی اشورنس اور ایکریڈیشن کے نظام کو مضبوط کیا، جبکہ ڈاکٹر ریاض حسین قریشی نے QEC اور QA کے شعبے میں پالیسی تسلسل اور معیاری ہم آہنگی کو فروغ دیا۔ مالی بحران کے ایک نہایت مشکل دور میں ڈاکٹر مختار احمد نے بطور چیئرمین HEC ادارے کو مؤثر مالی نظم و ضبط، اسٹریٹجک فیصلوں اور حکومتی مشاورت کے ذریعے سنبھالا اور محدود وسائل کے باوجود تعلیمی و تحقیقی تسلسل کو برقرار رکھا۔ صوبائی سطح پر ڈاکٹر اقرار احمد خان نے بطور چیئرمین پنجاب ہائیر ایجوکیشن کمیشن تحقیق کے معیار اور تعلیمی انفراسٹرکچر کی اپ گریڈیشن پر خصوصی توجہ دی۔ آخر میں یہ کہنا پوری ذمہ داری سے درست ہوگا کہ ڈاکٹر نیاز احمد اختر نے پاکستان کی اعلیٰ تعلیم کے ٹاپ 8 اداروں کی قیادت امتیازی کارکردگی کے ساتھ کی ہے اور اس وقت پاکستانی اعلیٰ تعلیمی نظام کو ایک نئے عالمی، صنعتی اور عملی دور میں داخل کر رہے ہیں۔

کوئی انکھ سلامت نہیں رہے گی

امیر محمد خان

جب سابق وزیراعظم میاں صاحب جیل میں تھے، تو جیل قانون کی مناسبت سے جو سہولیات انہیں مل رہی تھیں، کپتان نے نہ صرف انہیں جیل میں مزید مشکلات پیدا کرنے کا حکم دیا بلکہ امریکہ میں پاکستانیوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ میں پاکستان جا کر ملنے والی سہولیات کو ختم کراتا ہوں۔ اس کے بعد میاں صاحب کو بیماری کو مذاق بنایا۔ اج جب وہ خود جیل میں ہیں تو اسے فائیو اسٹار جیل بنانے کی استدعا کر رہے ہیں۔ ایک تو ہمارا قانون بھی خوب ہے: جیل میں جانے والا ہر قیدی قیدی ہوتا ہے، کسی جرم یا الزام میں اتا ہے، پھر وی ائی پی اور غیر وی ائی پی قیدی کی گنجائش نہیں ہونا چاہیے۔ بہرحال چونکہ یہ قانون اسمبلیاں بناتی ہیں اور وہاں بیٹھے ہوئے ممبران اپنے مستقبل کے خوف کی وجہ سے اس طرح کے قانون بناتے ہیں کہ کل انہیں اس کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ کپتان کے جیل جانے کی وجوہات سب کے سامنے ہیں، مگر ہمارے الیکٹرانک چینلز بھی، کپتان کے باہر بیٹھے ہوئے سوشل میڈیا سے ذرا کم، مگر انہیں بھی وہی تکلیف ہوتی ہے، اور ہر ٹاک شو میں، دھرنا ہو یا بیماری، اس کا ذکر کہیں نہ کہیں سے لے اتے ہیں۔ اس طرح وہ عوام میں لیڈران کو زندہ رکھتے ہیں۔ عمران خان کو دور حکومت چاہے جیسا بھی رہا ہو، وہ وزیراعظم رہے ہیں۔ اسمبلیوں میں بنائے گئے قوانین کی رو سے انہیں سہولیات موجود ہیں، مگر بیماری اللہ کی جانب سے اتی ہے، ان کا علاج ممکن ہے۔ دھرنوں، اسلام اباد کو بند کرنے میں بری طرح ناکامیوں کے بعد اب ان کے لواحقین خان کی انکھوں کی بیماری کو لے بیٹھے ہیں۔ دھرنے اور ملک کو بند کرنے کی خواہشات پر از خودان کی منتشر لیڈرشپ نے ناممکن کر دیا ہے۔ جو لوگ خود ہی دست و گریبان ہوں، ان کے پیچھے عوام کس خوشی میں جائیں گے؟ اس سے بہتر ہے وہ اس مہنگائی کے دور میں اپنے روزگار کی طرف توجہ دیں۔ کسی بھی قیدی کو طبی سہولیت ملنا قیدی کا حق ہے، مگر یہ حق صرف وی ائی پی قیدی کو نہیں ہونا چاہیے۔ عدالتوں کی سست روی اور قیدی کی قانونی ٹیم کی جانب سے عدم دلچسپی کی بناء پر عدالتی فیصلے اپنے انجام کو نہیں پہنچ پا رہے۔ تاخیر کے حوالے سے کئی دفعہ تحریر کیا ہے کہ تاخیر سے شہرت میں اضافہ کے علاوہ کچھ نہیں حاصل۔ اس دوران ڈیل اور ڈھیل کی خبریں انا ضروری ہو جاتی ہیں۔ پرائم ٹائم پر چینلز پر ہر شام بازار لگ جاتا ہے، تاثر بننا شروع ہو جاتا ہے کہ اندرون خانہ کچھ چل رہا ہے۔ یہ معاملات حکومت کے لیے نقصان دہ ہوتے ہیں۔ اج کی حکومت ماضی کے مقابلے میں عسکری قیادت کے ساتھ ''ایک صفحے'' پر ہے، کامیاب ہے۔ اس ایک صفحے کو ہر زندہ انکھ دیکھ سکتی ہے کہ کس طرح فیلڈ مارشل اور ان کی ٹیم سیاسی حکومت کے شانہ بشانہ ہے۔ وہ ایک طرف ملک کے اندر شرپسندوں، فتنہ ہند و افغانستان سے نبرد ازما ہے، پڑوس کے میلی انکھوں کو بے روشن کرنے میں مصروف ہے۔ فیلڈ مارشل اور ان کی ٹیم کی ہی کاوشیں ہیں کہ اس وقت عسکری قیادت کے دوٹوک عمل سے دنیا میں پاکستان کی وزارت خارجہ سرخ رو ایسی کبھی نہیں رہی۔ دنیا کی سب سے بڑی طاقت کے سربراہ ڈونلڈ ٹرمپ اٹھتے بیٹھتے فیلڈ مارشل عاصم منیر کی بہادری کا ذکر کرتے ہیں۔ ملکی معیشت کی بحالی کی کوششوں میں بھی فیلڈ مارشل کا عمل دخل موجود ہے۔ کسی کی بیماری پر بغلیں ٹھٹھا نہیں بلکہ افسوس کیا جا سکتا ہے۔ عمران خان کی انکھیں کبھی بھی 6/6 نہیں رہیں۔ وہ چشمہ 2010ء سے بھی پہلے سے لگا رہے ہیں۔ حکومت علاج کے لیے تمام تر سہولیات پہنچا رہی ہے، جو ہر شہری کی فراہم کرنا اس کا فرض ہے، اور خاص طور پر قیدیوں کو بھی۔ پی ٹی ائی کا لیڈر جیل میں ہے، مگر باہر بیٹھے اس جماعت کے لوگ اپس میں دست و گریبان ہیں۔

(ادارے کا کالم نگاروں / مضمون نگاروں کی ذاتی رائے اور ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں) ادارہ

موسم بہار اور سیزن



تحریر: مفتی مسعود احمد ربانی

اللہ تعالیٰ نے انسانوں اور جنات کو اپنی عبادت اور بندگی کے لیے پیدا فرمایا ہے۔ پھر انسان پر مزید احسان کرتے ہوئے اس کی جان کو جنت کے بدلے خرید لیا۔ عبادت اور بندگی کا تقاضا تو یہ تھا کہ بندہ سجدے سے سر نہ اٹھائے، اور اگر اللہ تعالیٰ ایسا حکم دیتے تو وہ عین انصاف ہوتا، کیونکہ غلام کو سوال کرنے کا حق نہیں ہوتا۔ مگر اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ایسا نہیں فرمایا۔ ہماری جان جنت کے بدلے خرید کر پھر ہمارے سپرد کر دی کہ اس پر تمہیں اختیار ہے۔ صرف چند عبادات (نماز، روزہ، حج اور زکو ? وغیرہ) کا حکم دیا، برائیوں (بغض، حسد، جھوٹ، غیبت، دھوکا بازی، خیانت اور حرام کمائی وغیرہ) سے منع فرمایا، اور اچھی صفات (سچائی، امانت داری، صبر، دیانت اور پاک دامنی وغیرہ) اپنانے کی تاکید فرمائی۔ لیکن جب انسان گیارہ مہینے دنیا کے کام کاج میں مشغول رہتا ہے تو وہ اپنے خالق اور مقصدِ تخلیق کو بھول جاتا ہے۔ حصولِ دنیا کی دوڑ میں وہ جائز و ناجائز اور حلال و حرام کی تمیز کھو بیٹھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ انسان کو اس کی پیدائش کا مقصد یاد دلانے کے لیے مختلف مواقع عطا فرماتے ہیں، جیسے شب برات، شب قدر اور رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ۔ رمضان المبارک مسلمانوں کے لیے تربیت اور اصلاح کا مہینہ ہے۔ یہ گیارہ مہینوں میں لگنے والے گناہوں کے زنگ اور آلودگی کو دھو دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ مقدس مہینہ نصیب فرمایا، جو درحقیقت اللہ کا مہمان ہے۔ اسے "شہر اللہ" (اللہ کا مہینہ) کہا گیا ہے، اور اس کے اجر و ثواب کی ذمہ داری بھی اللہ تعالیٰ نے خود لی ہے۔ لہٰذا ہمیں چاہیے کہ اس عظیم مہمان کو اللہ کے حضور ہمارے خلاف شکایت کا موقع نہ ملے۔ اگر ہم رمضان المبارک میں درج ذیل امور کا اہتمام کریں تو اس کی حقیقی برکات حاصل کر سکتے ہیں: (1) رمضان اور قرآن کریم کا گہرا تعلق ہے۔ قرآن مجید اسی بابرکت مہینے میں نازل ہوا۔ حضور اقدس ? ہر رمضان میں حضرت جبرئیل امین علیہ السلام کے ساتھ قرآن کریم کا ایک دور فرماتے تھے، اور اپنی حیاتِ طیبہ کے آخری سال دو مرتبہ دور فرمایا۔ لہٰذا ہمیں چاہیے کہ چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے، ہر حال میں تلاوتِ قرآن کو اپنا معمول بنائیں۔ (2) کثرت سے دعا اور ذکرُ اللہ کا اہتمام کریں۔ حدیثِ مبارکہ میں آتا ہے کہ رمضان کا پہلا عشرہ رحمت، دوسرا مغفرت اور تیسرا جہنم سے آزادی کا ہے۔ ہر افطار کے وقت بے شمار لوگوں کی بخشش کی جاتی ہے جو جہنم کے مستحق ہو چکے ہوتے ہیں۔ البتہ چار قسم کے لوگ ایسے ہیں جن کی بخشش نہیں ہوتی: (1) شراب کا عادی (2) والدین کا نافرمان (3) رشتہ داری توڑنے والا (4) دل میں کینہ رکھنے والا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان برائیوں سے محفوظ فرمائے۔ آمین! (3) گناہوں سے مکمل اجتناب کریں۔ اگر ایک طرف رمضان کا نور ہو اور دوسری طرف گناہوں کی تاریکی، تو یہ ایسا ہی ہے جیسے گھر میں اے سی چل رہا ہو مگر دروازے اور کھڑکیاں کھلی ہوں؛ ایسی صورت میں ٹھنڈک برقرار رکھنا مشکل ہوتا ہے۔ اگر ہم حلال کھانے پینے سے تو بچتے رہیں مگر دیگر گناہوں سے اجتناب نہ کریں تو اللہ تعالیٰ کو ہماری بھوک اور پیاس کی کوئی ضرورت نہیں۔ اسی طرح اگر دن بھر روزہ رکھ کر افطار حرام سے کیا جائے تو ایسے روزے کا مقصد فوت ہو جاتا ہے۔ الغرض رمضان المبارک نیکیوں کا موسم بہار اور سیزن ہے، رحمتوں کی برسات ہے اور مغفرت کا سنہرا موقع ہے۔ یہ محض بھوک اور پیاس کا نام نہیں، بلکہ دل کی اصلاح، کردار کی تعمیر اور زندگی کی تبدیلی کا پیغام ہے۔ آیئے! اس رمضان کو اپنی زندگی کا نقط ? آغاز بنائیں۔ اپنے دلوں کو کینہ، حسد اور نفرت سے پاک کریں، اپنے معاملات کو سچائی اور دیانت سے آراستہ کریں، اور اپنے رب سے ایسا تعلق جوڑیں جو رمضان کے بعد بھی قائم رہے۔ اگر ہم نے اس مہینے میں خود کو بدل لیا تو یقیناً ہماری دنیا بھی سنور جائے گی اور آخرت بھی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں رمضان المبارک کی حقیقی قدر کرنے اور اس کی برکات سمیٹنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

کیچ اسپورٹس اینڈ فٹنس فیسٹیول: ضلع کیچ میں کھیلوں کے نئے دور کا آغاز

تحریر: چاکر بلوچ

ضلع کیچ، جو طویل عرصے سے علمی، ادبی اور ثقافتی حوالوں سے اپنی پہچان رکھتا ہے، جب حالیہ دنوں یہاں پر کیچ اسپورٹس اینڈ فٹنس فیسٹیول کا انعقاد عمل میں لایا گیا تو یہ کھیلوں اور نوجوانوں کی توانائی کا مرکز بن کر ابھرا۔ 5 جنوری سے 16 جنوری تک جاری رہنے والا یہ فیسٹیول محض کھیلوں کا سلسلہ نہیں تھا بلکہ یہ نوجوانوں کی امنگوں، خوابوں اور مثبت سوچ کی ایک بھرپور عکاسی بن کر سامنے آیا۔ اس فیسٹیول نے ضلع کیچ میں ایک ایسی فضا قائم کی جہاں کھیل، صحت، ثقافت اور سماجی ہم آہنگی ایک دوسرے سے جڑ کر ایک خوبصورت تصویر بناتے نظر آئے۔ کھیلوں کے میدان آباد ہوئے، اسٹیڈیم میں رونق لوٹ آئی اور نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں منوانے کا وہ پلیٹ فارم ملا جس کی انہیں برسوں سے ضرورت تھی۔ فیسٹیول کا اختتام فٹبال کے ایک یادگار فائنل میچ پر ہوا، جس نے شائقین کے دل جیت لیے۔ حاجی لیاقت کلب کراچی اور ڈی سی الیون کیچ کے درمیان ہونے والا یہ مقابلہ سنسنی، جذبے اور مہارت سے بھرپور تھا۔ مقررہ وقت کے اختتام پر حاجی لیاقت کلب کراچی نے دو کے مقابلے میں ایک گول سے کامیابی حاصل کر کے نہ صرف ٹائٹل اپنے نام کیا بلکہ شائقین کو ایک یادگار کھیل بھی دیکھنے کو ملا۔ اسٹیڈیم تماشائیوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا، جہاں ہر گول پر خوشی اور ہر حملے پر سانسیں تھمتی محسوس ہوئیں۔ اختتامی تقریب نے فیسٹیول کو مزید وقار بخشا، جہاں صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شریک ہوئے۔ ان کے ہمراہ ضلعی انتظامیہ، سماجی شخصیات، تاجر برادری کے نمائندگان اور فن و ثقافت سے وابستہ نامور افراد کی موجودگی نے اس تقریب کو ایک عوامی جشن میں بدل دیا۔ یہ اجتماع اس بات کا ثبوت تھا کہ کیچ میں کھیل محض تفریح نہیں بلکہ اجتماعی شعور کا حصہ بنتا جا رہا ہے۔ میر ظہور احمد بلیدی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اس فیسٹیول کو ضلع کیچ کے لیے ایک مثبت سنگِ میل قرار دیا۔ ان کے مطابق نوجوانوں کی بڑی تعداد میں شرکت اس بات کی دلیل ہے کہ اگر مواقع فراہم کیے جائیں تو یہی نوجوان معاشرے کی تعمیر میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ برسوں میں یہ فیسٹیول مزید وسعت اختیار کرے گا اور کیچ کے دیگر علاقوں تک بھی اس کی روشنی پہنچے گی۔ ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ نے فیسٹیول کو نوجوانوں کے لیے ایک عملی پلیٹ فارم قرار دیا، جہاں انہوں نے نہ صرف کھیل کا مظاہرہ کیا بلکہ نظم و ضبط، ٹیم ورک اور مثبت سوچ کا عملی ثبوت بھی دیا۔ ان کے مطابق کیچ اسپورٹس اینڈ فٹنس فیسٹیول نے یہ ثابت کر دیا کہ کیچ ایک پُرامن، زندہ دل اور کھیل دوست معاشرہ رکھتا ہے، جہاں خواتین اور مرد یکساں طور پر سرگرمیوں میں حصہ لینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ کراچی اور ہمسایہ ملک ایران سے آنے والی ٹیموں اور شائقین کی شرکت نے اس تاثر کو مزید مضبوط کیا۔ فیسٹیول کے سیکریٹری الناز نخی نے اس ایونٹ کو اجتماعی محنت کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی دلچسپی اور تعاون کے بغیر اس پیمانے پر فیسٹیول کا انعقاد ممکن نہ تھا۔ ان کے مطابق فائنل میچ میں تقریباً پچیس ہزار شائقین کی موجودگی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ کیچ کے عوام کھیلوں سے گہری وابستگی رکھتے ہیں۔ فیسٹیول کے اختتام پر کامیاب ٹیموں اور کھلاڑیوں میں انعامات کی تقسیم نے نوجوانوں کے حوصلے مزید بلند کیے۔ فٹبال کے علاوہ میراتھن ریس، شطرنج، ٹیبل ٹینس، بیڈمنٹن اور رسہ کشی جیسے مقابلوں نے اس فیسٹیول کو ہمہ جہت بنا دیا۔ خاص طور پر میراتھن ریس کے فاتح کھلاڑی کو سرکاری ملازمت دینے کے اعلان نے نوجوانوں میں ایک نئی امید پیدا کی۔ آخر میں، فیسٹیول کا اختتام ثقافتی رنگوں کے ساتھ ہوا، جہاں بلوچی زبان کے گلوکاروں استاد عارف اور شاہجہان داؤدی کی سریلی آواز اور بینجو ماسٹر استاد نور بخش کی موسیقی کی سریلی دھنوں نے ماحول کو خوشگوار بنا دیا۔ یہ لمحے اس بات کی یاد دہانی تھے کہ کیچ میں کھیل اور ثقافت ایک دوسرے سے جدا نہیں بلکہ ایک ہی شناخت کے دو خوبصورت پہلو ہیں۔ یوں کیچ اسپورٹس اینڈ فٹنس فیسٹیول محض ایک ایونٹ نہیں رہا، بلکہ یہ ضلع کیچ میں نوجوانوں کے لیے ایک نئی سمت، نئی سوچ اور روشن مستقبل کی علامت بن کر تاریخ کا حصہ بن گیا۔

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

انتظامات کیے جائیں گے تاکہ شہریوں کو غیر ضروری تاخیر اور مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ جبکہ سریاب چوک پر ٹریفک جام کے مسائل سے نمٹنے کے لیے کمیٹی تشکیل دی گئی جو کہ چوک کا معائنہ کر کے اپنی تجاویز اور رپورٹ پیش کرے گی۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ وہ باہمی رابطے کو مضبوط بناتے ہوئے ٹریفک مینجمنٹ کو جدید خطوط پر استوار کریں، اہم چوراہوں پر عملے کی تعیناتی بڑھائیں، اور شہریوں کی سہولت کو اولین ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک کی بہتر روانی نہ صرف شہری زندگی کو آسان بنائے گی بلکہ شہر کی مجموعی خوبصورتی اور نظم و ضبط میں بھی بہتری لائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں ٹریفک مسائل کے مستقل حل کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کی جائے گی اور اس پر مرحلہ وار عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رحمتوں کا مظہر ہیں جنہیں عبادت، ذکر و اذکار اور تلاوت قرآن کے ذریعے قیمتی بنایا جائے۔ نوجوانوں سمیت تمام مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ صوم و صلوٰ ?، بالخصوص نماز تراویح کی پابندی کریں اور اپنے اعمال کے ذریعے رمضان المبارک کے تقدس کو برقرار رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کا مقدس مہینہ تقویٰ اور قرآن کریم سے گہری نسبت رکھتا ہے۔ یہ مہینہ نفس کی تربیت، گناہوں سے سچی توبہ اور رحمت الٰہی کے حصول کا بہترین موقع ہے، جس سے بھرپور فائدہ اٹھانا ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔ بیان میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ رمضان آرڈیننس پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو ایک پرامن، باوقار اور دینی ماحول میسر آسکے اور ماہِ رمضان کے تقدس کو ہر سطح پر قائم رکھا جاسکے

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے دفتر میں منعقد ہوگا متعلقہ افراد علاقہ معززین کے نام پیغام میں ڈپٹی کمشنر قلات نے کہا ہے کہ وہ 20 فروری کو ہونے والے کھلی کچہری میں شرکت کریں اور اپنے جائز مسائل بیان کریں تاکہ انکے حل کے لیے ضلعی انتظامیہ بروقت اقدامات اٹھا سکیں

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے دکانداروں کو خبردار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ سرکاری نرخ نامے، ایس او پیز اور سیفٹی پریکٹسز پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ اے سی چمن نے مختلف ٹیلر ماسٹروں کی دکانوں کا بھی دورہ کیا اور نرخ نامے پر عملدرآمد نہ کرنے والوں پر جرمانے عائد کیے گئے انہوں نے تمام قصائیوں کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ آج سے شہر میں گوشت کی خرید و فروخت سرکاری نرخ نامے کے عین مطابق یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے بعد اگر کسی قصائی نے مقررہ نرخ نامے سے زائد قیمت وصول کی تو اس کے خلاف فوری اور سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ماہِ مقدس میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ متحرک اور چوکنا ہے اور کہا کہ ماہِ صیام میں عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے تاجر برادری، انجمن تاجران اور ٹریڈ یونینز کو بھی بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سبزیوں، گوشت، دالوں، چاول اور دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام اور کمی کے لیے باہمی تعاون ناگزیر ہے انہوں نے مزید کہا کہ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کے احکامات پر یہ کارروائیاں آئندہ روزانہ کی بنیاد پر جاری رہے گی، انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے تقدس کو مدنظر رکھتے ہوئے ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کی حوصلہ شکنی کی جائے گی اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ گراں فروشی اور مصنوعی مہنگائی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ گراں فروش عناصر کی نشاندہی کریں اور اپنی شکایات ضلعی انتظامیہ کو فراہم کروائیں تاکہ فوری اور موثر کارروائی یقینی بنائی جاسکے

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کہ مستند برانڈز کی مصنوعات خریدیں، رسید ضرور حاصل کریں اور کسی بھی مشکوک یا جعلی مصنوعات کی فوری اطلاع بلوچستان فوڈ اتھارٹی کو دیں

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پیش کیے گئے مسائل کے حل سے متعلق ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا بنیادی مقصد عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسے اقدامات کرنا ہے جن کے ثمرات فوری اور دیرپا طور پر عوام تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تعلیم، صحت، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، لوکل گورنمنٹ اور دیگر محکموں کی اسکیمات خالصتاً عوامی ضرورت اور فلاح کو مدنظر رکھ کر تیار کی جائیں تاکہ شکایات کا موثر تدارک ممکن ہو سکے۔ بعدازاں ڈسٹرکٹ امپلیمنٹیشن کمیٹی (DIC) اور ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کوآرڈینیشن کمیٹی (DICC) کے اجلاس بھی ڈپٹی کمشنر خالد خان کی زیر صدارت منعقد ہوئے جن میں ضلعی محکموں کے سربراہان اور انٹیلیجنس اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر کی امن و امان کی مجموعی صورتحال، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں، سیکیورٹی چیلنجز اور law&order سے متعلق دیگر معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ مختلف محکموں اور اداروں نے اپنے اپنے شعبہ جات سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے ضلع میں امن و امان کو درپیش مسائل، حالیہ کیسز اور جرائم کے انسداد کے لیے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ امن و امان کی بہتری، مجرمانہ سرگرمیوں کی روک تھام اور عوامی تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ادارے مربوط رابطہ کاری کے ساتھ ذمہ دارانہ کردار ادا کریں تاکہ ضلع میں پائیدار امن اور ترقی کو فروغ دیا جاسکے

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

باہر ہو چکا ہے جبکہ مرغی کے گوشت کی قیمتوں میں بھی غیر معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ بازاروں کا منظر دل گرفتہ کن ہے اور خریدار قیمتیں سن کر حیران و پریشان نظر آتے ہیں، اکثر لوگ بغیر خریداری کے واپس لوٹنے پر مجبور ہیں۔ مہنگائی کی اس لہر نے سب سے زیادہ دیہاڑی دار مزدور طبقے کو متاثر کیا ہے، جو روزانہ 500 سے 1000 روپے کما کر اپنے اہل خانہ کی ضروریات پوری کرتا ہے۔ شہری حلقوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، سستے بازار قائم کیے جائیں اور غریب بیواں، مستحق خاندانوں اور دیہاڑی دار مزدوروں میں مفت راشن تقسیم کیا جائے تاکہ وہ سکون کے ساتھ رمضان المبارک کے روزے رکھ سکیں۔ شہریوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو مہنگائی کا یہ طوفان مزید سنگین سماجی مسائل پیدا کر سکتا ہے، جس کے اثرات پورے ضلع لسبیلہ میں محسوس کیے جائیں گے

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

متعلق اپنی آراء اور تجاویز پیش کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد عوامی مسائل کو براہِ راست سننا، ان کی نشاندہی کرنا اور ان کے فوری حل کے لیے مؤثر اقدامات اٹھانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں بہتری کے لیے متحرک ہے اور متعدد عملی اقدامات کیے جا چکے ہیں، جبکہ مزید اصلاحات بھی عمل میں لائی جا رہی ہیں۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات کے ازالے کے لیے بروقت کارروائی کو یقینی بنایا جائے اور پیش کردہ تجاویز پر سنجیدگی سے عملدرآمد کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے علاقائی عمائدین اور شہریوں سے اپیل کی کہ وہ تعلیمی اداروں اور مراکزِ صحت میں سہولیات کی فراہمی اور عملے کی حاضری کی باقاعدہ نگرانی کریں اور کسی بھی کوتاہی کی صورت میں فوری طور پر ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کریں۔ کھلی کچہری کے اختتام پر شہریوں نے ضلعی انتظامیہ کے اس اقدام کو سراہا۔ کھلی کچہری میں ایف سی کرنل حسن، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یو محمد اسماعیل مینگل اسسٹنٹ کمشنر یحییٰ خان کاکڑ، ایس ڈی پی او کریم مندوخیل ڈی ایچ او ڈاکٹر شاہ زمان حمزہ زئی، ایکسین پی ایچ آء اختر مندوخیل ایکسین بی اینڈ آر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جعفر خان زرکون، ڈسٹرکٹ آفیسر لائیوسٹاک، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، چیف آفیسر حبیب بلوچ سمیت مختلف سرکاری محکموں کے سربراہان نے شرکت کی ہے

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہر معاملے کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کسی بھی امیدوار کے ساتھ حق تلفی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام کارروائی حکومت بلوچستان کی ہدایات کے مطابق شفاف انداز میں مکمل کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اعتراضات سننے کا عمل اس لیے جاری ہے تاکہ ہر حقدار امیدوار کو اس کا جائز حق مل سکے۔ جعلی ڈگری رکھنے والے امیدواروں کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی کیونکہ اس عمل سے نہ صرف سرکاری وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ مستحق امیدواروں کے ساتھ ناانصافی بھی ہوتی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ اس سے قبل بھی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جعلی ڈگری ہولڈرز کے خلاف مقدمات درج کیے جا چکے ہیں تاکہ آئندہ کوئی بھی اس قسم کے غیر قانونی عمل سے باز رہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ میرٹ کو یقینی بناتے ہوئے ایسے امیدواروں کا انتخاب کیا جائے گا جو بچوں کے بہتر مستقبل کی تعمیر میں مثبت کردار ادا کر سکیں

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

عام شہریوں کے لیے شدید مشکلات کا باعث بن رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام فوری نوٹس لے کر سرکاری کرایہ نامہ نافذ کریں اور من مانی کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف کارروائی کریں، تاکہ مسافروں کا استحصال بند ہو اور چمن و کوئٹہ کے درمیان سفر کرنے والے عوام کو ریلیف مل سکے

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر اس صورتحال کا نوٹس لیا جائے اور سلائی کے مناسب سرکاری نرخ مقرر کر کے باقاعدہ فہرست جاری کی جائے، تاکہ عوام کو ناجائز منافع خوری سے بچایا جا سکے۔ شہریوں نے کہا کہ درزیوں کو پابند کیا جائے کہ وہ زیادہ سے زیادہ 900 روپے فی جوڑا سلائی وصول کریں تاکہ غریب افراد بھی عید کی خوشیوں میں برابر شریک ہو سکیں۔ سی کے عوام نے انتظامیہ سے امید ظاہر کی ہے کہ بروقت کارروائی کرتے ہوئے ناجائز منافع خوری کا سدباب کیا جائے گا اور شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جائے گا

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اشیاء مناسب نرخوں پر دستیاب رکھی جائیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اسماعیل مینگل نے واضح کیا کہ ماہِ مقدس رمضان میں عوام کو سستی اور معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، اور کسی بھی صورت ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی یا نرخوں میں خودساختہ اضافہ برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت دی کہ سستا بازار میں اشیاء کی مسلسل دستیابی، شفاف نگرانی اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہری حقیقی معنوں میں حکومتی ریلیف سے مستفید ہو سکیں۔ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محب اللہ خان بلوچ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ رمضان سستا بازار میں صفائی، سیکیورٹی، پارکنگ اور دیگر بنیادی سہولیات کو مزید بہتر بنایا جائے گا تاکہ شہریوں کو پرامن اور سہل ماحول میسر آسکے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت کے جذبے کے تحت ہر ممکن اقدامات بروئے کار لا رہی ہے اور رمضان المبارک کے دوران شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے مانیٹرنگ کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے گا۔ ضلعی انتظامیہ کے اس فعال اقدام کو شہری حلقوں کی جانب سے سراہا جا رہا ہے اور امید ظاہر کی جا رہی ہے کہ رمضان سستا بازار کے مؤثر انتظامات سے مہنگائی کے اثرات کم ہوں گے اور عوام کو معیاری اشیاء مناسب قیمتوں پر میسر آئیں گی

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہڑتال کے باعث شہری حلقوں میں شدید مشکلات پیدا ہوگئی ہیں اور لوگ گوشت کی خریداری کے لیے متبادل انتظامات تلاش کرنے پر مجبور ہیں۔ قصاب یونین اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان مسئلے کے حل کے لیے رابطے جاری ہیں، تاہم اب تک کوئی حتمی فیصلہ سامنے نہیں آیا

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ی، تعلیمی اور سماجی شعبوں میں فروغ دیں، مغربی کلچر سے اپنے بچوں کو دور رکھیں، پشتو زبان میں لکھنے اور بولنے کو عام کریں، اور پگڑی و پشتون افغان لباس کے ذریعے اپنی ثقافتی شناخت کو مضبوط کریں۔ احمد خان نے کہا کہ ہر فرد کو دن رات پشتو زبان اور ثقافت کے فروغ کے لیے عملی کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ نئی نسل اپنی ثقافت اور زبان سے جڑی رہے

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پر منائے جانے والے مادری زبانوں کے عالمی دن کے موقع پر مشترکہ بیان جاری کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ مادری زبان میں لکھنا، پڑھنا اور بولنا ہر فرد کی قومی و اخلاقی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو قومیں اپنی زبان کو نظرانداز کرتی ہیں، وہ اپنی تاریخ، روایات اور تہذیبی شعور سے دور ہو جاتی ہیں۔ مادری زبان ہماری سوچ، احساس اور اجتماعی شناخت کی نمائندہ ہوتی ہے، اس لیے گھروں، تعلیمی اداروں اور سماجی حلقوں میں اس کے استعمال کو فروغ دینا ضروری ہے۔ رہنماؤں نے طلبا و نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی مادری زبان میں تحریر و تقریر کی صلاحیتوں کو نکھاریں، مقامی ادب کا مطالعہ کریں اور ہر پلیٹ فارم پر مثبت انداز میں اپنی زبان کے فروغ کے لیے عملی کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ اپنی زبان سے محبت دراصل اپنی شناخت اور مستقبل سے وابستگی کا مظہر ہے

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک رحمتوں، برکتوں اور سعادتوں کا مہینہ ہے۔ یہ وہ مبارک گھڑیاں ہیں جن میں آسمانوں سے رحمتوں کی بارش ہوتی ہے اور بندوں کے لیے مغفرت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔ لیکن افسوس کہ ہم میں سے بہت سے لوگ رمضان کو صرف سحری و افطاری تک محدود کر دیتے ہیں، حالانکہ اس مہینے کا پیغام اس سے کہیں وسیع اور گہرا ہے رمضان کا پہلا عشرہ رحمت کا ہے۔ یہ وہ وقت ہے جب ہمیں اپنے دلوں میں نرمی، برداشت اور ہمدردی پیدا کرنی چاہیے۔ اگر ہم روزہ رکھ کر بھی بداخلاقی کریں، لڑائی جھگڑا کریں، زبان سے کسی کی دل آزاری کریں تو ہم نے روزے کی روح کو نہیں سمجھا۔ اصل روزہ وہ ہے جو انسان کو تقویٰ، صبر اور شکر کا پیکر بنا دے۔ یہ مہینہ ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ ہم ایک دوسرے کا سہارا بنیں۔ جو لوگ استطاعت رکھتے ہیں انہیں چاہیے کہ سحری اور افطاری کا بندوبست کریں، مستحقین کو راشن فراہم کریں، مساجد میں اجتماعی افطار کا اہتمام کریں اور اپنے اردگرد موجود ضرورت مند خاندانوں کا خیال رکھیں۔ کسی ایک گھر میں افطاری پہنچا دینا بھی اللہ کے ہاں عظیم اجر کا سبب بن سکتا ہے انہوں نے کہا کہ آیئے عہد کریں کہ اس رمضان کو ہم اپنی اصلاح، معاشرتی بہتری اور خدمتِ خلق کا ذریعہ بنائیں گے۔ اپنے گھروں میں محبت، اپنے محلوں میں تعاون اور اپنے معاشرے میں اخوت کو فروغ دیں گے۔ یہی رمضان کا اصل پیغام ہے اور یہی اس مہینے کی حقیقی برکت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں رمضان المبارک کی قدر کرنے، اس کی رحمتوں کو سمیٹنے اور ایک دوسرے کا سہارا بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تحفظ کے پیش نظر شہر میں اچانک کارروائی کرتے ہوئے مختلف مارکیٹوں میں واقع قصائیوں، نانبائیوں اور جنرل سٹورز کا تفصیلی معائنہ کیا اس موقع پر اے سی چمن نے دکانوں میں موجود گوشت کی تازگی، قیمتیں اس کے ذخیرہ کرنے کے طریقوں، دکانوں کی صفائی ستھرائی، کیڑے مکوڑوں سے تحفظ کے انتظامات، اور فروخت کے عمومی ماحول کا جائزہ لیا انہوں نے دکانداروں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ ماہ صیام میں عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے تاجر برادری، انجمن تاجران اور ٹریڈ یونینز کو بھی بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سبزیوں، گوشت، دالوں، چاول اور دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام اور کمی کے لیے باہمی تعاون ناگزیر ہے تاکہ عوام کو مہنگائی کے بوجھ سے بچایا جاسکے انہوں نے دکانداروں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ ماہ رمضان میں سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے وہ روزانہ کی بنیاد پر شہر کا دورہ کریں گے اور خودساختہ مہنگائی اور گرانفروشی کرنے والے دکانداروں کیخلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

منصوبوں، حکومتی اسکیموں اور عوامی ریلیف اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت دی کہ بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشیٹو فیز ون، فیز ٹو کے تحت مکمل ہونے والی تمام اسکیموں کو فوری طور پر آن لائن پورٹل پر اپ لوڈ کیا جائے اور ان کے متعلقہ ریکارڈ، اور ضروری دستاویزات جمع کرانے کے عمل کو مزید تیز کیا جائے تاکہ کام کے معیار اور کوالٹی کی جانچ پڑتال کے بعد شفاف انداز میں ادائیگی کے عمل کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے تمام محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ مکمل شدہ اسکیموں کی جامع فہرستیں مرتب کر کے پیش کی جائیں تاکہ پیش رفت کا واضح ریکارڈ موجود ہو اور کسی بھی قسم کی کوتاہی کی گنجائش باقی نہ رہے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا اور عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل اولین ترجیح ہے۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ نے ضلع میں امن و امان کے حوالے سے کہا کہ ضلع بھر کی امن و امان کی مجموعی صورتحال، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں، سیکیورٹی چیلنجز اور امن و امان سے متعلق دیگر معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ مختلف محکموں اور اداروں نے اپنے اپنے شعبہ جات سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے ضلع میں امن و امان کو درپیش مسائل، حالیہ کیسز اور جرائم کے انسداد کے لیے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت دی کہ امن و امان کی بہتری، مجرمانہ سرگرمیوں کی روک تھام اور عوامی تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ادارے مربوط رابطہ کاری کے ساتھ ذمہ دارانہ کردار ادا کریں تاکہ ضلع میں پائیدار امن اور ترقی کو فروغ دیا جاسکے۔

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) ایکٹ 2015 کے شیڈول-III، ترمیم شدہ فنانس ایکٹ 2025 کے تحت ریکروٹنگ ایجنسیز کی جانب سے بیرون ملک روزگار کیلئے بھرتی کی خدمات پر 5 فیصد ٹیکس مقرر ہے۔ تمام متعلقہ سروس پرووائیڈرز پر لازم ہے کہ وہ مقررہ شرح کے مطابق ٹیکس کی ادائیگی یقینی بنائیں اور مقررہ وقت کے اندر اپنی ٹیکس ریٹرنز جمع کرائیں۔ اتھارٹی نے واضح کیا ہے کہ غیر رجسٹرڈ رہنے، ٹیکس واجبات ادا نہ کرنے یا بروقت ریٹرن جمع نہ کرانے کی صورت میں بی ایس ٹی ایس ایکٹ 2015 کے تحت جرمانے اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔ بی آر اے نے ریکروٹنگ ایجنسیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ ٹیکس قوانین کی مکمل پیروی کریں تاکہ جرمانوں اور قانونی پیچیدگیوں سے بچا جاسکے

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سوشل میڈیا پر صوبے کے ایک پشتون چیف سیکرٹری کے بارے میں گستاخانہ اور توہین آمیز بیان دے کر تمام پشتون قوم کی دل آزاری کر رہا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ پشتون قوم کسی کے تنخواہ خور نہیں اور ایسے کرپٹ افراد کی زبان بندی ضروری ہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے مطالبہ کیا کہ مذکورہ شخص سے معافی طلب کی جائے اور اسے اس گستاخی کے لیے جوابدہ بنایا جائے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ تحریک انصاف کسی بھی قسم کی بے غیرتی، کرپشن اور سماجی تقسیم پھیلانے والے عناصر کو سپورٹ نہیں کرے گی اور پشتون و بلوچ سمیت پورے صوبے کو مشترکہ گھر سمجھتی ہے۔ رہنماؤں نے خبردار کیا کہ ایسے ناپاک عزائم رکھنے والے عناصر کبھی بھی اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ملکیت وحق حاکمیت کو تسلیم کرتے ہوئے انہیں قانونی حقوق فراہم کیے جائیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ توحصار اور غبرگ میں کاکڑ بازئی قبیلے، سمنگلی میں کاسی قبیلے اور ہنہ اوڑک میں یاسین زئی قبیلے کی زمینوں پر سرکاری قبضے کی منصوبہ بندی جاری ہے، جس کی پارٹی کسی بھی صورت میں اجازت نہیں دے گی اور ہر جمہوری احتجاج کا راستہ اختیار کرے گی۔ پارٹی نے مزید کہا کہ کوئٹہ تاریخی طور پر کاسی، یاسین زئی، بازئی اور درانی قبائل کی اجتماعی ملکیت ہے اور حکومت بااثر افراد کے نام پر زمینوں کی غیر قانونی الاٹمنٹ کر کے عوام کو اپنے ہی وسائل سے محروم کر رہی ہے۔ عوام نے واضح کیا ہے کہ وہ نام نہاد سرکاری قبضے کو برداشت نہیں کریں گے اور ایسی کسی بھی صورتحال کی ذمہ داری مکمل طور پر مسلط حکومت پر عائد ہوگی

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ل خیال کیا گیا ہسپتالوں میں ڈاکٹروں اور دیگر ٹیکنیکل اسٹاف کی حاضریاں ڈاکٹروں اور دیگر اسٹاف کی کمی ڈاکٹروں کی ٹرانسفر پوسٹنگ ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی بی ایچ یوز میں ایمبولینسز اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور دیگر امور سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی نے کہا کہ ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیئے لوگوں کا صحت مند ہونا ضروری ہے ڈاکٹرز اور دیگر ٹیکنیکل اسٹاف اپنے جائے تعیناتیوں پر حاضری یقینی بنائیں غفلت اور لاپروائی قابل قبول نہیں عوام کو صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی ہم سب کی ذمہ داری ہے اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ قلات محکمہ صحت قلات سے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گا صحت کے شعبے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بزنس فیسلیٹیشن سینٹر دراصل وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ڈیجیٹلائزیشن پروگرام کا ایک اہم جزو ہے، جس کے ذریعے سرکاری خدمات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے آن لائن اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر منتقل کیا جا رہا ہے، یہ سینٹر ایک "ون ونڈو آپریشن" کے تحت سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو مختلف سرکاری محکموں سے متعلقہ خدمات ایک ہی جگہ فراہم کرے گا، جس سے نہ صرف وقت کی بچت ہوگی بلکہ شفافیت اور کارکردگی میں بھی اضافہ ہوگا، روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور صوبے کی معیشت مستحکم ہوگی۔ اجلاس کے دوران افتتاحی تقریب کے انتظامات، اداروں جاتی ہم آہنگی، سہولیات کی فراہمی اور دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وائس چیئرمین نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ تمام تیاریاں بروقت اور مؤثر انداز میں مکمل کی جائیں

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پی پی ایچ آئی مجیب بلوچ نے ڈپٹی کمشنر کو پی پی ایچ آئی قلات کی کارکردگی بی ایچ یوز کی تعداد لیبر روم بی ایچ یوز میں اسٹاف کی تعداد انکی حاضریوں اور غیر حاضر اسٹاف کے خلاف کارروائی موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے حاضریوں کو یقینی بنانے ایمبولینسز کی تعداد بی ایچ یوز میں دستیاب ادویات اور دیگر سہولیات بی ایچ یوز میں مرمت کے کام سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی نے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کو صحت کی سہولیات فراہم کرنا آپ لوگوں کی ذمہ داری ہے ہمارا بنیادی مقصد یہی ہے کہ ہم اپنے لوگوں کی خدمت کریں اور لوگوں کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کریں ڈاکٹرز اور دیگر اسٹاف اپنی حاضریاں یقینی بنائیں اپنے پیشے سے مخلص رہیں اور اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں اپنے تمام تر رپورٹس بروقت اپنے دفتر میں جمع کرائیں لوگوں کی امیدیں آپ لوگوں سے وابستہ ہیں بلاتفریق لوگوں کی خدمت کریں صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں ضلعی انتظامیہ قلات پی پی ایچ آئی سے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گا

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اٹھائے جائیں۔ اجلاس میں نان فنکشنل اسکولوں کو فعال (فنکشنل) بنانے کے حوالے سے بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل مینگل نے متعلقہ حکام کو ہدایت جاری کی کہ غیر فعال اسکولوں کی وجوہات کا فوری تعین کر کے مرحلہ وار انہیں فعال بنایا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ بچوں کو معیاری تعلیم کی سہولت میسر آسکے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ تعلیم کے شعبے میں بہتری ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر متعلقہ افسران کو مقررہ اہداف کے حصول کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

متوقع ہیں۔ ترجمان کے مطابق وزیر خارجہ اسحاق ڈار بھی نیویارک میں موجود ہیں۔ نائب وزیراعظم نے فلسطینی مستقل مندوب اور مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی سے بھی ملاقات کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آسٹریا کے دورے سے قبل نائب وزیراعظم کے سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان السعود اور مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی سے ٹیلیفون رابطے بھی ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے ویانا، آسٹریا کا دورہ بھی کیا جو آسٹرین وفاقی چانسلر کرسٹین سٹاکر کی دعوت پر تھا۔ دورے کے اختتام پر مشترکہ اعلامیہ بھی جاری کیا گیا۔ آسٹریا میں وزیراعظم نے انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی کے سربراہ رافیل ماریانو گروسی سے بھی ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ پاکستان غزہ میں صرف امن کے قیام میں کردار ادا کرے گا۔ بورڈ آف پیس سے امیدیں وابستہ ہیں جس سے غزہ کی صورتحال بہتر ہوگی۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کسی گروپ یا تنظیم کے خلاف کسی فیصلے کا حصہ نہیں ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ نائب وزیراعظم نے واضح کیا ہے کہ ہم امن عمل میں شریک ہوں گے تاہم حماس کو غیر مسلح کرنے میں شامل نہیں ہوں گے۔ امید ہے کہ غزہ بورڈ آف پیس غزہ کے عوام کی مشکلات کو کم کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ پروفیسر احسن اقبال نے نئی بنگلا دیشی حکومت کی تقریب حلف برداری میں شرکت کی۔ رواں ہفتے پاکستان سمیت 8 مسلم ممالک نے اسرائیل کے مغربی کنارے کے الحاق سے متعلق متنازع قانون کی شدید مذمت کی۔ ترجمان نے کہا کہ ہم نے بھارتی شہری نکھیل گپتا کی گرفتاری کی رپورٹس دیکھی ہیں۔ پاکستان میں بھارتی پشت پناہی سے فعال دہشت گرد گروہوں کے شواہد موجود ہیں۔ انٹرنیشنل اسٹس سکیورٹی فورسز پر کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اور اس سلسلے میں صوبائی حکومتوں اور متعلقہ حکام سے مشاورت کے ذریعے قابل عمل اور دیرپا اقدامات یقینی بنائے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی ڈویژن کی مختلف بار ایسوسی ایشنز کے نومنتخب عہدیداران سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ہر بار ایسوسی ایشن کو درپیش پیشہ ورانہ، انتظامی اور سہولتی مسائل پر الگ الگ تفصیلی غور کیا گیا۔ نومنتخب نمائندگان نے اپنی متعلقہ بارز کے مسائل اور تجاویز سے وفاقی وزیر کو آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر نے بار نمائندگان کے موقف کو توجہ سے سنا اور یقین دہانی کرائی کہ وکلا برادری کے ساتھ موثر روابط کو برقرار رکھا جائے گا تاکہ انصاف کی فراہمی کے نظام کو مزید مضبوط بنایا جاسکے۔ وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک نے بھی وکلا کے ساتھ ہم آہنگی اور تعاون کے عزم کا اظہار کیا

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

چستان کی سفارش پر گورنر بلوچستان نے برطرفی کی منظوری دے دی۔ گورنر کی منظوری کے بعد چیف سیکرٹری بلوچستان نے متعلقہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا، جس کے بعد علی حسن زہری کی کابینہ میں شمولیت ختم ہوگئی

بقیہ 29 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اقدامات کو مزید موثر بنائے گی اور کسی بھی سطح پر غفلت یا بدانتظامی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اگر انہیں قیمتوں میں اضافے یا رمضان پیکج کی تقسیم سے متعلق کوئی شکایت ہو تو وہ وزیراعلیٰ شکایت سیل سے فوری طور پر رابطہ کریں تاکہ شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جاسکے وزیراعلیٰ نے یقین دہانی کرائی کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور رمضان المبارک میں زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کی جائے گی

بقیہ 30 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اسی فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا اور کارروائی کے دوران فورسز نے ہدف کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ بیان میں کہا گیا کہ کارروائی کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں 4 خوارج کو ہلاک کر دیا گیا اور ہلاک خوارج سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق خوارج علاقے میں متعدد دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث تھے جبکہ علاقے میں کسی بھی ممکنہ خطرے کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ قومی ایکشن پلان کے تحت وفاقی ایپکس کمیٹی سے منظور شدہ وژن عزم استحکام کے تحت سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی انسداد دہشت گردی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی تاکہ ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کا خاتمہ کیا جاسکے

بقیہ 31 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کمیٹیاں کیں۔ لیکن کوئی شنوائی نہ ہو سکی۔ بالآخر انہوں نے مجبور ہو کر وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کا شناختی کارڈ جلد بحال کیا جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا شناختی کارڈ بحال کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا بے حد شکریہ ادا کیا

بقیہ 32 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فلسطین میں ہونے والے مظالم کا ساتھ نہیں دیں گے۔ نمائش چورنگی میں سحری کیلئے موجود افراد سے خطاب کرتے ہوئے گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا کہ ہماری افواج پاکستان نے 10 مئی کو بھارت کو ایسا مزہ چکھایا جو وہ کئی سالوں تک بھول نہیں سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کئی سالوں سے خطے میں امن کا خواہاں رہا ہے، پاکستان نے غزہ امن معاہدے پر دستخط کیے تو کسی کے کہنے پر نہیں کیے، پاکستان نے یہ دستخط اس لیے کیے ہیں کہ وہ مظلوم فلسطینیوں کو بچانا چاہتا ہے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ بھارت یہ بیانیہ بنا رہا ہے کہ پاکستان شاید فلسطینیوں پر مظالم کا حصہ بننے جا رہا ہے، لیکن ایسا بالکل نہیں ہے، جب تمام مسلم ممالک اس معاہدے کا حصہ ہیں تو ہم نے بھی اس امن میں اپنا حصہ ڈالنے کا سوچا ہے۔ کامران ٹیسوری نے مزید کہا کہ ہم بھارت کے سامنے سر نہیں جھکائیں گے، آج تک جو پاکستان میں ترقی نہیں ہوئی اس میں سب سے بڑی رکاوٹ نریندر مودی ہے، وہ آپ کی جڑوں میں بیٹھ کر بھائیوں کو بھائیوں سے لڑوا رہا ہے، اس کے پاس بے دریغ پیسہ ہے، مودی پاکستان کو پیروں پر کھڑا ہوتا نہیں دیکھ سکتا

بقیہ 33 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نہ ہوگیا۔ او جی ڈی سی ایل نے بجلی پیداوار میں اضافے کیلئے فرانسیسی کمپنی کیساتھ معاہدہ کر لیا، جدید واٹر انجکشن سسٹم سے تیل کی پیداوار میں 9 ملین بیرل اضافے کا امکان ہے۔ او جی ڈی سی ایل کے منصوبے سے 3 بلین کیوبک فٹ گیس کی اضافی پیداوار متوقع ہے، نئے اقدامات سے 460 ملین ڈالر کی آمدنی حاصل ہوگی۔ او جی ڈی سی ایل ٹیکنالوجی کی مدد سے خام تیل کی پیداوار 750 بیرل تک پہنچا دی، پرانی آئل فیلڈز کی استعداد بڑھانے کیلئے جدید تکنیکی اقدامات پر عملدرآمد جاری ہے۔ آئی ایم ایف شرائط، ایس آئی ایف سی مراعات تجویز نہیں کرے گی، نئے اسپیشل اکنامک زون سے بھی روک دیا۔ ایس آئی ایف سی کے مطابق توانائی میں خود کفالت معاشی استحکام کو مزید مضبوط بنائے گی

بقیہ 34 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جب ممکن ہے جب جسٹس سرفراز ڈوگر کیس کی سماعت کریں، چیف جسٹس سے اپیل ہے کیس سنیں کیونکہ مقرر جج چھٹی پر چلے گئے۔ محسن نقوی نے فیملی اور ڈاکٹروں کی موجودگی میں علاج کی گارنٹی دی تھی، بانی پی ٹی آئی کو ہسپتال منتقل نہیں کیا جا رہا اور ملاقات بھی نہیں کرائی جا رہی۔ جمعرات کو انسداد دہشت گردی عدالت میں پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے کہا مجھ پر کیس ہے کہ میں نے خان کا پیغام پہنچایا، عمران خان اور حامد رضا سمیت دیگر پر کیسز سیاسی بنیادوں پر بنائے گئے ہیں، یہ کیسز ایک دن میں ہوا میں اڑ جائیں گے۔ بانی پی ٹی آئی کی آنکھ کا مسئلہ ہے اور ہمارا مطالبہ ہے انہیں الشفا منتقل کیا جائے، بانی پی ٹی آئی کی رہائی جب ممکن ہے جب جسٹس سرفراز ڈوگر کیس کی سماعت کریں۔ چیف جسٹس سے اپیل ہے کیس سنیں کیونکہ مقرر جج چھٹی پر چلے گئے، بانی پی ٹی آئی کی رہائی ہوتے ہی ان کی آنکھ کا علاج الشفا ہسپتال سے کروایا جائے گا، حکومت نے خان صاحب کے ساتھ تماشہ کیا، فیملی اور ذاتی معالج کی غیر موجودگی میں معائنہ کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ آخری ملاقات میں عمران خان نے کہا یہ مجھے ختم کر دیں گے، محسن نقوی نے فیملی اور ڈاکٹروں کی موجودگی میں علاج کی گارنٹی دی تھی، بانی پی ٹی آئی کو ہسپتال منتقل نہیں کیا جا رہا اور ملاقات بھی نہیں کرائی جا رہی

بقیہ 35 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کہ وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ روس کے حوالے سے تیاریاں شروع ہوگئی ہیں۔ دورے کے دوران وزیراعظم شہباز شریف اہم ملاقاتیں کریں گے، وزیراعظم روس میں تاجر برادری سے ملاقات کریں گے۔ وہ روس میں پاکستانی کمیونٹی سے بھی ملاقات کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کے دورے کے حوالے سے تیاریوں کو حتمی شکل دی جا رہی ہے

بقیہ 36 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تو بتائیں کب کہاں اور کیسے؟ انہوں نے مزید کہا کہ 'یا یہ وہ ڈیل ہے جس کا صرف آپ لوگوں کے تصورات اور آپ کو ہی پتہ ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ آپ لوگ خوش قسمت ہیں کہ اُس نے بقول آپ کے ڈیل نہیں مانی۔ اگر بانی پی ٹی آئی یہ مبینہ ڈیل قبول کر لیتے تو آپ کو پتہ ہے پھر اس نے تو سیاستدانوں کے پیچھے آنا ہی آنا ہے اور آپ لوگوں کو چھوڑنا بھی نہیں ہے۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ پھر سیاستدانوں نے کہاں جانا ہے مجھے بھی نہیں پتا، کیونکہ کسی اور کے پیچھے نہ بانی جائے گا نہ جا سکتا ہے اور نہ ہی کسی اور میں ہمت اور جرأت ہے

بقیہ 37 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

معیار کے موزوں اور کھیلوں کے سامان کا عطیہ دیا۔ پیراڈائز کے صدر کرنل نواب علی (ریٹائرڈ)، شہزاد احمد، پیراڈائز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور روٹری انٹرنیشنل کے سابق ڈسٹرکٹ گورنر؛ ڈاکٹر فواد چوہدری؛ اور ڈاکٹر عائشہ محمود نے اس تقریب میں شرکت کے لیے لاہور سے سفر کیا۔ پیراڈائز کا کلب کے نعیم اسلم، مدثر کنارہ، محمد ریحان اور دیگر نمائندوں نے بھی سرگرمی میں حصہ لیا۔ تمام طلباء، اساتذہ اور عملے کو برآمدی معیار کے جرابوں کے تین جوڑے تحفے کے طور پر پیش کیے گئے، جو انٹرلوپ لمیٹڈ نے دل کھول کر عطیہ کیے۔ تقسیم کے بعد دونوں سکولوں میں پولیو آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ انٹرایکٹو سیشنز کے دوران طلباء کو بتایا گیا کہ ہر پولیو مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر کے ہر بچے کو پولیو کے دو قطرے ضرور پلائے جائیں تاکہ مکمل تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ آگاہی سیشن کے بعد دونوں سکولوں میں اپنی کلاسوں میں نمایاں اور بہترین کارکردگی دکھانے والے طلباء کو پولیو کہانی کی کتابیں پیش کی گئیں۔ صحت مند کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور پولیو کے خاتمے کے پیغام کو تقویت دینے کے لیے دونوں سکولوں کے طلباء کو کرکٹ کے بلے اور فٹ بال پیش کیے گئے جن پر "آئیں پولیو ختم کریں" کا لوگو تھا۔ "پاکستان کو خواندہ بنائیں" مہم کے ذریعے بھی بچوں کی حوصلہ افزائی کی گئی، انہیں اپنی تعلیم جاری رکھنے اور ملک کے ذمہ دار اور نتیجہ خیز شہری بننے کی ترغیب دی گئی۔

بقیہ 38 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے روبرو بدنام زمانہ چھوٹو گینگ کے سربراہ سمیت دیگر ملزمان کی سزاؤں کے خلاف اپیلوں پر سماعت ہوئی۔ جسٹس ملک شہزاد نے ریمارکس دیئے کہ سزائے موت کا مقدمہ دو رکنی بینچ نہیں سن سکتا۔ پراسیکیوٹر رائے اختر حسین نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ یہ مقدمہ مشہور چھوٹو گینگ کا ہے۔ جسٹس شہزاد احمد ملک نے ریمارکس دیئے کہ چھوٹو گینگ تو پنجاب میں بڑا مشہور تھا، ویسے اب تو سی ٹی ڈی نے سب ختم کر دیا ہے اور سی ٹی ڈی والے تو مقدمات لڑنے والے وکیل عمران کو بھی لے گئے تھے۔ وکیل سردار عثمان کھوسہ نے کہا کہ میں بھی چھوٹو گینگ کی طرف سے پیش ہو رہا ہوں تاہم محفوظ ہوں۔ وکیل نے استدعا کی کہ کیس کی اگلی سماعت منگل کے روز کی جائے۔ جسٹس شہزاد احمد ملک نے استفسار کیا کہ منگل کی تاریخ مانگ رہے ہیں استخارہ تو نہیں کر کے آئے؟ وکیل سردار عثمان نے کہا کہ منگل نہیں تو رمضان کی کوئی تاریخ دے دیں، بابرکت مہینہ ہے اسی مہینے ورلڈ کپ جیتا تھا۔ جسٹس عقیل احمد عباسی نے ریمارکس دیئے کہ اس ورلڈ کپ کا ذکر نہ کیا کریں۔ جسٹس ملک شہزاد نے ریمارکس دیئے کہ کچھ لوگوں کو اس ورلڈ کپ کا ذکر ناگوار گزرتا ہے۔ وکیل چھوٹو گینگ نے کہا کہ ہمیں سزائیں بھی رمضان میں ہی ہوئی تھیں۔ جسٹس ملک شہزاد نے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ پہلے تو نہیں اٹھائے گئے، ایسا نہ ہو اب کچھ ہو جائے۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 7 اپریل تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 39 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

منسلک ہونا لازم ٹیکس آرڈیننس کی شق 33 کے تحت بنیادی شرط قرار دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گیسٹ ہاؤسز، میرج ہالز، کلبز، کوریئرز اور کارگو سروسز کو لازمی طور پر ایف بی آر کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا ہوگا، اسی طرح بیوٹی پارلرز، سلمنگ سینٹرز، مساج سینٹرز، ہیئر ٹرانسپلانٹ سینٹرز، پرائیویٹ کلینکس، ڈینٹل کلینکس اور پلاسٹک سرجنز کو بھی کاروبار ٹیکس نظام سے منسلک کرنا ہوگا۔ مزید برآں لیبارٹریز، ڈائیگناسٹک اور ایکسرے سینٹرز، پرائیویٹ ہسپتال، کنسلٹنٹس اور دیگر ہیلتھ کیئر سروسز فراہم کرنے والوں کو بھی ایف بی آر سسٹم کا حصہ بننا ہوگا۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ ہیلتھ کلبز، سوئمنگ پولز، فٹنس کلبز اور ملٹی پرپز کلبز بھی ٹیکس نظام سے منسلک کیے جائیں گے

بقیہ 40 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

انجینئرز (ایس ایز) اور ضلعی ایگزیکٹو انجینئرز سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران شرکاء کو صوبے میں جاری سپورٹس کمپلیکس منصوبوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی بریفنگ میں منصوبوں کی مجموعی پیش رفت تکمیل کی متوقع مدت درپیش تکنیکی مسائل فنڈز کے اجراء تعمیراتی معیار اور دیگر انتظامی امور پر روشنی ڈالی گئی افسران نے ہر زون میں جاری کام کی رفتار رکاوٹوں اور ان کے حل کے لیے اٹھائے گئے اقدامات سے بھی آگاہ کیا سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں جاری سپورٹس کمپلیکس اہم نوعیت کے حامل منصوبے ہیں

گوادر میں رائز پروگرام کی افتتاحی تقریب اور تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

خصوصی رپورٹ: ماہ نور شاہ

گوادر: Rural Balochistan Programme Support (بی آر ایس پی) کے زیرِ اہتمام رائز (RISE) پروگرام کی باوقار افتتاحی تقریب University of Gwadar میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں ضلع گوادر اور کیچ کی ٹیموں کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے معززین نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی رکنِ صوبائی اسمبلی Rehman ur Hidayat تھے، جنہوں نے اپنے خطاب میں بی آر ایس پی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ رائز پروگرام مقامی آبادی کی سماجی و معاشی ترقی، بااختیاری اور پائیدار استحکام کے لیے اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ایسے ترقیاتی منصوبوں کی سرپرستی اور تعاون ہر سطح پر جاری رکھا جائے گا۔ جامعہ گوادر کے وائس چانسلر Abdul Razzaq نے اپنے خطاب میں تعلیمی اداروں اور ترقیاتی تنظیموں کے باہمی اشتراک کو وقت کی ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں اور کمیونٹی کی استعداد کار میں اضافہ ہی پائیدار ترقی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے رائز پروگرام کو خطے کے لیے خوش آئند پیش رفت قرار دیا۔ پروجیکٹ کوآرڈینیٹر Altaz Sakhi نے پروگرام کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ یہ منصوبہ ریزیلینس، انٹیگریشن اور سماجی و معاشی بااختیاری کے فروغ کے لیے جامع حکمتِ عملی کے تحت ترتیب دیا گیا ہے، جس کے ذریعے مقامی کمیونٹیز کی بہتری اور خود انحصاری کو یقینی بنایا جائے گا۔ اس موقع پر کوئٹہ سے آئے ہوئے بی آر ایس پی کی سینئر ٹیم کے رکن Qahir Khan نے منصوبے کے خدوخال، اہداف اور متوقع نتائج پر تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ Rahim Sasoli نے خطاب کرتے ہوئے گوادر کے دیگر پراجیکٹ اسٹاف کی شفافیت، ٹیم ورک اور مؤثر عملدرآمد کی اہمیت پر زور دیا۔ تقریب میں ضلع گوادر اور کیچ کے پراجیکٹ اسٹاف نے بھرپور شرکت کی۔ ورکشاپ کی سہولت کاری بی آر ایس پی کے تجربہ کار اور فنی ماہرین نے کی۔ تربیتی سیشنز میں منصوبے کے بنیادی مقاصد، مؤثر عملدرآمد کی حکمتِ عملی، کمیونٹی شمولیت، نگرانی و جائزہ (مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن) کے طریقہ کار اور ٹیم ورک کو مضبوط بنانے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ شرکاء کو عملی مثالوں، گروپ سرگرمیوں اور باہمی تبادلہ خیال کے ذریعے فیلڈ سطح پر مؤثر کارکردگی کے لیے رہنمائی فراہم کی گئی۔ ورکشاپ کا بنیادی مقصد، اسٹاف کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ، واضح سمت کا تعین اور اہداف کے حصول کے لیے مربوط حکمتِ عملی کو فروغ دینا تھا۔ اختتامی سیشن میں شرکاء کو اسناد سے نوازا گیا اور اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ باہمی تعاون، مضبوط رابطہ کاری اور مؤثر منصوبہ بندی کے ذریعے رائز پراجیکٹ کے مقاصد کو بروقت اور کامیابی سے حاصل کیا جائے گا۔ شرکاء نے تربیت کو اپنی پیشہ ورانہ ترقی اور فیلڈ میں بہتر کارکردگی کے لیے نہایت مفید قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ نئے جذبے، واضح سمت اور مضبوط ہم آہنگی کے ساتھ رائز پراجیکٹ کے اہداف کے حصول کی جانب پیش قدمی جاری رکھیں گے۔

اوتھل میں خوشیوں کا سیلاب: ہنر، ثقافت اور خودمختاری کا تاریخی سنگ میل

تحریر: ایم اسلم گدور،

جام محمد یوسف اسٹیڈیم اوتھل جو عام دنوں میں کھیلوں کے مقابلوں کے شائقین سے گونجتا رہتا ہے، گزشتہ روز ایک بالکل مختلف اور دلکش منظر پیش کر رہا تھا۔ دھوپ کی سنہری کرنیں اسٹیڈیم کے سرسبز لان پر یوں بکھری تھیں جیسے موسم بھی اس میلے کی خوشیوں میں شریک ہو گیا ہو۔ فضا میں دیسی پکوانوں کی خوشبو، رنگا رنگ دستکاریوں کی چمک اور ثقافتی دھنوں کی مدھر لے گھلی ہوئی تھی۔ یوں محسوس ہوتا تھا جیسے اوتھل کی سرزمین پر خوشیوں، ہنر اور امیدوں کا کوئی قافلہ اتر آیا ہو۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان عالیانی اور پارلیمانی سیکریٹری سیاحت و ثقافت نوابزادہ زرین خان مگسی کے خصوصی تعاون سے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کے اشتراک اور لسبیلہ ویلفیئر ٹرسٹ کے زیراہتمام ''فیسٹیول فار یوتھ اینڈ فیملیز'' نہایت شان وشوکت، مثالی نظم وضبط اور بے مثال جوش وخروش کے ساتھ منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ محترمہ حمیرہ بلوچ نے فیتہ کاٹ کر تقریب کا باقاعدہ افتتاح کیا جس کے ساتھ ہی اسٹیڈیم تالیوں اور مسکراہٹوں سے گونج اٹھا۔ اس تاریخی ایک روزہ فیسٹیول کی سب سے نمایاں خصوصیت مردوں اور خواتین کے لیے الگ الگ اسٹالز اور سہولیات کا بندوبست تھا جس سے ہر فرد نے خود کو محفوظ اور باوقار محسوس کیا۔ ضروریات زندگی کی اشیاء، ملبوسات، بینکس، این جی اوز اور ہنرمند شخصیات کے منفرد اسٹالز نے اس ایونٹ کو علم، ذوق، ہنر اور ثقافت کا حسین امتزاج بنا دیا۔ بلوچی کشیدہ کاری، نفیس ہاتھوں سے تیار کردہ دستکاریاں اور تخلیقی شاہکار مقامی خواتین کی محنت، مہارت اور جمالیاتی ذوق کی جیتی جاگتی تصویر تھے۔ قدیمی نوادرات سے مزین میر محمد لاسی کی اسٹال اور دیسی گھی، محمد رحیم موندرہ کے منعقدہ اسٹال جہاں خالص شہد اور روایتی کھانوں کی اشتہا انگیز خوشبوؤں نے ماحول کو معطر کیے رکھا۔ خریداروں کا رش اور بچوں کی چہکاریں اس بات کی گواہی دے رہی تھیں کہ یہ میلہ محض خرید وفروخت کا مرکز نہیں بلکہ اجتماعی خوشیوں کا مظہر ہے۔ بچوں کے لیے جھولے، تفریحی گیمز، انعامی مقابلے، اسپورٹس ایونٹس، جنرل نالج کوئز اور کریئیٹو سرگرمیوں نے نوجوان نسل میں اعتماد اور جوش کی نئی لہر پیدا کی۔ ثقافتی جھلکیوں میں مقامی موسیقی اور لاسی لوک رقص نے محفل کو چار چاند لگا دیے۔ حاضرین دیر تک داد دیتے رہے اور یوں محسوس ہوا جیسے روایت اور جدیدیت ایک ہی اسٹیج پر ہم آہنگ ہو گئی ہوں۔ ہر اسٹال کے پیچھے ایک کہانی تھی کسی ماں کی محنت، کسی نوجوان کا خواب اور کسی ہنرمند کی خودداری، یہ فیسٹیول دراصل لسبیلہ کی اجتماعی امنگوں کا عکس تھا۔ اس شاندار ایونٹ کے پس منظر میں لسبیلہ ویلفیئر ٹرسٹ کی شبانہ روز محنت، وژن اور عوام دوست سوچ کارفرما تھی۔ سابق چیئرمین محمد رمضان جاموٹ اور موجودہ چیئرمین عرفان رمضان جاموٹ کی انتھک کاوشیں، بہترین منصوبہ بندی اور مربوط حکمت عملی قابل صد تحسین ہیں۔ ان کی قیادت میں ٹیم نے یہ ثابت کیا کہ منظم سوچ اور خلوص نیت سے چھوٹے شہر بھی بڑے خواب شرمندہ تعبیر کر سکتے ہیں۔ سیکیورٹی کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ اور اوتھل پولیس کی مثالی کارکردگی نے شرکاء کو اعتماد بخشا، جبکہ مہمانان خصوصی و دیگر مہمانوں نے اپنے تاثرات میں اس ایونٹ کو لسبیلہ کی سماجی تاریخ کا یادگار باب قرار دیا۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ یہ فیسٹیول صرف ایک تقریب نہیں بلکہ اعتماد، حوصلہ افزائی اور معاشی خودمختاری کی جانب عملی قدم ہے بلاشبہ، ''فیسٹیول فار یوتھ اینڈ فیملیز'' نے یہ پیغام دیا کہ ترقی کا راستہ صرف بڑے شہروں تک محدود نہیں۔ اگر قیادت مخلص ہو، نیت صاف ہو اور ٹیم متحد ہو تو وسائل کی کمی بھی رکاوٹ نہیں بنتی۔ اوتھل کی یہ شام ثابت کر گئی کہ لسبیلہ کے لوگ نہ صرف خواب دیکھنا بلکہ حقیقی صورت میں عملی جامعہ پہنانا بھی جانتے ہیں یہ فیسٹیول محض ایک دن کی سرگرمی نہیں بلکہ ترقی، خودمختاری اور روشن مستقبل کا عہد تھا جو یقیناً لسبیلہ کی تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھا جائے گا۔



بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تو بتائیں کب کہاں اور کیسے؟ انہوں نے مزید کہا کہ یا یہ وہ ڈیل ہے جس کا صرف آپ لوگوں کے تصورات اور آپ کو ہی پتہ ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ آپ لوگ خوش قسمت ہیں کہ اس نے بقول آپ کے ڈیل نہیں مانی۔ اگر بانی پی ٹی آئی یہ مبینہ ڈیل قبول کر لیتے تو آپ کو پتہ ہے پھر اس نے تو سیاستدانوں کے پیچھے آنا ہی آنا ہے اور آپ لوگوں کو چھوڑنا بھی نہیں ہے۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ پھر سیاستدانوں نے کہاں جانا یہ مجھے بھی نہیں پتا، کیونکہ کسی اور کے پیچھے نہ بانی جائے گا نہ جا سکتا ہے اور نہ ہی کسی اور میں ہمت اور جرات ہے

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

معیار کے موزوں اور کھیلوں کے سامان کا عطیہ دیا۔ پیراڈائز کے صدر کرنل نواب علی (ریٹائرڈ)، شہزاد احمد، پیراڈائز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور روٹری انٹرنیشنل کے سابق ڈسٹرکٹ گورنر، ڈاکٹر فواد چوہدری، اور ڈاکٹر عائشہ محمود نے اس تقریب میں شرکت کے لیے لاہور سے سفر کیا۔ پیراڈائز ہاکی کلب کے قیم اسلم، مدثر کنارہ، محمد ریحان اور دیگر نمائندوں نے بھی سرگرمی میں حصہ لیا۔ تمام طلباء، اساتذہ اور عملے کو برآمدی معیار کے جرابوں کے تین جوڑے تحفے کے طور پر پیش کیے گئے، جو انٹرلوپ لمیٹڈ نے دل کھول کر عطیہ کیے۔ تقسیم کے بعد دونوں سکولوں میں پولیو آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ انٹرایکٹو سیشنز کے دوران طلباء کو بتایا گیا کہ ہر پولیو مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر کے ہر بچے کو پولیو کے دو قطرے ضرور پلائے جائیں تاکہ مکمل تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ آگاہی سیشن کے بعد دونوں سکولوں میں اپنی کلاسوں میں نمایاں اور بہترین کارکردگی دکھانے والے طلباء کو پولیو کہانی کی کتابیں پیش کی گئیں۔ صحت مند کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور پولیو کے خاتمے کے پیغام کو تقویت دینے کے لیے دونوں سکولوں کے طلباء کو کرکٹ کے بلے اور فٹ بال پیش کیے گئے جن پر "آئیں پولیو ختم کریں" کا لوگو تھا۔ "پاکستان کو خواندہ بنائیں" مہم کے ذریعے بھی بچوں کی حوصلہ افزائی کی گئی، انہیں اپنی تعلیم جاری رکھنے اور ملک کے ذمہ دار اور نتیجہ خیز شہری بننے کی ترغیب دی گئی۔

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے روبرو بدنام زمانہ چھوٹو گینگ کے سربراہ سمیت دیگر ملزمان کی سزاؤں کے خلاف اپیلوں پر سماعت ہوئی۔ جسٹس ملک شہزاد نے ریمارکس دیئے کہ سزائے موت کا مقدمہ دو رکنی بینچ نہیں سن سکتا۔ پراسیکیوٹر رائے اختر حسین نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ یہ مقدمہ مشہور چھوٹو گینگ کا ہے۔ جسٹس شہزاد احمد ملک نے ریمارکس دیئے کہ چھوٹو گینگ تو پنجاب میں بڑا مشہور تھا، ویسے اب تو سی ٹی ڈی نے سب ختم کر دیا ہے اور سی ٹی ڈی والے تو مقدمات لڑنے والے وکیل عمران کو بھی لے گئے ہے۔ وکیل سردار عثمان کھوسہ نے کہا کہ میں بھی چھوٹو گینگ کی طرف سے پیش ہو رہا ہوں تاہم محفوظ ہوں۔ وکیل نے استدعا کی کہ کیس کی اگلی سماعت منگل کے روز کی جائے۔ جسٹس شہزاد احمد ملک نے استفسار کیا کہ منگل کی تاریخ مانگ رہے ہیں استخارہ تو نہیں کر کے آئے ہو؟ وکیل سردار عثمان نے کہا کہ منگل نہیں تو رمضان کی کوئی تاریخ دے دیں، بابرکت مہینہ ہے اسی مہینے ورلڈ کپ جیتا تھا۔ جسٹس عقیل احمد عباسی نے ریمارکس دیئے کہ اس ورلڈ کپ کا ذکر نہ کیا کریں۔ جسٹس ملک شہزاد نے ریمارکس دیئے کہ کچھ لوگوں کو اس ورلڈ کپ کا ذکر ناگوار گزرتا ہے۔ وکیل چھوٹو گینگ نے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی بھی رمضان میں جیتی گئی تھی۔ جسٹس ملک شہزاد نے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ پہلے تو نہیں اٹھائے گئے، ایسا نہ ہو اب کچھ ہو جائے۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 7 اپریل تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

آصف علی زرداری نے متوفیوں کے اہل خانہ کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ آصف علی زرداری نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا اور ان کو بہترین طبی سہولتیں فراہم کرنے کی ہدایات دیں۔ صدر مملکت نے ریسکیو آپریشن کی فوری اور مؤثر انجام دہی کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی ہے۔ آصف زرداری نے کہا کہ صوبائی حکومت واقعے کی انکوائری کر کے ایسے واقعات کے سدباب کی کوشش کرے۔ دوسری جانب وزیراعظم نے کراچی میں عمارت گرنے کے واقعے میں جانی نقصان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کی بلندی درجات کی دعا اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کی۔ وزیراعظم نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا اور ہر ممکن طبی امداد فراہمی کی ہدایت کی۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

منسلک ہونا انکم ٹیکس آرڈیننس کی شق 33 کے تحت بنیادی شرط قرار دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گیسٹ ہاؤسز، میرج ہالز، کلبز، کوریئرز اور کارگو سروسز کو لازمی طور پر ایف بی آر کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا ہوگا، اسی طرح بیوٹی پارلرز، سلمنگ سینٹرز، مساج سینٹرز، ہیئر ٹرانسپلانٹ سینٹرز، پرائیویٹ کلینکس، ڈینٹل کلینکس اور پلاسٹک سرجنز کو بھی کاروبار ٹیکس نظام سے منسلک کرنا ہوگا۔ مزید برآں لیبارٹریز، ڈائیگناسٹک اور ایکسرے سینٹرز، پرائیویٹ ہسپتال، پرائیویٹ کنسلٹنٹس اور دیگر ہیلتھ کیئر سروسز فراہم کرنے والوں کو بھی ایف بی آر سسٹم کا حصہ بننا ہوگا۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ ہیلتھ کلبز، سوئمنگ پولز، فٹنس کلبز اور ملٹی پرپز کلبز بھی ٹیکس نظام سے منسلک کیے جائیں گے، اس ضمن میں کراچی جمخانہ، رائل پام، چناب کلب، اسلام آباد کلب اور لاہور جمخانہ کو بھی رجسٹریشن کا پابند کیا گیا ہے۔ ایف بی آر کے مطابق سی اے فرمز، کاسٹ اینڈ مینجمنٹ سروسز فراہم کرنے والے ادارے، کالجز، ٹریننگ سینٹرز اور یونیورسٹیز کو بھی ٹیکس نظام سے منسلک ہونا ہوگا، منسلک کاروبار پوائنٹ آف سیلز مشین لگانے کے پابند ہوں گے۔ نوٹیفکیشن کے تحت ایف بی آر کو منسلک کاروباروں سے ایک ماہ کی سی سی ٹی وی ویڈیو حاصل کرنے کا اختیار بھی حاصل ہوگا۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ران کیمیکل انڈسٹری کو درپیش مسائل، آئندہ بجٹ اور مجوزہ پیٹرو کیمیکل پالیسی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے معاشی ترقی کے وژن کے مطابق صنعتوں کو مضبوط بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی صنعتیں اس وقت ہائی یوٹیلیٹی کاسٹ، بلند ٹیکسوں اور مہنگے قرضوں جیسے مسائل کا سامنا کر رہی ہیں، تاہم حکومت ان چیلنجز کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر صنعت کی ترقی اور مقامی مینوفیکچرنگ کے فروغ کے لیے جامع حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ قومی صنعتی پالیسی ترقی کی راہ ہموار کرنے کے لیے تیار کی جا رہی ہے، جبکہ صنعتیں اپنا کیس اور تفصیلی تجزیہ پیش کر سکتی ہیں تاکہ آئندہ بجٹ میں بہتر تجاویز شامل کی جا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد منصوبہ بندی کرتی ہے اور تمام فیصلے باہمی اتفاق رائے سے کیے جاتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ انجینئرنگ ڈیولپمنٹ بورڈ متعلقہ صنعتوں سے مشاورت کے بعد پیٹرو کیمیکل پالیسی پیش کرے گا، جبکہ آئندہ بجٹ پاکستان کی صنعتوں اور عوام کے لیے سازگار اور سہولت فراہم کرنے والا ہوگا۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی دن رات محنت کے باعث معاشی صورتحال میں بہتری آ رہی ہے اور حکومت صنعتی شعبے کی بحالی کے لیے پرعزم ہے

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

انجینئرز (ایس ای) اور ضلعی ایگزیکٹو انجینئرز سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران شرکاء کو صوبے میں جاری سپورٹس کمپلیکس منصوبوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی بریفنگ میں منصوبوں کی مجموعی پیش رفت تکمیل کی متوقع مدت درپیش تکنیکی مسائل فنڈز کے اجراء تعمیراتی معیار اور دیگر انتظامی امور پر روشنی ڈالی گئی افسران نے ہرزون میں جاری کام کی رفتار رکاوٹوں اور ان کے حل کے لیے اٹھائے گئے اقدامات سے بھی آگاہ کیا سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں جاری سپورٹس کمپلیکس اہم نوعیت کے حامل منصوبے ہیں جو نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کریں گے انہوں نے ہدایت کی کہ ان منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر ہر صورت مکمل کیا جائے تاکہ صوبے میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ ملے اور نوجوان نسل کو مثبت مواقع میسر آسکیں انہوں نے متعلقہ حکام کو تاکید کی کہ جاری منصوبوں میں درپیش تمام تکنیکی مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے اور کام کی رفتار میں مزید تیزی لائی جائے سیکرٹری نے واضح کیا کہ تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے مزید کہا کہ تمام سپورٹس کمپلیکس منصوبوں کو بروقت اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ صوبے کے نوجوانوں کو جدید اور معیاری کھیلوں کی سہولیات فراہم کی جاسکے

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بحث، معیشت اور طرز حکمرانی سمیت مختلف شعبوں میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ جامعات کے سربراہوں کو لکھے گئے خط میں ایچ ای سی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے کہا کہ اے آئی کی تعلیم محض اضافی سہولت نہیں بلکہ وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے، طلبہ کو ڈیجیٹل خواندگی، اخلاقی ذمہ داری، ڈیٹا پرائیویسی، شفافیت اور سماجی اثرات جیسے پہلوؤں کی عملی سمجھ دینا ناگزیر ہے تاکہ وہ عالمی معیارات کے مطابق مہارتیں حاصل کر سکیں۔ خط میں واضح کیا گیا ہے کہ جامعات یہ کورس بطور اختیاری مضمون، بین الشعبہ جاتی کورس یا پروگرام کے اندر معاون مضمون کے طور پر پیش کر سکتی ہیں، نصاب میں اے آئی کے بنیادی تصورات، مختلف شعبوں میں اطلاق، اخلاقی تقاضے، انصاف اور احتساب کو شامل کرنا لازم ہوگا جب کہ جامعات کو پروگرام کی نوعیت کے مطابق مواد میں تخصیص کی اجازت بھی دی گئی ہے۔ خط میں مزید کہا گیا ہے کہ یہ کورس تعلیمی سیشن خزاں 2026 سے تمام ڈگری پروگرامز میں نافذ کیا جائے گا، اس اقدام کا مقصد پاکستانی طلبہ کو اے آئی سے ہم آہنگ دنیا میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بنانا اور قومی معیشت کو عالمی سطح پر مسابقتی بنانا ہے۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دوران ایک لاکھ 57 ہزار 465 شکایات موصول ہوئیں۔ صرف واٹس ایپ ہیکنگ اور غلط استعمال کی دو ہزار 974 شکایات ملیں، جن پر ایک ہزار 32 انکوائریاں کی گئیں، صرف ایک شخص گرفتار ہو سکا۔ دستاویز کے مطابق پاکستانیوں کے ڈیٹا کے غلط استعمال اور پبلک کرنے میں 35 ویب سائٹس ملوث ہونے کا انکشاف بھی ہوا ہے۔ اس دھندے میں ملوث 52 سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی نشاندہی بھی کی گئی، جعل سازوں کے پاس شہریوں کا ڈیٹا چرانے اور واٹس ایپ ہیکنگ کے نت نئے طریقے سامنے آئے، جعلی کال یا میسج کے ذریعے شہریوں کو واٹس ایپ شیئرنگ کوڈ بھیجا جاتا ہے۔ واٹس ایپ ہیکنگ کے لئے صارف کے ڈپلیکیٹ موبائل سم نکالنے کا طریقہ بھی عام ہو رہا ہے، نوکری یا انعام کا لالچ دے کر فون میں ریموٹ ایکسس سافٹ ویئر انسٹال کروایا جاتا ہے، جعل ساز واٹس ایپ ہیک کرنے کے بعد صارف سے رقم کا تقاضا کرتے ہیں، حساس ڈیٹا چرانے کے علاوہ صارف کے نام سے مالی فراڈ بھی کیے جاتے ہیں۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

علاقوں میں صاف پانی کی فراہمی اور نکاسی آب کے منصوبوں پر پیش رفت رپورٹ پیش کی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ متعدد منصوبے تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو چکے ہیں جبکہ بعض نئے منصوبوں پر بھی کام کا آغاز کیا جا رہا ہے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ ملاقات میں عوامی سہولیات کی بہتری، شفافیت کے فروغ اور محکمانہ کارکردگی میں مزید اضافے سے متعلق مختلف تجاویز پر بھی غور کیا گیا۔ صوبائی وزیر نے اس موقع پر ہدایت کی کہ جاری منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور فنڈز کے مؤثر استعمال کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ عوام کو صاف پانی کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان نے محکمہ پی ایچ ای کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ فیلڈ مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنائیں اور عوامی شکایات کے ازالے کے لیے مربوط حکمت عملی اپنائیں۔ انہوں نے کہا کہ بہتر کارکردگی کے ذریعے ہی عوام کا اعتماد بحال رکھا جا سکتا ہے۔ ملاقات میں چیف انجینئر نارتھ اعظم زرکون اور چیف انجینئر ساؤتھ عبدالمطلب بلوچ بھی موجود تھے، جنہوں نے اپنے اپنے ریجن میں جاری منصوبوں سے متعلق بریفنگ دی اور آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تو اطلاع موصول ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خاندان شدید ذہنی کرب سے گزر رہا ہے اور متعلقہ اداروں سے بیٹے کی بازیابی کے لیے اقدامات کی اپیل کی۔ محمد عمر شاہوانی نے واضح الفاظ میں کہا کہ اگر ان کا بیٹا کسی بھی قسم کی غیر قانونی یا ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث پایا جاتا ہے تو اس کے وہ اور ان کا خاندان ہرگز ذمہ دار نہیں ہوں گے اور نہ ہی ان کا محمد یونس شاہوانی سے کوئی تعلق ہوگا

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نونی یا ریاست مخالف سرگرمیوں سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ان کے مطابق فہرست میں نام شامل ہونے کے بعد انہیں شدید ذہنی اذیت اور سماجی مشکلات کا سامنا ہے۔ شاہ میر نے کہا کہ حکومت جب بھی اور جہاں چاہے وہ پیش ہو کر اپنی صفائی دینے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ان کا نام فوری طور پر بلیک لسٹ سے نکالا جائے تاکہ وہ پرسکون زندگی گزار سکیں

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کرتے ہوئے کہا ہے کہ نو ماہ کا طویل عرصہ گزرنے کے باوجود ملزمان کی گرفتاری عمل میں نہ آنا خضدار انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں کیونکہ اس تاخیر کے باعث بلوچستان کے عوام میں بے چینی اور تشویش کی لہر پائی جاتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ صورتحال انتظامیہ کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ میر نظیر احمد جنگ نے مزید کہا کہ پاکستان سنی تحریک مظلوم کے ساتھ کھڑی ہے اور ظلم و ناانصافی کے خلاف ہر فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ پارٹی انصاف کی فراہمی کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرے گی

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر وفاقی محتسب نے اپنے خطاب کے دوران بتایا کہ سال 2025ء کے دوران ان کے ادارے نے 261,101 شکایات کے فیصلے کئے جو کہ ایک ریکارڈ ہے، جب کہ سال 2024ء کے دوران فیصلوں کی تعداد 223,198 تھی۔ انہوں نے بتایا کہ شکایات اور فیصلوں میں یہ اضافہ ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں علاقائی دفاتر کے قیام، کھلی کچہریوں کے انعقاد، آئی آر ڈی پروگرام اور سرکاری دفاتر کے دوروں جیسے اقدامات کا نتیجہ ہے۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ گزشتہ سال کے دوران وفاقی محتسب کے فیصلوں پر 96.8 فیصد عملدرآمد کی بے مثال شرح حاصل کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو برسوں کے دوران ملک کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے لوگوں تک آسان رسائی اور انہیں بہتر خدمات فراہم کرنے کے لئے متعدد علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز قائم کئے گئے۔ اب یہ ادارہ ملک کے 28 شہروں میں موجود ہے جو عوام الناس کو ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنے میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ وفاقی محتسب نے دونوں ممالک کے محتسب اداروں کے درمیان تجربات اور بہترین طریق کار کے تبادلے پر خصوصی زور دیا۔ اس موقع پر تنزانیہ کے وفد کے سربراہ نے وفاقی محتسب کے ادارے کی نمایاں کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ عوام الناس کو نہایت مفید خدمات فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے وفاقی محتسب کے ادارے اور تنزانیہ کے کمیشن امبڈسمین کے درمیان قریبی پیشہ ورانہ روابط قائم کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ وفد نے دورے کے دوران ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کے دفتر کا بھی دورہ کیا، جسے ادارے کے بارے میں تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی۔

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مت اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے 36 جاں بحق افراد کے ورثاء کو امدادی چیکس پہنچائے گئے، ورثاء کو فی کس 50 لاکھ روپے کے چیک دیئے گئے۔ تونسہ شریف، تلہ گنگ، ستوار اور سکردو سے تعلق رکھنے والے 4 افراد کے لواحقین کو چیکس پہنچا دیئے گئے۔ وزیراعظم نے 11 فروری کو ترلائی امام بارگاہ کے دورے کے موقع پر ہر جاں بحق افراد کے ورثاء کو 50 لاکھ روپے کی امدادی رقم دینے کا اعلان کیا تھا۔ واضح رہے کہ 6 فروری کو نماز جمعہ کے دوران امام بارگاہ میں خودکش دھماکے کے نتیجے میں 36 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے تھے۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ایم ایس ڈاکٹر منصور احمد کھوسہ، ایس پی آفس گنداواہ کے سپرنٹنڈنٹ محمد نیاز لاشاری، ڈاکٹر ظفر احمد آرائیں، بابو عبدالرحیم ساسولی، بابو منظور حسین ساسولی، استاد اللہ بخش رڈ، حاجی مقبول احمد آرائیں، بابو عبدالعزیز ساسولی، پولیس افسر طالب حسین ساسولی، ڈاکٹر برکت حسین رڈ، محمد یعقوب زہری، عبدالرشید ساسولی، صحافی ریاض احمد ساسولی و دیگر معززین معتبرین نے بھی شرکت کی،

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مسائل ہیں، جس کیلئے پولیس کو مکمل پلان بنانا چاہئے تا کہ تاجر برادری اور عوام کو ریلیف مل سکے۔ اس موقع پر ایس ایس پی سکھر اظہر خان مغل نے کہا کہ تاجر برادری ہمیشہ پولیس کے ساتھ تعاون کیا ہے اور رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں بھی مجھے امید ہے کہ تاجر برادری ہمارے شانہ بشانہ ہوگی۔ میری ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ کرائمز کو مکمل کنٹرول کیا جائے، لیکن کرائمز کو زیرو کرنا دنیا کے کسی بھی ملک میں سامنے نہیں آیا ہے، پولیس کا کردار ہمیشہ عوام کو ریلیف دینے پر آگے آگے ہے رمضان المبارک میں ٹریفک جام کیلئے ایک مکمل پلاننگ کی گئی ہے اور شہر میں کرائمز کو کنٹرول کرنے کیلئے آنے جانے کے راستوں پر پولیس کی نفری تعینات کی گئی ہے تا کہ آنے جانے والوں پر مکمل نظر رکھی جائے۔ کچے میں کامیاب آپریشن پر جہاں پولیس کا کردار ہے وہی عوام کی دعائیں بھی ہمارے ساتھ تھیں تمام پولیس اسٹیشنز پر باصلاحیت افسران تعینات کیے گئے ہیں اور روزانہ کی بنیاد پر میں بذات خود ان کی کارکردگی پر نظر رکھتا ہوں پولیس بھی انسان ہے ان سے بھی غلطیاں سرزد ہوتی ہیں۔ ہماری ایک فیصد غلطی کو ننانوے فیصد کارکردگی پر اثر انداز نہ کیا جائے۔ یہ رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ زیرو کرائم سے ہوگا۔ تاجر برادری اور عوام سے اپیل ہے کہ وہ ہمارے ساتھ مکمل طور پر تعاون کریں اور پولیس کی جانب سے دیئے گئے احکامات پر مکمل عملدرآمد کیا جائے۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

علی بوہیو اور جسٹس علی حیدر ادا پر مشتمل بینچ نے کی۔ عدالت نے واضح ہدایت جاری کی کہ آرتھوپیڈک ڈیپارٹمنٹ کے لیے تعمیر کی گئی عمارت میں آئندہ سماعت تک کوئی کام نہ کیا جائے اور نہ ہی اسے ٹراما سینٹر کے طور پر استعمال میں لایا جائے۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر سیکریٹری صحت کو ذاتی حیثیت میں پیش ہو کر تحریری جواب جمع کرانے کا حکم دیا ہے کہ آرتھوپیڈک کے لیے بنائی گئی عمارت کو ٹراما سینٹر میں منتقل کرنے کا فیصلہ کس بنیاد پر کیا گیا۔ ساتھ ہی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) سول اسپتال کو بھی طلب کر لیا گیا ہے۔ درخواست گزار کا مؤقف یہ درخواست پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے رہنما لالا اسد پٹھان کی جانب سے بیرسٹر خان عبدالغفار خان کی معرفت دائر کی گئی تھی۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ آرتھوپیڈک ڈیپارٹمنٹ کے لیے فنڈز مختص کر کے عمارت تعمیر کی گئی، تاہم بعد ازاں اسے ایک خودمختار ادارے کے حوالے کر کے ٹراما سینٹر چلانے کا فیصلہ کیا گیا۔ جسٹس علی حیدر ادا نے ریمارکس دیے کہ اگر فنڈز ایک مخصوص شعبے کے لیے جاری کیے گئے تھے تو پھر وہ عمارت کسی دوسرے ادارے کے حوالے کیوں کی گئی؟ انہوں نے کہا کہ تعمیر مکمل ہونے کے بعد چند ماہ تک عمارت آرتھوپیڈک ڈیپارٹمنٹ کے زیر استعمال رہی، مگر بعد میں اس کا مقصد تبدیل کر دیا گیا۔ بیرسٹر خان عبدالغفار خان نے عدالت کو بتایا کہ درخواست گزار کا مقصد آرتھوپیڈک وارڈ کی بحالی کے ساتھ ساتھ شہر میں جدید ٹراما سینٹر کا قیام بھی ہے، تاہم ایک شعبے کے لیے مختص عمارت کو دوسرے مقصد کے لیے استعمال کرنا قانونی اور انتظامی طور پر درست نہیں۔ سماعت کے دوران یہ اہم انکشاف بھی سامنے آیا کہ اسپتال انتظامیہ کو دسمبر میں خستہ حال وارڈز کی مرمت کے لیے 4 کروڑ 60 لاکھ روپے جاری کیے گئے تھے۔ عدالت کے روبرو بتایا گیا کہ یہ رقم سول اسپتال کے بوسیدہ وارڈز کی مرمت اور بحالی کے لیے مختص تھی۔ سیکریٹری صحت نے تحریری طور پر ایم ایس سول اسپتال سے استفسار کیا ہے کہ جب مذکورہ فنڈز جاری ہو چکے تھے تو پھر وارڈ کی چھت اور پلستر کیسے گر گیا؟ کیا مرمت کا کام سرانجام نہیں دیا گیا؟ انہوں نے اسپتال انتظامیہ سے فنڈز کے استعمال کی تفصیلات طلب کر لی ہیں۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 26 فروری تک ملتوی کرتے ہوئے حکم دیا ہے کہ آئندہ پیشی پر سیکریٹری صحت اور ایم ایس تفصیلی رپورٹ کے ساتھ عدالت میں پیش ہوں۔ قانونی ماہرین کے مطابق اس کیس کا فیصلہ نہ صرف سول اسپتال سکھر بلکہ صوبے بھر میں سرکاری اسپتالوں میں فنڈز کے شفاف استعمال اور شعبہ جاتی اختیارات کے تعین کے حوالے سے ایک اہم نظیر ثابت ہو سکتا ہے۔

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

عام مارکیٹ کی نسبت نہایت مناسب اور کنٹرول شدہ نرخوں پر معیاری اشیائے خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ اس خصوصی بازار میں تازہ و معیاری سبزیاں، پھل، آٹا، چینی، گھی، دالیں، چاول، بیسن، کھجوریں، مشروبات اور روزمرہ استعمال کی دیگر ضروری اشیاء وافر مقدار میں دستیاب ہیں تاکہ شہریوں کو مقدس مہینے میں زیادہ سے زیادہ ریلیف میسر آ سکے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق ستا رمضان بازار کے قیام کا بنیادی مقصد مہنگائی کے ستائے عوام کو حقیقی سہولت فراہم کرنا، ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کا خاتمہ کرنا اور رمضان المبارک کے دوران عام آدمی کی دسترس میں اشیائے ضروریہ کو یقینی بنانا ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے بازار میں اشیا کے معیار، وزن اور قیمتوں کی مسلسل اور مؤثر نگرانی کی جا رہی ہے جبکہ شکایات کے فوری ازالے کے لیے خصوصی اقدامات بھی کیے گئے ہیں۔ شہریوں نے ستا رمضان بازار کے قیام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے ضلعی انتظامیہ کے اس اقدام کو عوام دوست قدم قرار دیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ اس طرح کے اقدامات سے غریب اور متوسط طبقے کو خاطر خواہ ریلیف ملے گا۔ انتظامیہ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اس سہولت سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور کسی بھی شکایت کی صورت میں موقع پر موجود عملے کو آگاہ کریں تاکہ فوری کارروائی عمل میں لائی جا سکے اور رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں عوام کو ہر ممکن آسانی فراہم کی جا سکے۔

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

عہدوں پر تقرریوں کا اعلان کیا۔ اسٹریٹجک پلاننگ کے رکن، کوالٹی اشورنس کے رکن اور ریسرچ، ڈیولپمنٹ و انوویشن کے رکن کی تقرری 2 سال کے لیے کی جائے گی، جس میں توسیع کی گنجائش بھی رکھی گئی ہے، ان تمام عہدوں کے لیے تنخواہ 9 لاکھ 50 ہزار روپے ماہانہ (تمام مراعات سمیت) مقرر کی گئی ہے، جبکہ ہر عہدے کے لیے ایک ایک آسامی مختص ہے۔ اسٹریٹجک پلاننگ اور کوالٹی اشورنس کے ارکان کی تعیناتی اسلام آباد اور پنجاب میں ہوگی جبکہ ریسرچ، ڈیولپمنٹ و انوویشن کے رکن کی تعیناتی کراچی میں کی جائے گی۔ ان عہدوں کے لیے زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 62 سال مقرر ہے۔ ان عہدوں کے لیے امیدوار کے پاس کسی بھی شعبے میں پی ایچ ڈی اور کم از کم 20 سال کا نمایاں تجربہ ہونا لازمی قرار دیا گیا ہے، جبکہ اعلیٰ تعلیمی اداروں یا سرکاری و نجی شعبے میں قیادت، پالیسی سازی، اسٹریٹجک پلاننگ، پروگرام مینجمنٹ اور گورننس کا تجربہ بھی شرط ہے۔ ایچ ای سی نے نیشنل اکیڈمی آف ہائر ایجوکیشن (ناہے) کے لیے منیجنگ ڈائریکٹر کی اسامی کا بھی اعلان کیا ہے۔ یہ عہدہ بھی 2 سالہ معاہدے پر ہوگا، جس کے لیے تنخواہ 9 لاکھ 50 ہزار روپے ماہانہ مقرر کی گئی ہے۔ اس عہدے کے لیے اعلیٰ ڈگری، تعلیمی قیادت، ادارہ جاتی ترقی، انسانی وسائل کی تربیت، گورننس، ڈیجیٹل لرننگ، بین الاقوامی تعاون اور تعلیمی اصلاحات کا وسیع تجربہ رکھنے والے امیدوار اہل ہوں گے۔ اس کے علاوہ اکیڈمکس کے رکن کی ایک مستقل اسامی بھی مشتہر کی گئی ہے، جس کے لیے بی پی ایس 22 اسکیل مقرر ہے۔ اس عہدے کے لیے کم از کم عمر 45 سال اور زیادہ سے زیادہ عمر 55 سال رکھی گئی ہے، جبکہ امیدوار کے پاس پی ایچ ڈی اور کم از کم 22 سال کا تدریسی، تحقیقی یا انتظامی تجربہ ہونا ضروری قرار دیا گیا ہے، اس اسامی کے لیے کوٹہ پنجاب کا ہے۔ ایچ ای سی کے مطابق درخواستیں صرف آن لائن جمع کروائی جا سکتی ہیں اور درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 16 مارچ 2026 مقرر کی گئی ہے، نامکمل یا مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔ ایچ ای سی نے واضح کیا کہ صرف اہل امیدواروں کو انٹرویو کے لیے طلب کیا جائے گا، جبکہ سرکاری ملازمین مناسب چینل کے ذریعے درخواست جمع کرائیں گے۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پرائس لسٹ کی دھجیاں اڑا دیا ہے ضلعی انتظامیہ صرف اشیاء کی ریٹ لسٹ جاری کر کے عوام کو منافع خوروں کی رحم و کرم پر چھوڑ دیتا ہے قصائیوں نے بڑا گوشت 1600 فی کلو گوشت اور چھوٹا گوشت کی قیمت 2200 روپے مقررہ کردی ہے انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر اور انتظامیہ دکانداروں اور قصائیوں کو سرکاری نرخنامہ کے پابند بنایا جائے خود ساختہ قیمتوں کی وجہ سے غریب اشیائے خوردونوش اور گوشت خریدنے سے عاجز ہو چکے ہیں خود ساختہ قیمتوں کی وجہ سے غریب اشیائے خوردونوش اور گوشت خریدنے سے عاجز ہو چکے ہیں انتظامیہ سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کرنے والے منافع خوروں کیخلاف کارروائی کرے انہوں نے کہا کہ پرائس کنٹرول کمیٹیاں اور ضلعی انتظامیہ ریٹ کنٹرول کرنے کی بجائے اپنی جیبوں کی بھرنے کے لیے رشوت وصول کر رہے ہیں ڈپٹی کمشنر خود شہر کا جائزہ لے کر اسسٹنٹ کمشنرز کو پابند کر کے روزانہ کی بنیاد پر سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کرنے والے منافع خوروں کیخلاف عملی کارروائی کرے خود ساختہ قیمتوں کی وجہ سے غریب اشیائے خوردونوش خریدنے سے عاجز ہو چکے ہیں ایک طرف سے حکومت قوم پر مسلسل مہنگائی کا بوجھ لادے جا رہے ہیں دوسری طرف دکانداروں اور قصائیوں کی خود ساختہ ریٹ سے غریب عوام کی کھال اتار رہی ہے

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

انتظامیہ صرف اشیاء کی ریٹ لسٹ جاری کر کے عوام کو منافع خوروں کی رحم و کرم پر چھوڑ دیتا ہے قصائیوں نے بڑا گوشت 1600 فی کلو گوشت اور چھوٹا گوشت کی قیمت 2200 روپے مقررہ کردی ہے انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر اور انتظامیہ دکانداروں اور قصائیوں کو سرکاری نرخنامہ کے پابند بنایا جائے خود ساختہ قیمتوں کی وجہ سے غریب اشیائے خوردونوش اور گوشت خریدنے سے عاجز ہو چکے ہیں خود ساختہ قیمتوں کی وجہ سے غریب اشیائے خوردونوش اور گوشت خریدنے سے عاجز ہو چکے ہیں انتظامیہ سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کرنے والے منافع خوروں کیخلاف کارروائی کرے انہوں نے کہا کہ پرائس کنٹرول کمیٹیاں اور ضلعی انتظامیہ ریٹ کنٹرول کرنے کی بجائے اپنی جیبوں کی بھرنے کے لیے رشوت وصول کر رہے ہیں ڈپٹی کمشنر خود شہر کا جائزہ لے کر اسسٹنٹ کمشنرز کو پابند کر کے روزانہ کی بنیاد پر سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کرنے والے منافع خوروں کیخلاف عملی کارروائی کرے خود ساختہ قیمتوں کی وجہ سے غریب اشیائے خوردونوش خریدنے سے عاجز ہو چکے ہیں ایک طرف سے حکومت قوم پر مسلسل مہنگائی کا بوجھ لادے جا رہے ہیں دوسری طرف دکانداروں اور قصائیوں کی خود ساختہ ریٹ سے غریب عوام کی کھال اتار رہی ہے

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دہانی پر احتجاج ختم کر دیا گیا زخمی ڈرائیور کے مطابق حملہ آور کو پولیس نے خود فرار کروایا جبکہ پولیس نے واقعے کی تحقیقات اور حملہ آور کی گرفتاری کیلئے پورے علاقے کی ناکہ بندی کر دی گئی پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی مین بازار بس اڈہ کے مقام پر کھڑی مسافر کوچ پر اس وقت حملہ کیا گیا جب کوچ سے مسافر اتر رہے تھے پولیس کے مطابق موٹر سائیکل سوار شخص نے کوچ پر پسٹل سے مسلسل فائرنگ کی جس کے نتیجے میں کوچ ڈرائیور اظہر محمود سمیت تین افراد زخمی ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئے پولیس نے زخمیوں کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا ادھر واقعے کے خلاف مشتعل ٹرانسپورٹرز نے شدید احتجاج کرتے ہوئے مین قومی شاہراہ پر گاڑیاں کھڑی کر کے شاہراہ کو ہر ٹریفک کے لیے بند کر دیا جس کے باعث سندھ بلوچستان کے درمیان چلنے ٹریفک معطل ہو گئے اور ہزاروں گاڑیوں کی قطاریں لگ گئی روزہ دار مسافر پھنسے مسافروں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا زخمی کوچ ڈرائیور نے الزام عائد کیا کہ حملہ آور کو پکڑا گیا تھا اور ان سے اسلحہ بھی برآمد کیا گیا مگر ہمارے سامنے پولیس نے حملہ آور کو فرار کروایا ڈی ایس پی سٹی کے مطابق ملزم کی گرفتاری کیلئے پورے علاقے کی ناکہ بندی کر دی گئی پولیس کے اعلیٰ افسر کی یقین دہانی کرانے پر احتجاج ختم کیا گیا بعد ازاں روڈ کو ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رزکو؟ گردوں کے مریضوں کی حیات ہے۔ مفتا قاضی نے اپنے بیان میں کہا کہ ڈاکٹر وقار احمد نیاز مجوبہ روزگار ڈاکٹر ہیں اور وہ گردوں کی صفائی کو روکنے کے حوالے سے دنیا میں معروف ہیں۔ مفتا قاضی نے مخیر لوگوں کی توجہ رحمن فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام گردوں کی صفائی کے مراکز کی جانب مبذول کراتے ہوئے اپنی خیرات زکو؟ درج ذیل اکاؤنٹس میں آن لائن منتقل کرنے کی اپیل کی ہے۔

TitAccount
#AccountFoundatiRehman
IBAN#11370342186
PK73MEZN0011630113703423
LtdBanMeezaNamBank

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پر فرض کر دیئے ہیں اس میں جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور سرکش شیطانوں کو جکڑ دیا جاتا ہے۔ اور اس میں ایک رات ایسی مبارک ہے جو ہزار راتوں سے بہتر ہے جو اس کی برکات سے محروم رہا تو سمجھو کہ وہ نامراد رہا۔ رمضان ایک ایسا پیارا مہینہ ہے جس کے استقبال کے لئے ؟سمان پر بھی تیاریاں ہوتی ہیں اور جنت سجائی جاتی ہے۔ چنانچہ ؟نحضرت ؟ فرماتے ہیں کہ ماہ رمضان کے استقبال کے لئے یقیناً سارا سال جنت سجائی جاتی ہے۔ اور جب رمضان ؟تا ہے تو جنت کہتی ہے کہ یا اللہ اس مہینے میں اپنے بندوں کو میرے لئے خاص کر دے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ رمضان کا خاص خیال رکھو کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کا مہینہ ہے جو بڑی برکت والا اور بلند شان والا ہے۔ اس نے تمہارے لئے گیارہ ماہ چھوڑ دیئے ہیں جن میں تم کھاتے ہو اور پیتے ہو اور ہر قسم کی لذات حاصل کرتے ہو مگر اس نے اپنے لئے ایک مہینہ کو خاص کر لیا ہے اس لئے رمضان المبارک میں عبادات کا خاص خیال رکھیں۔ انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ کے میڈیا ڈائریکٹر و کوآرڈینیٹر برائے یورپ اکرام الدین نے اپنے بیان میں کہا کہ ماہ رمضان میں انسانیت کی بھرپور خدمت و مدد کرنے میں کلیدی کردار ادا کریں کیونکہ انسانیت کی خدمت ہی انسان کی اصل کامیابی ہے۔

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مقرر کر کے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا اس موقع پر علاقہ عمائدین نے کہا کہ نازش اسلم ایڈووکیٹ کو ایڈیشنل سیکرٹری وومن ونگ فیصل آباد ڈویژن مقرر ہونے پر مبارک پیش کرتے ہیں اور ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ نازش اسلم ایڈووکیٹ کو ایڈیشنل سیکرٹری وومن ونگ فیصل آباد ڈویژن تقرری بہترین فیصلہ ہے انہوں نے مزید کہا کہ نازش اسلم ایڈووکیٹ نے ہمیشہ خواتین کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے اور کر رہی ہے جو قابل تعریف ہے

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

روں کو پاکستان کی فضائی حدود سے گزرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ یاد رہے کہ پاکستان نے 23 اپریل 2025 سے بھارتی طیاروں کے لیے اپنی فضائی حدود بند کر رکھی ہے۔

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دونوں گواہوں تفتیشی افسران کو آئندہ تاریخ پیش ہونے کا حکم دے دیا۔ عدالت پیشی پر علیمہ خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری معطل جبکہ آئندہ تاریخ ہر صورت عدالت پیش ہونے کا حکم دیا گیا۔ وکیل صفائی کو دونوں آخری گواہان پر جرح مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی، علیمہ خان سمیت تمام 11 ملزمان عدالت میں موجود تھے، علیمہ خان کے گارنٹرز کے جاری شوکاز نوٹس بھی معطل کر دیئے گئے۔

بقیہ 29 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ین سی آئی اے سے جواب طلب کر لیا۔ سماعت کے دوران ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی جانب سے فیصل صدیقی، زینب جنجوعہ و دیگر پیش ہوئے، اس موقع پر فیصل صدیقی ایڈووکیٹ نے موقف اختیار کیا کہ ٹرانسفر کی درخواست ابھی زیر التواء تھی کہ ٹرائل کورٹ نے فیصلہ دے دیا۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ دو گواہوں کا بیان ملزمان کی غیر موجودگی میں ریکارڈ ہوا، فیصل صدیقی کا کہنا تھا کہ عجیب یہ بھی ہوا کہ جب فیصلہ آ چکا تو ٹرائل جج نے اس میں سے ایک پیراگراف ہی نکال دیا، انہوں نے کہا کہ سزا دینی ہے تو دس دفعہ سزا دیں لیکن ٹرائل تو کریں۔ دوران سماعت جسٹس محمد آصف نے ریمارکس دیئے کہ نوٹس کر رہے ہیں، پیپر بکس آ جائیں۔ اس پر فیصل صدیقی نے استدعا کی کہ سزا معطلی درخواست پر تاریخ قریب کی دے دی جائے، انہوں نے کہا کہ وہ کراچی سے آتے ہیں اس لیے جب وہ یہاں آئیں تو اسی دن کی تاریخ مقرر کی جائے۔ جسٹس محمد آصف نے استفسار کیا کہ آپ کب آئیں گے؟ جس پر فیصل صدیقی ایڈووکیٹ نے کہا کہ پیر یا منگل کی تاریخ رکھ لی جائے۔ جسٹس محمد آصف نے کہا کہ آپ کو تاریخ مل جائے گی۔ بعد ازاں عدالت نے نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت ملتوی کر دی۔ دوسری جانب انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کیخلاف پولیس کیساتھ لڑائی جھگڑے اور احتجاج کے کیس کی سماعت ہوئی، جس میں عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی کی ضمانتیں منظور کر لیں۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی، جس میں عدالت نے 10، 10 ہزار روپے کے مچلکوں کی عوض ضمانت بعد از گرفتاری منظور کی۔ دوران سماعت ایمان مزاری اور ہادی علی کی جانب سے ریاست علی آزاد نے دلائل دیے اور موقف اختیار کیا کہ یہ بے بنیاد مقدمہ بنایا گیا اور اچانک سے سامنے آ گیا۔ میں خود اس مقدمے میں ملزم ہوں مگر ہمیں پتا ہی نہیں تھا یہ ایف آئی آر ہے۔ یہ ایک من گھڑت اور بے بنیاد واقعہ پر ایف آئی آر کاٹی گئی جس کا وجود ہی نہیں ہے۔ بعد ازاں عدالت نے فریقین کے دلائل مکمل ہونے پر ضمانت کی درخواستوں پر فیصلہ سنا دیا۔ واضح رہے کہ ایمان مزاری اور ہادی علی کیخلاف تھانہ سیکرٹریٹ میں مقدمہ درج ہے۔

بقیہ 30 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے صدور و جنرل سیکریٹریز اور معزز تاجروں نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ ق مرکزی نائب صدر صفدر خان باقی نے انجمن تاجران کی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بابرکت مہینہ رمضان المبارک قریب آ چکا ہے، جس کے پیش نظر خیبر پختونخوا بالخصوص شہر اقتدار پشاور کے تمام تاجر اور دکاندار عوام کو معیاری، خالص اور غیر ملاوٹ سے پاک اشیائے خورد و نوش فراہم کریں اور ناپ تول میں مکمل دیانتداری کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے زور دیا کہ رمضان المبارک میں سبزیاں، گوشت، مچھلی، مرغی، دودھ، دہی اور دیگر کھانے پینے کی اشیاء مناسب اور سستے داموں فروخت کی جائیں تاکہ عوام کو حقیقی ریلیف مل سکے۔ مرکزی نائب صدر صفدر خان باقی نے کہا کہ رمضان المبارک رحمت، برکت اور مغفرت کا مہینہ ہے، جس میں ہر نیکی کا اجر کئی گنا بڑھا دیا جاتا ہے۔ تاجر برادری کسی بھی ملک کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے، اور اس مقدس مہینے میں ان کی دیانت داری و ایمانداری اور احساس ذمہ داری معاشرے میں خیر و برکت کا باعث بنتی ہے۔ انہوں نے تاجر برادری کے مثبت کردار اور صلہ رحمی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ ہمیشہ کی طرح عوامی فلاح میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

بقیہ 31 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہونے کے وقت ویٹرنری ہسپتال مسلم باغ کے انچارج یعنی محکمہ لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ ضلع قلعہ سیف اللہ کا نمائندہ وہاں موجود ہوگا اسکی علاوہ شہر میں مختلف بیکرز اور دکانوں پر زائد المیعاد اشیاء کو ضائع کیا دکانداروں کو ہر صورت نرخ نامے پر عمل درآمد کرنا ہوگا اور آخر میں اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں سے اپیل کی کہ رمضان المبارک میں روزہ داروں کا خاص خیال رکھیں

بقیہ 32 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رح پہلے بھی مختلف واقعات میں زخمی ہوئے تھے۔ حکام کا کہنا ہے کہ شدید موسمی حالات کے باعث ہلاک ہونے والے افراد کی لاشیں تاحال برف کے نیچے دبی ہوئی ہیں اور انہیں فوری طور پر نکالنا ممکن نہیں۔ واقعے کے بعد علاقے میں مزید تقریباً 3 فٹ برف پڑ چکی ہے جس سے صورتحال مزید خراب ہو گئی۔ حکام نے خبردار کیا کہ علاقے میں اب بھی برفانی تودہ گرنے کا خطرہ برقرار ہے۔

بقیہ 33 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے نظامت کے فرائض انجام دیے۔ سیشن میں تربت یونیورسٹی کے طلبہ و طالبات، اساتذہ کرام اور انتظامی افسران کے علاوہ جامعہ گوادر، مکران یونیورسٹی اور لسبیلہ یونیورسٹی کی انتظامیہ اور اساتذہ نے بھی اپنی اپنی جامعات سے آن لائن شرکت کی۔ اپنے خطاب میں ڈاکٹر معید وسیم یوسف نے تربت یونیورسٹی سمیت مکران کی جامعات کے اساتذہ اور طلبہ کے علمی معیار، تنقیدی سوچ اور تحقیقی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان، بالخصوص مکران کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے حامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی کا طالب علم ایک عام شہری نہیں ہوتا، کیونکہ وہ اپنی فکر، مہارت اور علم کو آئندہ نسلوں، معاشرے اور سسٹم تک منتقل کرتا ہے، جس سے پورا معاشرہ مستفید ہوتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یونیورسٹیوں کے اساتذہ اور انتظامیہ کا کردار محض تدریس تک محدود نہیں ہونا چاہیے، بلکہ انہیں طلبہ کے لیے رول ماڈل بننا چاہیے۔ اساتذہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ طلبہ کی فکری رہنمائی اس انداز سے کریں کہ وہ اچھائی اور برائی میں فرق کر سکیں۔ انہوں نے زور دیا کہ علم کو معاشرے تک منتقل کرنا، معلومات کو حقیقی علم میں تبدیل کرنا، تنقیدی سوچ کو فروغ دینا اور تحقیق و دریافت پر توجہ دینا یونیورسٹیوں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ تشدد کے ذریعے کوئی معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا۔ ترقی کے لیے صبر، برداشت اور اختلاف رائے کا احترام ناگزیر ہے۔ ان کے مطابق طلبہ مستقبل کے لیڈر ہوتے ہیں اگر وہ تنقیدی سوچ رکھنے والے فرد یا بزنس لیڈر یا سیاسی یا سماجی لیڈر بننا چاہتے ہیں تو ان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے اندر اختلاف رائے کو برداشت کرنے کی صلاحیت پیدا کریں۔ اختلاف رائے ہر فرد کا حق ہے، تاہم اپنی رائے کا دفاع دلیل اور استدلال کے ساتھ کرنا ہی ایک تعلیم یافتہ ذہن کی پہچان ہے۔ رول آف لاء کو نقصان پہنچانا، جذبات میں آ کر توڑ پھوڑ کرنا کسی مہذب اور تعلیم یافتہ معاشرے کی علامت نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریاست اور معاشرے کو ایک دوسرے سے سچ بولنا چاہیے۔ موجودہ ڈیجیٹل دور میں جدید ٹیکنالوجی نے جہاں سہولتیں فراہم کی ہیں، وہیں بعض پیچیدگیاں بھی پیدا کی ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ علم، برداشت اور تنقیدی سوچ کے ذریعے انتہا پسندی، تشدد اور گمراہ کن معلومات کا مؤثر انداز میں تدارک کیا جا سکتا ہے، اور اس ضمن میں یونیورسٹیوں کا کردار نہایت اہم ہے، کیونکہ وہی معاشرے کو باشعور، باخبر اور باصلاحیت نوجوان فراہم کرتی ہیں جو ملکی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرتے ہیں۔ اپنے استقبالیہ خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے مہمان مقرر کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے تربت یونیورسٹی سمیت مکران کی دیگر جامعات کے اساتذہ و طلبہ کے ساتھ اس فکری سیشن میں شرکت کی۔ انہوں نے یونیورسٹی آف تربت اور بیکن ہاؤس نیشنل یونیورسٹی کے مابین تحقیق، اساتذہ و طلبہ کے تبادلہ پروگرام اور باہمی دلچسپی کے شعبہ جات میں تعاون کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا، جس پر ڈاکٹر معید وسیم یوسف نے اتفاق کیا۔ بیکن ہاؤس نیشنل یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے پیشکش کی کہ اگر یونیورسٹی آف تربت کے طلبہ ایک سمسٹر بیکن ہاؤس نیشنل یونیورسٹی میں گزارنا چاہیں تو انہیں خوش آمدید کہا جائے گا اور انہیں ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ اس پر وائس چانسلر ڈاکٹر گل حسن نے ان کا شکریہ ادا کیا۔ سیشن کے اختتام پر سوال و جواب کا سیشن منعقد ہوا، جس میں تربت یونیورسٹی اور دیگر جامعات کے اساتذہ اور طلبہ نے بھرپور شرکت کی۔

بقیہ 34 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

زبانوں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مادری زبان میں لکھنا پڑھنا اور بولنا ہر فرد کی قومی و اخلاقی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ جو قومیں اپنی زبان کو نظر انداز کرتی ہیں وہ اپنی تاریخ، روایات اور تہذیبی شعور سے دور ہو جاتی ہیں مادری زبان ہماری سوچ احساس اور اجتماعی شناخت کی نمائندہ ہوتی ہے اس لیے گھروں تعلیمی اداروں اور سماجی حلقوں میں اس کے استعمال کو فروغ دینا ضروری ہے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ طلباء و نوجوان اپنی مادری زبانوں میں تحریر و تقریر کی صلاحیتوں کو نکھاریں مقامی ادب کا مطالعہ کریں اور ہر پلیٹ فارم پر مثبت انداز میں اپنی زبان کے فروغ کے لیے کردار ادا کریں انہوں نے کہا کہ اپنی زبان سے محبت دراصل اپنی شناخت اور مستقبل سے وابستگی کا اظہار ہے

بقیہ 35 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ل سے خطے میں امن کا خواہاں رہا ہے، پاکستان نے غزہ امن معاہدے پر دستخط اس لیے تو کسی کے کہنے پر نہیں کیے، پاکستان نے یہ دستخط اس لیے کیے ہیں کہ وہ مظلوم فلسطینیوں کو بچانا چاہتا ہے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ بھارت یہ بیانیہ بنا رہا ہے کہ پاکستان شاید فلسطینیوں پر مظالم کا حصہ بننے جا رہا ہے، لیکن ایسا بالکل نہیں ہے، جب تمام مسلم ممالک اس معاہدے کا حصہ ہیں تو ہم نے بھی اس امن میں اپنا حصہ ڈالنے کا سوچا ہے۔ کامران ٹیسوری نے مزید کہا کہ ہم بھارت کے سامنے سر نہیں جھکائیں گے، آج تک جو پاکستان میں ترقی نہیں ہوئی اس میں سب سے بڑی رکاوٹ نریندر مودی ہے، وہ آپ کی جڑوں میں بیٹھ کر بھائیوں کو بھائیوں سے لڑوا رہا ہے، اس کے پاس بے دریغ پیسہ ہے، مودی پاکستان کو پیروں پر کھڑا ہوتا نہیں دیکھ سکتا۔

بقیہ 36 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کرتی ہیں۔ سمندری ممالیہ کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیر بحری امور نے خبردار کیا کہ ڈولفن اور وہیل کو اوور فشنگ، بائی کیچ، جہازوں کے شور، آلودگی اور ان کے مسکن کی تباہی جیسے بڑھتے خطرات لاحق ہیں تاہم یہ مخلوقات بحیرہ؟ عرب کے ماحولیاتی توازن کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ عالمی سطح پر تجارتی وہیلنگ پر 1986ء میں پابندی کے بعد اس دن کا مقصد وہیل، ڈولفن اور دیگر سمندری ممالیہ کو آلودگی، ماہی گیری کے جال اور مسکن کی تباہی سے بچانے کی ضرورت کو اجاگر کرنا ہے۔ پاکستان کے سمندری پانیوں میں اب تک وہیل اور ڈولفن کی 27 اقسام ریکارڈ ہو چکی ہیں۔ وزیر بحری امور نے بلوچستان کے ساحل خصوصاً گوادر کے قریب نایاب عریبین سی ہمپ بیک وہیل کی حالیہ ویڈیو کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایک ماہی گیر کی جانب سے بیک وقت چھ وہیل کی اچھلتی ہوئی مناظر کی ریکارڈنگ ان کی آبادی میں بہتری کی علامت ہے۔ اسی طرح گوادر کے ایسٹ بے میں برائیڈز وہیل کے گروہ اور نومبر 2025 میں ویسٹ بے میں بالغوز ڈولفن کے بڑے غول کی موجودگی ساحلی حیاتیاتی تنوع کی عکاس ہے۔ انہوں نے انڈس ڈیلٹا، چرنا آئی لینڈ، اورماڑہ اور استولا آئی لینڈ کو سمندری ممالیہ کے اہم مسکن قرار دیتے ہوئے ماہی گیروں کی جانب سے سمندری حیات کی نشاندہی اور رپورٹنگ کو قابل ستائش قرار دیا۔ محمد جنید انوار چوہدری نے عوام سے پلاسٹک کے استعمال میں کمی، ساحلی صفائی مہمات میں شرکت اور سمندری تحفظ سے متعلق آگاہی بڑھانے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ پائیدار طرز عمل اپنانے سے نہ صرف سمندری ماحولیاتی نظام محفوظ ہوگا بلکہ پاکستان کی بلیو اکانومی کو بھی فروغ ملے گا۔

بقیہ 37 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

استحکام، تجارتی تعلقات کے فروغ اور عوامی سطح پر روابط بڑھانے سمیت اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مصباح کھر، جو انٹر پارلیمنٹری اسپیکرز کانفرنس (آئی ایس سی) کی سیکرٹری بھی ہیں نے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کے حالیہ غیر ملکی دوروں اور خصوصاً متحدہ عرب امارات میں ہونے والی اہم ملاقاتوں سے سفیر کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ انہوں نے پارلیمانی سفارتکاری کے فروغ اور دونوں برادر ممالک کے درمیان اسٹریٹجک تعاون کو وسعت دینے میں ان روابط کی اہمیت پر زور دیا۔ متحدہ عرب امارات کے سفیر نے پاکستان میں حالیہ انٹر پارلیمنٹری اسپیکرز کانفرنس کے کامیاب انعقاد پر مسز مصباح کھر کو مبارکباد دی اور چیئرمین سینیٹ کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے پارلیمانی قیادت کے مابین مکالمے اور ادارہ جاتی روابط کے فروغ کے لیے پاکستان کی کاوشوں کو سراہا۔ مصباح کھر نے سفیر کو آئندہ منعقد ہونے والی انٹر پارلیمنٹری اسپیکرز کانفرنس کی تیاریوں سے بھی آگاہ کیا اور اسے باہمی مفاہمت، قانون سازی میں تعاون اور کثیر الجہتی روابط کے فروغ کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم قرار دیا۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں اطراف نے اس امید کا اظہار کیا کہ پارلیمانی مکالمے اور معاشی تعاون میں مزید وسعت سے پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے تعلقات مزید مضبوط ہوں گے اور آئندہ برسوں میں شراکت داری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔

بقیہ 38 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رو دیگر تجارتی مراکز میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ تاجروں کو بلا خوف و خطر کاروبار جاری رکھنے میں مدد مل سکے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ تاجروں کے مسائل کے فوری حل کے لیے مشترکہ اجلاس بلایا جائے اور عملی اقدامات اٹھائے جائیں۔ آخر میں انہوں نے تاجر برادری کو یقین دلایا کہ تاجر اتحاد بلوچستان ہر فورم پر ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے آواز بلند کرتا رہے گا

بقیہ 39 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پاکستان اور امریکا کے درمیان مفاہمت کی یادداشت کا معاہدہ (ایم او یو) طے پا گیا ہے۔ وفاقی وزارت خزانہ کے مطابق امریکی جنرل سروسز ایڈمنسٹریشن (جی ایس اے) کے ساتھ ہوٹل کی آپریشن، دیکھ بھال، تزئین و آرائش اور ممکنہ ری ڈیولپمنٹ کے امور پر اشتراک عمل طے پایا ہے اور یہ پیش رفت امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی قیادت میں تعینات خصوصی ایلچی سٹیو وٹکوف کی نگرانی میں مذاکرات کے بعد ممکن ہوئی۔ بیان میں کہا گیا کہ دونوں حکومتوں نے اس شراکت داری کو عملی شکل دینے کے لیے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط بھی کر دیے ہیں، امریکا کی جانب سے یہ دستاویز جی ایس اے کے ایڈمنسٹریٹر ایڈورڈ سی فورسٹ نے جبکہ پاکستان کی جانب سے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے دستخط کیے۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف اور امریکا کے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف بھی موجود تھے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت تکنیکی، تجارتی اور معاشی پہلوؤں کا مشترکہ اور مقررہ مدت میں جائزہ لینے کے لیے ایک منظم فریم ورک قائم کیا گیا ہے، جس کا مقصد شفاف، منضبط اور باہمی مفاد پر مبنی پیش رفت کو یقینی بنانا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ مین ہیٹن کے اہم علاقے میں واقع روزویلٹ ہوٹل کی اسٹریٹجک اہمیت اور نیویارک کے پیچیدہ زوننگ اور بلدیاتی قوانین کے پیش نظر ادارہ جاتی ہم آہنگی کے ذریعے عمل درآمد کے خطرات کم کرنے، ریگولیٹری وضاحت بڑھانے اور ممکنہ طور پر زیادہ سے زیادہ مالی فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ وزارت خزانہ نے بتایا کہ اس اقدام کا بنیادی مقصد نجکاری حکمت عملی کے تحت اس قیمتی اثاثے کی بہترین قدر حاصل کرنا اور پاکستان اور امریکا کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم بنانا ہے۔

بقیہ 40 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تیب 20 اور 50 روپے کا اضافہ ہوا ہے اور اب یہ 200 روپے فی کلو میں فروخت ہو رہے ہیں۔ چھوٹا گوشت 2400 سے بڑھ کر 2500 روپے فی کلو فروخت کیا جا رہا ہے۔ مالٹے کی قیمت میں بھی 30 روپے اضافہ ہوا، جس کے بعد فی کلو قیمت 180 روپے تک پہنچ گئی ہے، جبکہ فی درجن مالٹے کی قیمت میں 50 روپے کا اضافہ ہوا ہے اور یہ اب 200 روپے میں دستیاب ہیں۔ دیگر پھلوں میں انار فی کلو 400 روپے اور پپیتا 350 روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ شہریوں نے شدید احتجاج کیا کہ دکاندار سرکاری نرخ نامے کو نظر انداز کرتے ہوئے من مانی کرائے اور قیمتیں بڑھا رہے ہیں، جس سے غریب و متوسط طبقے کی قوت خرید مفلوج ہو گئی ہے۔ ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ اگر حکومت اور انتظامیہ فوری مداخلت نہ کریں تو عام عوام کے لیے روزمرہ ضروریات کی خریداری ایک خواب بن جائے گی۔ شہریوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر سخت اقدامات کیے جائیں، ناجائز منافع خوروں کے خلاف کارروائی ہو اور نرخوں کو کنٹرول کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے جبکہ ضلعی انتظامیہ کی پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے باسمتی سپر چاول کی فی کلو قیمت 300 روپے، سیلا چاول کی 270 روپے فی کلو اور ٹوٹا چاول کی قیمت 150 روپے فی کلو مقرر کی گئی ہے۔ فہرست میں دال چنا کی فی کلو قیمت 270 روپے، دال مونگ 350، دال ماش 450 اور دال مسور 300 روپے فی کلو مقرر کی گئی ہے جبکہ پاکستانی بیسن کا نرخ 300 روپے اور ایرانی بیسن کا 250 روپے فی کلو مقرر کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں چینی کی ہول سیل میں قیمت 152 روپے اور پرچون کی 157 روپے فی کلو مقرر کی گئی ہے۔ مٹن کی فی کلو قیمت 2 ہزار روپے، ہڈی والے بیف کی قیمت 1 ہزار 50 روپے اور بغیر ہڈی والے بیف کی قیمت 1 ہزار 200 روپے طے کی گئی ہے۔ بھینس اور گائے کے تازہ مکس دودھ کی قیمت 200 روپے اور خالص گائے کے دودھ کی قیمت 150 روپے فی لیٹر جبکہ دہی کی فی کلو قیمت 200 روپے طے پائی ہے۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ مرغی کے گوشت، انڈے، پھلوں اور سبزیوں کے نرخ روزانہ کی بنیاد پر طے ہوں گے۔ کوئٹہ کی ضلعی انتظامیہ نے تمام دکانداروں کو پرائس لسٹ نمایاں مقام پر آویزاں کرنے کی ہدایت کی ہے اور خبردار کیا ہے کہ مقررہ نرخ سے زیادہ وصول کرنے والے دکانداروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی

بقیہ 41 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جائے تعیناتی پر ڈیوٹی نہیں کرتے۔ دوسری طرف صرف امتحانات کے لیے بورڈ آفس کی ملی بھگت سے امتحانی ڈیوٹی کرتے ہیں۔ جہاں ایک امتحان میں رشوت اور نقل کی فراہمی پر لاکھوں روپے کماتے ہیں۔ دوسرے اضلاع کے نام پر سفری اور رہائشی مراعات علیحدہ لیتے ہیں۔ کوئٹہ میں ایسے امتحانی ہال ہیں جہاں پر طلباء سے موبائل جمع کرنے کے نام پر فی موبائل 100 روپے لیتے ہیں۔ پورے شہر میں موٹر سائیکل سٹینڈ کی فیس 30 یا 40 روپے لیتے ہیں جبکہ ان امتحانی ہال میں فی موٹر سائیکل 50 روپے لیتے ہیں۔ بورڈ آفس کے کمیشن خور عملہ امتحانات میں اپنی طرح کے کرپٹ عملہ تعینات کرتے ہیں جو نقل کی روک تھام کے نام پر لاکھوں روپے بٹورتے ہیں۔ سفارشی۔ اور لین دین والوں کو مخصوص سینٹرز اور من پسند عملہ ہوتا ہے۔ انہوں نے بورڈ۔ محکمہ تعلیم کے اعلیٰ احکام اور صوبے کے دیگر اہم اداروں بالخصوص صوبائی وزیر اعلیٰ سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ کے میٹرک امتحانی ہال میں جاری کرپشن طلباء کے ساتھ لوٹ مار کا سختی سے نوٹس لیں۔ بورڈ آفس اور امتحانی عملہ کی گٹھ جوڑ سے لوٹ مار کے خلاف فوری کارروائی کریں۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ سے بھی اپیل کی ہے کہ امتحانی سینٹرز میں طلباء سے موبائل اور موٹر سائیکل سٹینڈ کے نام پر طلباء کے جیبوں پر ڈاکہ کے خلاف فوری طور پر کارروائی کریں اور ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی کریں

بقیہ 42 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

چستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) ایکٹ 2015 کے شیڈول III، ترمیم شدہ فنانس ایکٹ 2025 کے تحت ریکروٹنگ ایجنٹس کی جانب سے بیرون ملک روزگار کیلئے بھرتی کی خدمات پر 5 فیصد ٹیکس مقرر ہے۔ تمام متعلقہ سروس پرووائیڈرز پر لازم ہے کہ وہ مقررہ شرح کے مطابق ٹیکس کی ادائیگی یقینی بنائیں اور مقررہ وقت کے اندر اپنی ٹیکس ریٹرنز جمع کرائیں۔ اتھارٹی نے واضح کیا ہے کہ غیر رجسٹرڈ رہنے، ٹیکس واجبات ادا نہ کرنے یا بروقت ریٹرن جمع نہ کرانے کی صورت میں بی ایس ٹی ایس ایکٹ 2015 کے تحت جرمانے اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔ بی آر اے نے ریکروٹنگ ایجنٹس کو ہدایت کی ہے کہ وہ ٹیکس قوانین کی مکمل پیروی کریں تاکہ جرمانوں اور قانونی پیچیدگیوں سے بچا جا سکے۔

بقیہ 43 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ر مہنگا ہو کر 5012 ڈالر کا ہو گیا۔ صرافہ ڈیلرز کے مطابق مقامی مارکیٹ میں فی تولہ سونا 2 روز میں 9 ہزار 200 روپے بڑھ گیا۔ آج پاکستان میں چاندی کی فی تولہ قیمت 358 روپے بڑھ کر 8 ہزار 404 روپے ہو گئی، مقامی سطح پر فی تولہ چاندی کے دام دو روز کے دوران 390 روپے بڑھ گئے۔

بقیہ 44 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پیاس کی شدت کے ذریعے احساس انسانیت سکھاتا ہے اور ضرورت مندوں کی مدد کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں چاہیے کہ ہم اس مقدس مہینے میں اپنے اردگرد موجود مستحق افراد کا خاص خیال رکھیں، ان کی ضروریات پوری کریں اور محبت و اخوت کو فروغ دیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس رمضان المبارک کو پوری امت مسلمہ کے لیے رحمتوں، برکتوں اور مغفرت کا ذریعہ بنائے۔ اللہ رب العزت ہمارے گناہوں کو معاف فرمائے، ہماری عبادات کو قبول فرمائے اور ہمیں حقیقی معنوں میں تقویٰ اختیار کرنے کی توفیق عطا کرے۔ یا اللہ بلوچستان میں امن، استحکام اور خوشحالی عطا فرما، ہمیں باہمی اتحاد و اتفاق نصیب فرما اور ہر قسم کی آزمائشوں سے محفوظ رکھ۔ یا رب العالمین! فلسطین، کشمیر اور دنیا بھر کے مظلوم مسلمانوں کی مدد فرما اور انہیں آسانیاں عطا کر۔

بقیہ 45 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں دشواری کا سامنا ہے اور اس سے مارکیٹ شیئر اور زرمبادلہ کو خطرہ لاحق ہے۔ وفد نے آپریشنل رکاوٹوں کو دور کرنے اور سپلائی چین کو ہموار کرنے کے لیے حکومت سے فوری مداخلت کا مطالبہ کیا۔ جام کمال خان نے کہا کہ ہاتھ سے بنے قالین سمیت ویلیو ایڈڈ برآمدات کو فروغ دینا وزارت تجارت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے شعبے کے روزگار کی فراہمی، بالخصوص دیہی علاقوں میں خواتین دستکاروں کی بااختیاری اور پاکستان کی روایتی دستکاری کو محفوظ رکھنے میں اہم کردار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے وفد کو یقین دلایا کہ سپلائی کے مسائل حل کرنے اور برآمد کنندگان کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے فعال اقدامات کیے جائیں گے، خاص طور پر شعبے میں کام کرنے والے چھوٹے اور درمیانے درجے کے اداروں (ایم ایس ایم ایز) پر توجہ مرکوز رہے گی۔ وفاقی وزیر نے سیکٹرل کونسلوں کے ماتحت منظم سیکریٹریٹس قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے پلیٹ فارمز کو ملک کے وسیع تر معاشی اور ترقیاتی فریم ورک کے ساتھ ہم آہنگ کر کے طویل مدتی ترقی اور احتساب کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ جام کمال خان نے پی سی ایم ای اے کے مسائل کو فوری حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ ویلیو ایڈڈ مینوفیکچرنگ کو مضبوط کیا جائے گا، ایم ایس ایم ایز کی حمایت کی جائے گی اور ایک متنوع، مسابقتی، معیاری اور پائیدار برآمداتی معیشت کی تعمیر کی جائے گی اور اس مقصد کے لیے حکومت تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائے گی

بقیہ 46 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

متوقع ہیں۔ ترجمان کے مطابق وزیر خارجہ اسحاق ڈار بھی نیویارک میں موجود ہیں۔ نائب وزیراعظم نے فلسطینی مستقل مندوب اور مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی سے بھی ملاقات کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آسٹریا کے دورے سے قبل نائب وزیراعظم کے سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان السعود اور مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی سے ٹیلیفون رابطے بھی ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے ویانا، آسٹریا کا دورہ بھی کیا جو آسٹرین وفاقی چانسلر کرسچن سٹاکر کی دعوت پر تھا۔ دورے کے اختتام پر مشترکہ اعلامیہ بھی جاری کیا گیا۔ آسٹریا میں وزیراعظم نے انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی کے سربراہ رافیل ماریانو گروسی سے بھی ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ پاکستان غزہ میں صرف امن کے قیام میں کردار ادا کرے گا۔ بورڈ آف پیس سے امیدیں وابستہ ہیں جس سے غزہ کی صورتحال بہتر ہوگی۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کسی گروپ یا تنظیم کے خلاف کسی فیصلے کا حصہ نہیں ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ نائب وزیراعظم نے واضح کیا ہے کہ ہم امن عمل میں شریک ہوں گے تاہم حماس کو غیر مسلح کرنے میں شامل نہیں ہوں گے۔ امید ہے کہ غزہ بورڈ آف پیس غزہ کے عوام کی مشکلات کو کم کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ پروفیسر احسن اقبال نے نئی بنگلہ دیشی حکومت کی تقریب حلف برداری میں شرکت کی۔ رواں ہفتے پاکستان سمیت 8 مسلم ممالک نے اسرائیل کے مغربی کنارے کے الحاق سے متعلق متنازع قانون کی شدید مذمت کی۔ ترجمان نے کہا کہ ہم نے بھارتی شہری تکشیل گپتا کی گرفتاری کی رپورٹس دیکھی ہیں

پی ایچ ای کے جاری منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جائے، عبدالرحمان کھیتران

فنڈز کے مؤثر استعمال کو یقینی بنایا جائے عوام کو صاف پانی کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائیگی

فیلڈ مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنائیں اور عوامی شکایات کے ازالے کیلئے مربوط حکمت عملی اپنائیں، صوبائی وزیر کی ملاقات میں سیکرٹری پی ایچ ای کو ہدایت

کوئٹہ(خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان سے سیکرٹری پی ایچ ای ہاشم علزئی نے ایک اہم ملاقات کی جس میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ ای) سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران سیکرٹری پی ایچ ای نے صوبائی وزیر کو محکمہ کی مجموعی کارکردگی، جاری ترقیاتی منصوبوں اور انتظامی معاملات پر جامع بریفنگ دی۔ سیکرٹری پی ایچ ای کی جانب سے صوبے بھر میں جاری اسکیموں، بالخصوص دیہی و شہری (باقی صفحہ 7 نمبر 10)

ڈیٹا تک غیر مجاز رسائی، واٹس ایپ ہیکنگ کی وارداتوں میں ہوشربا اضافہ

شکایات میں سے 1032 پر انکوائریاں، صرف ایک شخص گرفتار ہو سکا، دستاویز

اسلام آباد(آئی این پی) پاکستان میں ڈیٹا تک غیر مجاز رسائی اور واٹس ایپ ہیکنگ کی وارداتیں بڑھ گئیں۔ ایک سال کے دوران ڈیڑھ لاکھ سے بھی زائد شکایات موصول ہوگئیں۔ این سی سی آئی اے نے ایک ہزار 32 انکوائریاں کیں لیکن گرفتار صرف ایک ہی ملزم کیا جاسکا۔ این سی سی آئی اے کی جانب سے وزارت داخلہ میں جمع کرائی گئی رپورٹ میں بتایا گیا ایک سال کے (باقی صفحہ 7 نمبر 9)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے میر طارق کھیتران اور عبدالفتاح جمالی ملاقات کر رہے ہیں

میرا بیٹا یونس شاہوانی ایک سال سے لاپتہ ہے، محمد عمر شاہوانی

اگر بیٹا کسی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث ہوا تو خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا

مستونگ (یو این اے) کلی غلام مستونگ کے رہائشی محمد عمر شاہوانی نے سراوان پریس کلب مستونگ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اپنے بیٹے محمد یونس شاہوانی کی گمشدگی سے متعلق تفصیلات بیان کیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کا بیٹا محمد یونس شاہوانی تقریباً ایک سال قبل گھر سے نکلا تھا جس کے بعد سے وہ تاحال واپس نہیں آیا اور نہ ہی اس کے بارے میں کوئی مصد (باقی صفحہ 7 نمبر 11)

تربت میں زمیندار کا نام مطلوب افراد کی فہرست میں شامل، 30 لاکھ روپے انعام مقرر

میرا کسی غیر قانونی سرگرمی سے تعلق نہیں، حکومت نام بلیک لسٹ سے نکالے، شاہ میر

تربت (یو این اے) تربت میں بلوچستان کے ضلع کیچ کے علاقے نگور ڈنڈار کے رہائشی شاہ میر ولد محمد بخش ساکن نے تربت پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکار کی جانب سے جاری کردہ انتہائی مطلوب افراد کی فہرست میں غلطی یا غلط فہمی کی بنیاد پر ان کا نام شامل کیا گیا ہے اور ان کے سر کی قیمت 30 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایک زمیندار اور مزدور پیشہ شخص ہیں اور اپنے علاقے میں موجود ہیں، ان کا کسی بھی قسم کی غیر قا (باقی صفحہ 7 نمبر 12)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سول سروسز اکیڈمی بلوچستان سے تربیت مکمل کرنے والے ایکشن آفیسر غلام علی قریشی کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

صنعتوں کو مضبوط بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، ہارون اختر

اسلام آباد(یو این اے) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے پاکستان کیمیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے وفد نے جمعرات کو ملاقات کی جس میں انجینئرنگ ڈیولپمنٹ بورڈ کے سی ای او حماد منصور بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دو (باقی صفحہ 7 نمبر 6)

تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائیگا، بابر خان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کی زیر صدارت صوبے بھر میں جاری سپورٹس کمپلیکس منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں محکمہ مواصلات و تعمیرات کے تمام چھ زونز کے چیف انجینئرز، سپرنٹنڈنگ (باقی صفحہ 7 نمبر 7)

تمام ڈگری پروگرامز میں اے آئی مضمون متعارف کرانے کا فیصلہ

یہ فیصلہ تیزی سے بدلتے ہوئے عالمی تعلیمی اور ٹیکنالوجی منظرنامے کے تناظر میں کیا گیا ہے

اسلام آباد(یو این اے) ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) نے ملک بھر کی سرکاری و نجی جامعات کو ہدایت کی ہے کہ وہ تمام انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ ڈگری پروگرامز میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس (اے آئی) پر مشتمل تین کریڈٹ آورز کا لازمی کورس شامل کریں۔ یہ فیصلہ تیزی سے بدلتے ہوئے عالمی تعلیمی اور ٹیکنالوجی منظرنامے کے تناظر میں کیا گیا ہے جہاں اے آئی تعلیم (باقی صفحہ 7 نمبر 8)

رجسٹرڈ دکانوں کو ایک ہفتے میں ایف بی آر نظام سے منسلک ہونے کی ڈیڈ لائن

ٹیکس نظام سے منسلک ہونا انکم ٹیکس آرڈیننس کی شق 33 کے تحت بنیادی شرط قرار دیا گیا ہے

اسلام آباد(یو این اے) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے رجسٹرڈ دکانوں اور مختلف شعبہ جات سے وابستہ کاروباروں کو ایک ہفتے کے اندر ٹیکس نظام سے منسلک ہونے کی ڈیڈ لائن دے دی۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن کے مطابق پوائنٹ آف سیلز (POS) سے منسلک تمام کاروباروں کو براہ راست ایف بی آر کے مرکزی نظام سے جوڑا جائے گا ٹیکس نظام سے (باقی صفحہ 7 نمبر 5)

رانا صاحب ہوا میں سیاسی تیر نہ چلائیں، فیصل واوڈا

یہ وارداتیں اب پرانی ہوگئیں، رانا ثناء اللہ نے کہا بانی پی ٹی آئی کو دو دفعہ ڈیل آفر کی لیکن وہ نہیں مانے۔ پہلے تو بتائیں کب کہاں اور کیسے؟

اگر بانی پی ٹی آئی یہ ڈیل قبول کرلیتے تو آپ کو پتہ ہے پھر اس نے تو سیاستدانوں کے پیچھے آنا ہی آنا ہے اور آپ لوگوں کو چھوڑنا بھی نہیں ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹر فیصل واوڈا نے وفاقی وزیر رانا ثناءاللہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ رانا صاحب، ہوا میں سیاسی تیر نہ چلائیں ورنہ اڑتے تیر کی کہاوت تو آپ نے سنی ہوگی۔ سیاسی باریک وارداتیں اب پرانی ہوگئی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا کہ میرے دوست رانا ثناءاللہ صاحب! آپ نے کہا بانی پی ٹی آئی کو دو دفعہ ڈیل آفر کی لیکن وہ نہیں مانے۔ پہلے (باقی صفحہ 7 نمبر 1)

سرکاری سکولوں میں برآمدی معیار کے موزے اور کھیلوں کا سامان عطیہ کیا گیا، پیراڈائز

نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلباء کو پولیو کہانی کی کتابیں پیش کی گئیں: ڈاکٹر عائشہ محمود

فیصل آباد(نمائندہ خصوصی سے) پیراڈائز کی جانب سے فیصل آباد کے گاؤں چک 73RB کریانوالہ کے سرکاری سکولوں میں برآمدی معیار کے موزے اور کھیلوں کے سامان کا عظیم پیراڈائز پرومارک سردرز پرائیویٹ لمیٹڈ، اور روٹری کلب آف لاہور گیریژن نے چک 73 RB کریانوالہ، فیصل آباد میں لڑکوں اور لڑکیوں کے دو سرکاری سکولوں میں برآمدی (باقی صفحہ 7 نمبر 2)

سزائے موت کا مقدمہ دو رکنی بینچ نہیں سن سکتا، جسٹس ملک شہزاد کے ریمارکس

اسلام آباد(این این آئی) جسٹس ملک شہزاد نے ریمارکس دیئے ہیں کہ سزائے موت کا مقدمہ دو رکنی بینچ نہیں سن سکتا، چھوٹو گینگ تو پنجاب میں بڑا مشہور تھا، اب تو سی سی ڈی نے سب ختم کر دیا ہے۔ جمعرات کو سپریم کورٹ میں جسٹس ملک شہزاد کی سربراہی میں دو رکنی بینچ (باقی صفحہ 7 نمبر 3)

صدر اور وزیر اعظم کا کراچی میں عمارت گرنے کے واقعے پر اظہار افسوس

اسلام آباد(این این آئی) صدر آصف زرداری اور وزیر اعظم شہباز نے کراچی کے علاقے سولجر بازار میں عمارت گرنے کے واقعے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ریسکیو آپریشن کی فوری اور مؤثر انجام دہی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ اپنے بیان میں صدر مملکت (باقی صفحہ 7 نمبر 4)

غیر رجسٹرڈ ایجنٹس کے خلاف قانونی کارروائی ہوگی، بی آر اے

بیرون ملک بھرتی کرنے والے ایجنٹس بی آر اے میں رجسٹر ہوں

کوئٹہ(خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) نے بیرون ملک روزگار کیلئے افراد اور گروپس کی بھرتی میں مصروف اسٹینڈ الون ریکروٹنگ ایجنٹس کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ فوری طور پر بی آر اے کے ساتھ اپنی رجسٹریشن مکمل کریں اور ہر ٹیکس پیریڈ کی ریٹرن بروقت جمع کرائیں تاکہ قانونی تقاضوں کی مکمل پاسداری یقینی بنائی جاسکے۔ بی آر اے کے مطابق بلو (باقی صفحہ 7 نمبر 42)

بلوچستان بورڈ دیگر اضلاع کے ٹیچرز کو کوئٹہ لاکر انہیں مالی فوائد دیتے ہیں' نذر بڑیچ

کوئٹہ کے امتحانی سینٹرز میں موبائل رکھنے کا کرایہ 100 روپے، موٹرسائیکل سٹینڈ کرایہ 50 روپے زیادتی ہے

کوئٹہ(اے این این) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن بلوچستان کے صدر نذر بڑیچ نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر کو لاوارث شہر قرار دیکر یہاں کے عوام کے ساتھ ہر شعبے میں زیادتی اور ظلم کی انتہا کردی گئی ہے۔ سینکڑوں اساتذہ کو دوسرے اضلاع سے لاکر کوئٹہ میں کھپایا جاتا ہے۔ باہر کے اضلاع میں ان کی جگہ ہرن، بھرتیاں کی جاتی ہے۔ کوئٹہ میں آنے والے اساتذہ پڑھانے کے بجائے صرف امتحانات میں ڈیوٹی دیتے ہیں۔ جو امتحانات میں لاکھوں روپے بٹورتے ہیں۔ (باقی صفحہ 7 نمبر 41)

کوئٹہ مہنگائی کا طوفان، عوام بے بس، سرکاری نرخ نامے ہوا میں اڑ گئے

ضلع انتظامیہ مکمل لاپتہ، مرغی 550، بڑا گوشت 1500، آٹا 20 کلو 3200 چیکو و امرود 200 روپے فی کلو، مالٹے 180 سے 200 روپے تک مہنگے

چاول، گھی اور تیل کی قیمتیں بھی آسمان کو چھونے لگیں مرغی گوشت، انڈے، پھلوں اور سبزیوں کے نرخ روزانہ کی بنیاد پر طے ہوں گے سرکاری نرخ نامہ

کوئٹہ(یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں روزمرہ اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں سرکاری نرخ نامے کے باوجود آسمان کو چھونے لگیں، جس نے عام شہریوں کی زندگی عذاب بنادی ہے ضلع انتظامیہ مکمل غائب ہوگئی۔ یو این اے : نیوز رپورٹ کے مطابق بازاروں میں مرغی فی کلو 540 سے 550، بڑا گوشت 1200 سے 1500، آٹا 20 کلو 2900 سے 3200، کھجور 600 سے 800، چاول فی کلو 400 سے 450 اور پاکستانی گھی و آئل 550 سے 650 روپے میں فروخت ہو رہے ہیں اسی طرح پھلوں میں چیکو اور امرود کی فی کلو قیمت میں بالتر (باقی صفحہ 7 نمبر 40)

شہید سردار کامران جنگ کے قاتل تاحال گرفتار نہ ہوسکے

اوستہ محمد(یو این اے) پاکستان سنی تحریک بلوچستان کے ترجمان اور نوجوان رہنما میر نظیر احمد جنگ نے شہید سردار کامران جنگ کے قاتلوں کی عدم گرفتاری پر شدید تشویش کا اظہار (باقی صفحہ 7 نمبر 13)

تاجروں کے مسائل حل کرنا حکومت کی اولین ترجیح، حاجی سعد اللہ ترین

امن و امان بہتر بنایا جائے تاکہ کاروباری برادری بلاخوف و خطر کام کر سکے، چیئرمین تاجر اتحاد بلوچستان

کوئٹہ(یو این اے) تاجر اتحاد بلوچستان کے چیئرمین حاجی سعد اللہ ترین نے کہا ہے کہ تاجروں کے مسائل کا حل حکومت اور انتظامیہ کی اولین ترجیح ہونا چاہیے۔ انہوں نے کاروباری برادری کو ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کے تحفظ کو یقینی بنانا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں حاجی سعد اللہ ترین نے کہا کہ ہزار گنجی او (باقی صفحہ 7 نمبر 38)

پاکستان اور امریکا کے درمیان روز ویلٹ ہوٹل سے متعلق اقتصادی تعاون کے ایم او یو پر دستخط

واشنگٹن (م ڈ) پاکستان اور امریکہ نے نیویارک میں واقع روز ویلٹ ہوٹل کے حوالے سے ایک اسٹریٹجک اقتصادی تعاون کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے جس کے لیے (باقی صفحہ 7 نمبر 39)

پاکستان اور یو اے ای تعلقات مزید مضبوط ہوں گے، مصباح کھر

آئندہ اسپیکرز کانفرنس باہمی تعاون کا مؤثر پلیٹ فارم ہوگی

اسلام آباد(آئی این پی) چیئرمین سینیٹ کی مشیر مصباح کھر نے اسلام آباد میں متحدہ عرب امارات کے سفیر سالم محمد سالم البواب الزعابی سے ملاقات کی۔ ملاقات کا مقصد پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانا تھا۔ ملاقات کے دوران دوطرفہ تعاون کے فروغ، سرمایہ کاری میں اضافے، پارلیمانی روابط کے (باقی صفحہ 7 نمبر 37)

وفاقی محتسب غریب آدمی کی عدالت کے طور پر سامنے آیا، اعجاز قریشی

ٹیکس محتسب تنزانیہ کے وفد کا وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا دورہ

عوامی شکایات کے جلد ازالے کے باعث وفاقی محتسب غریب آدمی کی عدالت کے طور پر سامنے آیا ہے، اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد (فضل ایوبی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ عوامی شکایات کے جلد از جلد ازالے کی مسلسل کوششوں کے باعث وفاقی محتسب کا ادارہ ایک غریب آدمی کی عدالت کے طور پر سامنے آیا ہے اور اسے عوام الناس کا بھرپور اعتماد حاصل ہوا ہے۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز ٹیکس محتسب سروس تنزانیہ کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ ایرانس ونسنٹ متوئی کی قیادت میں تنزانیہ کے ٹیکس محتسب سروس کے 17 رکنی وفد نے بدھ کو وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا دورہ کیا۔ وفد کو دورہ کے دوران وفاقی محتسب کے کام، طریق کار اور اہم اقدامات کے (باقی صفحہ 7 نمبر 14)

ویلیو ایڈڈ برآمدات کو فروغ دینا اولین ترجیح ہے، جام کمال

ہاتھ سے بنے قالین کی سپلائی کے مسائل حل کرنے اور برآمد کنندگان کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے فعال اقدامات کیے جائیں گے

ایسے پلیٹ فارمز کو ملک کے وسیع تر معاشی اور ترقیاتی فریم ورک کیساتھ ہم آہنگ کر کے طویل مدتی ترقی اور احتساب کو یقینی بنایا جاسکتا ہے

اسلام آباد(یو این اے) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن (پی سی ایم ای اے) کے وفد نے جمعرات کو ملاقات کی۔ ملاقات میں ہاتھ سے بنے قالینوں کی برآمدات کے شعبے کو درپیش چیلنجز اور اس کی سہولت کے لیے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد کی قیادت پیٹرن ان چیف عبداللطیف ملک اور سینئر وائس چیئرمین عثمان اشرف نے کی۔ انہوں نے وفاقی وزیر کو قالین بنانے کے لیے درکار ضروری درمیانی اشیا کی سپلائی میں خلل سے آگاہ کیا جس کی وجہ سے برآمد کنندگان کو بین الاقوامی آرڈرز کی تکمیل (باقی صفحہ 7 نمبر 45)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے خاوزئی کے قبائلی عمائدین انعام اللہ، حاجی قاسم اور حاجی گلزار ملاقات کر رہے ہیں

وزیر بحری امور کا بحیرہ عرب کے سمندری ممالیہ کے تحفظ کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت بحیرہ عرب میں پائے جانے والے سمندری ممالیہ خصوصاً وہیل اور ڈولفن کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے کیونکہ یہ مخلوقات ساحلی ماحولیاتی نظام، بلیو اکانومی اور قومی روزگار میں بنیادی کردار ادا (باقی صفحہ 7 نمبر 36)

ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کی سزا کے خلاف اپیلوں پر جواب طلب

اسلام آباد(یو این اے) اسلام آباد ہائیکورٹ میں متنازع ٹوئٹس کیس میں ایڈووکیٹ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی سزا کے خلاف دائر اپیلوں پر نوٹس جاری کردیے گئے۔ عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی سزا معطلی کی درخواستوں پر بھی نوٹس جاری کرتے ہوئے ا (باقی صفحہ 7 نمبر 29)

26 نومبر احتجاج کیس، علیمہ خان انسداد دہشت گردی عدالت میں پیش ہوگئیں

راولپنڈی(آئی این پی) 26 نومبر احتجاج کیس کی سماعت کے سلسلے میں علیمہ خان انسداد دہشت گردی عدالت پیش ہوئیں، کیس کی سماعت 23 فروری تک ملتوی کردی گئی۔ عدالت کے جج امجد علی شاہ چھٹی پر ہونے کے باعث کوئی کارروائی نہ ہوسکی، عدالت نے آخری د (باقی صفحہ 7 نمبر 28)

پاکستان نے بھارت کیلئے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع کردی

اسلام آباد(آئی این پی) پاکستان نے بھارت کیلئے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع کردی۔ اس سلسلے میں پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے نیا نوٹم جاری کردیا۔ نئے نوٹم کے مطابق بھارتی رجسٹرڈ طیاروں کے لیے پاکستان کی فضائی حدود 23 مارچ تک بند رہے گی۔ بھارت کے تمام رجسٹرڈ ملٹری اور سول طیا (باقی صفحہ 7 نمبر 27)

کسی صورت فلسطین میں ہونیوالے مظالم کا ساتھ نہیں دیں گے، گورنر سندھ

پاکستان نے غزہ امن معاہدے پر دستخط کسی کے کہنے پر نہیں کیے بلکہ مظلوم فلسطینیوں کو بچانا چاہتا ہے

کراچی(آئی این پی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ ہم کسی صورت فلسطین میں ہونے والے مظالم کا ساتھ نہیں دیں گے۔ نمائش چورنگی میں سحری کیلئے موجود افراد سے خطاب کرتے ہوئے گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا کہ ہماری افواج پاکستان نے 10 مئی کو بھارت کو ایسا مزہ چکھایا جو وہ کئی سالوں تک بھول نہیں سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کئی سالو (باقی صفحہ 7 نمبر 35)

مادری زبان میں لکھنا پڑھنا اور بولنا قومی واخلاقی ذمہ داری ہے، جمعیت طلباء اسلام کوئٹہ

جو قومیں اپنی زبان بھول جائیں وہ اپنی تاریخ اور شناخت کھو دیتی ہیں: رہنما جے ٹی آئی

کوئٹہ(پ ر) جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمٰن جنرل سیکرٹری حافظ عابداللہ حنفی سیکرٹری اطلاعات حافظ اکرام اللہ سیکرٹری مالیات حافظ عبدالمنتقم کاکڑ حافظ محمد موسیٰ سعید احمد ربانی نیک محمد ولی قدرت اللہ لودھی شفیع اللہ قاری محمد عثمان نبیل احمد مطیع اللہ فرہاد نعمت اللہ مبشر اور شکیل احمد حافظ انیس الرحمٰن جنگ نے 21 فروری کو منائے جانے والے مادری (باقی صفحہ 7 نمبر 34)

صفدر خان باغی کی رہائش گاہ میں تاجر برادری سے اہم کارنر میٹنگ کا انعقاد کیا گیا

رمضان المبارک رحمت، برکت اور مغفرت کا مہینہ ہے، صفدر خان باغی کی کارنر میٹنگ سے خطاب

پشاور (نمائندہ خصوصی) گلوبل ٹائمز میڈیا یورپ کے مطابق مسلم لیگ (ق) کے مرکزی نائب صدر صفدر خان باغی کی رہائشگاہ میں تاجر برادری سے اہم کارنر میٹنگ، مسلم لیگ (ق) کے مرکزی نائب صدر صفدر خان باغی کی رہائشگاہ میں تاجر برادری کے ساتھ ایک اہم کارنر میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں صدر انجمن تاجران انور خان خلیل، جنرل سیکرٹری عبدالولی خان، مختلف بازاروں (باقی صفحہ 7 نمبر 30)

ترلائی امام بارگاہ حملہ، جاں بحق ہونے والوں کے ورثاء میں امدادی چیک تقسیم

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد میں ترلائی کے علاقے میں 6 فروری کو امام بارگاہ خدیجۃ الکبریٰ پر ہونے والے دہشت گرد حملے میں جاں بحق ہونے والوں کے اہل خانہ کو وزیراعظم کی جانب سے اعلان کردہ امدادی رقوم کے چیکس پیش کر دیے گئے۔ وفاقی دارالحکو (باقی صفحہ 7 نمبر 15)

گنداواہ: ظفر اقبال ساسولی کی جانب سے افطار پارٹی کا اہتمام

گنداواہ (رپورٹ شبیر احمد ساسولی نمائندہ صحافت) افطار پارٹی ساسولی برادری کے سماجی رہنما ظفر اقبال ساسولی کی جانب سے دوستوں اور ساسولی برادری، معزز شخصیات کے اعزاز میں افطار پارٹی کا اہتمام کیا گیا، افطار پارٹی میں ڈی ایچ کیو ہسپتال گنداواہ کے (باقی صفحہ 7 نمبر 16)

معیار، وزن اور قیمتوں کی مسلسل نگرانی جاری ہے، ضلعی انتظامیہ جھل مگسی

گنداواہ (رپورٹ شبیر احمد ساسولی نمائندہ صحافت) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی خصوصی ہدایات اور نگرانی میں ضلعی ہیڈکوارٹر گنداواہ میں ماہ مقدس رمضان المبارک کی بابرکت آمد کے پیش نظر سستا رمضان بازار باقاعدہ طور پر قائم کردیا گیا ہے، جہاں عوام کو (باقی صفحہ 7 نمبر 19)

ہائر ایجوکیشن کمیشن میں اعلیٰ عہدوں پر تقرریوں کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) میں اعلیٰ عہدوں پر تقرریوں کا اعلان کر دیا گیا۔ ایچ ای سی کے نئے چیئرمین ڈاکٹر نیاز احمد نے وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی ہدایت پر اعلیٰ تعلیمی شعبے میں پالیسی سازی، معیار تعلیم، تحقیق اور انتظامی قیادت کو مضبوط بنانے کے لیے مختلف اعلیٰ سطح کے (باقی صفحہ 7 نمبر 20)

رمضان میں ٹریفک جام اور جرائم کے خاتمے کیلئے مؤثر پلان بنایا جائے، حاجی محمد جاوید میمن

تاجر برادری ہمیشہ پولیس کے شانہ بشانہ رہی ہے، اظہر خان مغل

سکھر (رپورٹ اسلم سومرو) سکھر اسمال ٹریڈرز کے صدر حاجی محمد جاوید میمن، سینئر نائب صدر خورشید میرانی، ایڈیشنل جنرل سیکریٹری محبوب صدیقی، فنانس سیکریٹری عبدالباری انصاری نے ایس ایس پی سکھر اظہر خان مغل سے انکی آفس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے موقع پر حاجی محمد جاوید میمن نے کہا کہ رمضان المبارک کے مہینے میں ٹریفک جام اور کرائمز کا بڑھ جانا بڑے (باقی صفحہ 7 نمبر 17)

سول اسپتال سکھر کے آرتھوپیڈک وارڈ کی خستہ حالی پر عدالت برہم

آئینی بینچ نے عمارت میں ٹراما سینٹر کی منتقلی روک دی، سیکریٹری صحت اور ایم ایس طلب

سکھر (رپورٹ اسلم سومرو) سول اسپتال سکھر کے آرتھوپیڈک وارڈ کی خستہ حالی اور اس کے لیے مختص عمارت کو ٹراما سینٹر میں تبدیل کرنے کے خلاف دائر آئینی درخواست پر سماعت کے دوران عدالت نے اہم احکامات جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت تک کسی بھی قسم کے تعمیراتی یا منتقلی کے عمل کو روک دیا ہے۔ درخواست کی سماعت سندھ ہائی کورٹ سکھر کی آئینی بینچ، جسٹس امجد (باقی صفحہ 7 نمبر 18)

منافع خوروں کے خلاف عملی کارروائی کی جائے، صرف ریٹ لسٹ کافی نہیں، جمعیت علماء اسلام نظریاتی کوئٹہ

قصائیوں نے سرکاری نرخنامہ مسترد کردیا، بڑا گوشت 1600 اور چھوٹا 2200 روپے مقرر، رہنما جے یو آئی نظریاتی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، مولانا نیاز محمد، آغا ابراہیم شاہ، مولانا محمد ابراہیم حاجی منہاج الدین و دیگر نے کہا کہ اشیاء کی ریٹ لسٹ جاری کرنے کی بجائے سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کرنے والے منافع خوروں کیخلاف عملی کارروائی کرے ذخیرہ اندوزوں اور منافع خوروں نے (باقی صفحہ 7 نمبر 21)

مسلم باغ، رمضان میں روزہ داروں کا خاص خیال رکھا جائے، دہرج کالرا

باہر سے آنے والے گوشت پر مکمل پابندی ہوگی، صرف مقامی ذبیحہ فروخت ہوگا: دہرج کالرا

مسلم باغ (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر مسلم باغ دہرج کالرا ہمراہ انچارج ویٹرنری ہسپتال مسلم باغ ڈاکٹر محمد یونس مسلم باغ بازار کے وزٹ کیا قصائیوں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ باہر سے آنے والے گوشت پر مکمل پابندی ہوگی گائے بکری کو یہاں مسلم باغ میں ذبح کیا جائے گا پھر تازہ گوشت شہریوں کو فراہم کی جائے گئے قصائیوں کو مدید ہدایت کی کہ گائے ذبح (باقی صفحہ 7 نمبر 31)

کیلیفورنیا میں برفانی تودہ گرنے سے 8 سیاح ہلاک، ایک لاپتہ

شدید موسمی حالات کے باعث ہلاک ہونے والے افراد کی لاشیں تاحال برف کے نیچے دبی ہوئی ہیں، حکام

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی ریاست کیلی فورنیا کے لیک تاہو میں برفانی تودہ گرنے سے 8 سیاح ہلاک اور ایک لاپتہ ہوگیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق نیواڈا کاؤنٹی کے شیرف شانن مون کا کہنا ہے کہ سیاح برفانی تودے کی زد میں آئے تھے، 6 افراد کو ریسکیو کرلیا گیا ہے۔ امریکی حکام نے بتایا کہ شمالی کیلیفورنیا کے سیرا نیواڈا پہاڑوں میں 3 روزہ دورے میں شامل 6 سیا (باقی صفحہ 7 نمبر 32)

تنقیدی سوچ اور علم سے انتہاپسندی ختم کی جا سکتی ہے، ڈاکٹر معید وسیم یوسف

یونیورسٹی کے طلبہ مستقبل کے لیڈر اور معاشرے کا سرمایہ ہیں

کوئٹہ (این این آئی) یونیورسٹی آف تربت نے ڈیجیٹل دور میں جیو اور جینے دو، تنقیدی سوچ اور علم کے ذریعے انتہاپسندی کے خاتمے کے موضوع پر ایک فکری سیشن کی میزبانی کی۔ اس سیشن میں نیشنل یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر معید وسیم یوسف نے ویڈیو لنک کے ذریعے بطور مہمان مقرر خطاب کیا، جبکہ تربت یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن (باقی صفحہ 7 نمبر 33)

نازش اسلم ایڈووکیٹ مسلم لیگ ن کی ایڈیشنل سیکرٹری وومن ونگ فیصل آباد ڈویژن مقرر

نازش اسلم ایڈووکیٹ کو ایڈیشنل سیکرٹری وومن ونگ فیصل آباد ڈویژن تقرری بہترین فیصلہ ہے، علاقہ عمائدین کی میڈیا سے گفتگو



فیصل آباد (نمائندہ خصوصی) گلوبل ٹائمز میڈیا یورپ کے مطابق نازش اسلم ایڈووکیٹ پاکستان مسلم لیگ ن کی ایڈیشنل سیکرٹری وومن ونگ فیصل آباد ڈویژن مقرر تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پاکستان مسلم لیگ ن نے معروف خاتون قانون دان نازش اسلم ایڈووکیٹ کو ایڈیشنل سیکرٹری وومن ونگ فیصل آباد ڈویژن (باقی صفحہ 7 نمبر 26)

رمضان صبر، تقویٰ، ایثار اور بھائی چارے کا مہینہ ہے، ماہ نور شاہ

رمضان المبارک صبر، تقویٰ، ایثار اور بھائی چارے کا مہینہ ہے، جو ہمیں اپنی ذات کی اصلاح اور معاشرے کی بہتری کا درس دیتا ہے

یہ بابرکت مہینہ ہمیں بھوک اور پیاس کی شدت کے ذریعے احساسِ انسانیت سکھاتا ہے



کوئٹہ (پ ر) معروف سماجی کارکن اور انسانی حقوق کی علمبردار ماہ نور شاہ نے ماہ مقدس رمضان المبارک کی آمد پر اہل اسلام کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک صبر، تقویٰ، ایثار اور بھائی چارے کا مہینہ ہے، جو ہمیں اپنی ذات کی اصلاح اور معاشرے کی بہتری کا درس دیتا ہے۔ یہ بابرکت مہینہ ہمیں بھوک اور (باقی صفحہ 7 نمبر 44)

رمضان کا خاص خیال رکھو کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کا مہینہ ہے، اکرام الدین

رمضان ایک ایسا بابرکت مہینہ ہے جس کے استقبال کیلئے آسمان پر بھی تیاریاں ہوتی ہیں، میڈیا کوآرڈینیٹر انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ برائے یورپ

اٹلی (انٹرنیشنل ڈیسک) غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ کے میڈیا ڈائریکٹر و کوآرڈینیٹر برائے یورپ اکرام الدین نے کہا کہ رمضان کا مہینہ مبارک مہینہ ہے جس کے روزے اللہ تعالیٰ نے تم (باقی صفحہ 7 نمبر 25)

عالمی و مقامی سطح پر سونے اور چاندی کی قیمتوں میں بڑا اضافہ

کراچی (یو این اے) مقامی و عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمت میں آج پھر اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ پاکستان صرافہ ایسوسی ایشن کے مطابق ملک میں 24 قیراط فی تولہ سونے کی قیمت 7 ہزار 900 روپے اضافے کے بعد 5 لاکھ 23 ہزار 962 روپے ہوگئی، جبکہ 10 گرام سونا 6 ہزار 773 روپے اضافے کے بعد 4 لاکھ 49 ہزار 212 روپے کا ہوگیا ہے۔ عالمی مارکیٹ میں فی اونس سونا 79 ا(باقی صفحہ 7 نمبر 43)

گردوں کے مریض آپ کی امداد کے منتظر ہیں، مخیر حضرات آگے بڑھیں: منشا قاضی

خیرات، صدقات اور زکوٰۃ ہی گردوں کے مریضوں کی زندگی ہیں: منشا قاضی

لاہور (نمائندہ خصوصی سے) رحمٰن فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر تعلقات عامہ منشا قاضی نے گردوں کے مریضوں کے لیے مخیر حضرات سے اپیل کی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ رحمٰن فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام گردوں کی صفائی کے مراکز میں گردوں کے مریض اپنے بستر علالت سے لے کر آسمان کی نیلگوں وسعتوں تک آپ کی راہ تک رہے ہیں۔ آپ کی خیرات، صدقات عطیات او (باقی صفحہ 7 نمبر 24)

ڈیرہ مراد جمالی بس اڈے میں مسلح شخص نے فائرنگ کرکے ڈرائیور سمیت 3 افراد کو زخمی کردیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی بس اڈے میں مسلح شخص نے فائرنگ کرکے ڈرائیور سمیت 3 افراد کو زخمی کردیا واقعے کے بعد ٹرانسپورٹروں کا شدید احتجاج قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا گیا سندھ اور بلوچستان کو ملانے والی قومی شاہراہ کئی گھنٹوں تک معطل ہزاروں گاڑیوں کی قطاریں لگ گئی ہزاروں مسافر روزے کے ساتھ پھنس کر رہ گئے سخت مشکلات کا سامنا پولیس کی بے بسی کی شدید مذمت اعلی افسران کی یقین (باقی صفحہ 7 نمبر 23)

منافع خوروں نے سرکاری نرخنامے کی دھجیاں اڑا دیں، جمعیت نظریاتی

ضلعی انتظامیہ صرف اشیاء کی ریٹ لسٹ جاری کر کے عوام کو منافع خوروں کی رحم و کرم پر چھوڑ دیتی ہے، نرخنامے کی خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف کارروائی کی جائے

قصائیوں نے بڑا گوشت 1600 فی کلو گوشت اور چھوٹا گوشت کی قیمت 2200 روپے مقررہ کردی ہے، انتظامیہ سرکاری نرخنامے کی پابندی کروائے

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، مولانا نیاز محمد، آغا ابراہیم شاہ، مولانا محمد ابراہیم حاجی منہاج الدین و دیگر نے کہا کہ اشیاء کی ریٹ لسٹ جاری کرنے کی بجائے سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کرنے والے منافع خوروں کیخلاف عملی کارروائی کرے ذخیرہ اندوزوں اور منافع خوروں نے پرائس لسٹ کی دھجیاں اڑا دیا ہے ضلعی (باقی صفحہ 7 نمبر 22)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق نگران صوبائی مشیر میر دانش لانگو ملاقات کے بعد مصافحہ کر رہے ہیں

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی افراد باہم معذوراں کے معاونتی پروگرام "ٹک سپورٹ فنڈ" کی صوبائی کونسل کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں